INTERNATIONAL URDU MONTHLY
KHILAFAT-E-RASHDA
Faisalabad Pakistan.

کلمہ اسلام لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

"اور اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامو اور تفرقہ نہ ڈالو"

ماہنامہ

سپاہِ صحابہؓ کا ترجمان

خلافتِ راشدہ

اگست 1999ء فیصل آباد (پاکستان)

بیاد ، مجدد العصر امیر عزیمت مولانا حق نواز جھنگوی شہیدؒ

بانی : شہید ملت اسلامیہ مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی شہیدؒ

کارگل سے حکومت کی پسپائی واشنگٹن اعلامیہ اسلام کے نظریہ جہاد سے بے وفائی ہے

۲۸ مئی کو یوم تکبیر منانے والے حکمرانوں نے ۴ جولائی کو یوم تذلیل بنا ڈالا

ام المومنین سیدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا
سیرت کی چند جھلکیاں

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم
غیر مسلموں کی نظر میں

جرنیل سپاہِ صحابہؓ حضرت مولانا محمد اعظم طارق
کی باعزت رہائی - حق کی فتح
کارکنوں نے شکرانے کے نوافل ادا کئے اور مٹھائیاں تقسیم کیں
رہائی کے بعد پہلے خطاب سے اقتباسات
تاریخی استقبال، جھنگ میں جشن کا سماں

برطانوی کورٹ آف سیشن کا
سپاہِ صحابہؓ کے حق میں
تاریخ ساز فیصلہ

کھلا خط
وزیر اعظم پاکستان کے نام

اسامہ بن لادن کے خوف سے ۔ امریکہ کی بھوکی نظریں پھر افغانستان پر
بے نظیر بھٹو طالبان کو بے عزت کہنے کی بجائے اپنی عزت گم گشتہ کو تلاش کریں

Scanned with Ca

شہید ملت اسلامیہ علامہ ضیاء الرحمن فاروقی کے گلشن جامعہ عمر فاروق اسلامیہ سمندری کا ترجمان

سہ ماہی

الضیاء

زیر نگرانی
قاری عبد الغفار سلیم
مرکزی محرر
ماہنامہ "خلافت راشدہ"

ربیع الاول تا
جمادی الاول ۱۴۲۰ھ

شائقین علم و ادب کے ذوق سلیم کی تسکین کے سامان سے بھرپور

فی شمارہ =/10 روپے
سالانہ چندہ =/40 روپے

پانچواں شمارہ منظر عام پر آچکا ہے

ایجنسی ہولڈر حضرات فی الفور رابطہ کریں۔

ایک شمارہ منگوانے کیلیے =/12 روپے بھجوائیں

زیر اہتمام
فاروقی شہید اکیڈمی
جامعہ عمر فاروق اسلامیہ
سمندری فیصل آباد

ملنے کا پتہ: اشاعت المعارف ریلوے روڈ فیصل آباد فون: 640024

Scanned with Cam

تلبہ اسلام کی جدوجہد خلافت راشدہ کا نفاذ' ناموس صحابہ کے تحفظ کا علمبردار

ماہنامہ

خلافت راشدہ

بانی:- شہید ملت اسلامیہ علامہ ضیاء الرحمان فاروقیؒ

بیاد

مولانا حق نواز جھنگوی شہیدؒ

مولانا ایثار القاسمی شہیدؒ

جلد نمبر 10 — شمارہ نمبر 8

زیر سرپرستی: علامہ علی شیر حیدری ◇ مولانا محمد اعظم طارق

چیف ایڈیٹر:- انجینئر طاہر محمود

ایڈیٹر:- ابواسامہ صدیقی

سرکولیشن منیجر:- حافظ عبدالغفار

مجلس مشاورت

مولانا ضیاء القاسمی' شیخ حاکم علی' ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں' مولانا عبدالغنی' مولانا مجیب الرحمان انقلابی' مولانا علی اکبر مینگل' مولانا نیاز الرحمان حیدری' مولانا محمد احمد لدھیانوی' مولانا نیاز محمد' عاشق بالحق' مفتی عبدالخالق' ارشد محمود (امریکہ)' مولانا محمد صدیق ہزاروی (دوبئی)' مولانا عبدالحفیظ مکی (سعودی عرب) حافظ عبدالحمید (برطانیہ)' قاری امان اللہ (سعودی عرب)' عبدالرحمان (نیویارک)' قاری عطاء الرحمان فاروقی (سمندری)' مولانا حبیب الرحمان (بنگلہ دیش)' مولانا مسعود الرحمان (چارسدہ)' قاضی طاہر الہاشمی (حویلیاں)' مولانا عبدالغفور ندیم (کراچی)' مولانا عبداللطیف نعمانی (کینیڈا)' مولانا محمد احمد مدنی (کراچی) مولانا یحیی عباسی

مجلس ادارت

مولانا محمد الیاس بالاکوٹی' مولانا ثناء اللہ شجاع آبادی' مولانا حفیظ الرحمان طاہر ایبٹ آباد' مولانا محمود الرشید حدوٹی' حبیب اللہ مجاہد' قاضی محمد اسرائیل گڑنگی

قانونی مشیران

محمد سلیم بٹ ایڈووکیٹ' حافظ احمد بخش ایڈووکیٹ

بدل اشتراک سالانہ

اندرون ملک 144 روپے' متحدہ عرب امارات 100 درہم' امریکہ 150 ڈالر' سعودی عرب 150 ریال' برطانیہ 25 پونڈ' بھارت بنگلہ دیش 200 روپے

آئینہ مضامین

نمبر شمار		صفحہ نمبر
1	اداریہ	3
2	اقتباسات	8
3	استقبال کی جھلکیاں	10
4	برطانوی عدالت کا فیصلہ	11
5	ماہ ربیع الاخر	13
6	سیرت رسول ﷺ اور ہمارا طرز محبت	15
7	صحابہؓ کا عشق رسول ﷺ	17
8	صحابہ کرامؓ غیر مسلموں کی نظر میں	18
9	حضرت سودہ بنت زمعہؓ	21
10	سپاہ صحابہ کا مشن	23
11	وزیر اعظم کے نام کھلا خط	25
12	تربیت کے اہم اصول	27
13	روزنامہ "امت" کے ایڈیٹر کے نام خط	29
14	کارکنوں کے نام کھلا خط	34

ترسیل زر و خط وکتابت کے لئے:- دفتر ماہنامہ "خلافت راشدہ" ریلوے روڈ فیصل آباد فون نمبر 640024

قیمت -/12 روپے

اکاؤنٹ: حافظ عبدالغفار انور 3-776 الائیڈ بنک' ریجنسی پلازہ فیصل آباد

انجینئر طاہر محمود نے اسود پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ "خلافت راشدہ" ریلوے روڈ فیصل آباد سے شائع کیا

Scanned with Car

جرنیل سپاہ صحابہ کی باعزت رہائی حق کی فتح

جرنیل سپاہ صحابہ حضرت مولانا محمد اعظم طارق ۱۸ جنوری ۱۹۹۷ء کو سیشن کورٹ لاہور میں ہونے والے ریموٹ کنٹرول بم دھماکے میں زخموں سے چور چور ہونے کی حالت میں ۲۴ فروری ۱۹۹۷ء کو تمام مقدمات کی ضمانتیں منظور ہو جانے کے بعد رہائی حاصل کر کے جھنگ تشریف لائے اور اپنے زخموں کے علاج میں مصروف ہو گئے۔ مسلم لیگ کی نئی تازہ حکومت کو آپ کی یہ مصروفیت پسند نہ آئی اور ۶ مئی ۱۹۹۷ء کو آپ کو دوبارہ گرفتار کر کے زخمی حالت میں چوہنگ سیلز (لاہور) کے بدنام زمانہ عقوبت خانے میں نظر بند کر دیا۔ جہاں نہ صرف علاج معالجے کی سہولت سے آپ کو محروم رکھا گیا' بلکہ چھ چھ گھنٹے پاؤں پر کھڑا رکھ کر نہایت ظالمانہ طریقے سے تفتیش کی گئی اور آپ کے رستے زخموں پر نمک چھڑکا جاتا رہا۔ جب تین ماہ کی نظر بندی ختم ہوئی تو ۱۹۹۴ء میں جھنگ کے شیخ اقبال قتل کیس میں آپ کی گرفتاری ڈال دی گئی' حالانکہ اس کیس کی تفتیش کافی پہلے مکمل ہو چکی تھی اور آپ اس میں مکمل بے گناہ قرار پائے تھے۔ سپاہ صحابہ کے قائدین نے حکومت کا یہ انتقامی طرز عمل دیکھ کر شیخ اقبال کے ورثاء سے رابطہ کیا' جنہوں نے عدالت میں بیان دیا کہ مولانا اعظم طارق ہمارے ملزم ہی نہیں ہیں۔ یہاں سے حکومت نے پاؤں سے زمین سرکتی محسوس کی تو ۱۹۹۱ء میں آپ کے نائب سرپرست اعلیٰ منتخب ہونے سے پانچ روز بعد جھنگ میں ہونے والے ایک قتل کا بوگس کیس آپ کے کھاتے ڈال کر گرفتاری ڈال دی۔ اسی دوران آپ چیف جسٹس آف سپریم کورٹ سید سجاد علی شاہ کے حکم پر اڈیالہ جیل راولپنڈی بھی منتقل ہو چکے تھے۔ جہاں ایک واضح حکومتی سازش کے تحت آپ پر دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کے الزامات کے تحت یکے بعد دیگرے مختلف مقدمات ڈال کر آپ کو جیل میں رکھنے کا جواز پیدا کیا جاتا رہا۔ تاآنکہ آپ اڈیالہ جیل میں تقریباً ایک سال گزارنے کے بعد اٹک کی بوسیدہ اور سرد ترین جیل میں پہنچا دیئے گئے۔ وہاں بھی آپ کے ساتھ یہی غیر انسانی اور غیر شریفانہ سلوک روا رکھا گیا۔ اور مقدمات پر مقدمات ڈالے جاتے رہے۔ ادھر سپاہ صحابہ نے بھی یکے بعد دیگرے ضمانتیں کروانی شروع کر دیں۔ بالآخر ۸ مارچ ۱۹۹۹ء کو تمام مقدمات میں آپ کی ضمانتیں منظور ہو گئیں' لیکن شریف حکومت کا جوش انتقام ابھی ٹھنڈا نہیں ہوا تھا۔ انہی دنوں سپاہ صحابہ سپریم کونسل کے چیئرمین مولانا محمد ضیاء القاسمی کی قیادت میں سپاہ صحابہ کے ایک وفد نے وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب کے والد گرامی جناب میاں محمد شریف کی دعوت پر ان کی موجودگی میں وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب سے مذاکرات کئے۔ حضرت مولانا محمد ضیاء القاسمی کا وجود سپاہ صحابہ کے لئے نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوا ہے۔ کوئی بھی مشکل گھڑی ہو...... مولانا سپاہ صحابہ کے کام آئے ہیں اور مشکلات کی اتھاہ گہرائیوں سے سپاہ صحابہ کو نکال لائے ہیں۔ بانی سپاہ صحابہ مولانا حق نواز جھنگوی شہیدؒ سے لیکر شہید ملت اسلامیہ علامہ ضیاء الرحمان فاروقی تک۔۔۔۔۔ قائدین ہوں یا اسیر کارکنان سب مولانا ضیاء القاسمی کے ممنون اور احسان مند اس بار مذاکرات کے لئے مولانا اپنی پیرانہ سالی اور کئی قسم کے جسمانی عوارض کے باوجود تشریف لے گئے اور بڑے تفصیلی مذاکرات ہوئے۔ جن کے نتیجہ میں قائد سپاہ صحابہ علامہ علی شیر حیدری دامت برکاتہم کی رہائی عمل میں آئی۔ اور حکمرانوں نے بہت جلد جرنیل سپاہ صحابہ کو رہا کرنے کا عندیہ دیتے ہوئے آپ کو فیصل آباد جیل منتقل کر دیا۔ لیکن پھر وقت بڑی تیزی سے گزرنے لگا کبھی محرم میں امن و امان کے خدشے کو بنیاد بنا کر اور کبھی کسی اور بہانے آپ کو جیل میں رکھا جاتا رہا۔ حتیٰ کہ ۶ جولائی کو جب وزیراعظم پاکستان جناب محمد نواز شریف نے واشنگٹن جا کر امریکی صدر کلنٹن کی خوشنودی کے حصول کے لئے مجاہدین کارگل کی واپسی کے اعلامیے پر دستخط کئے اور موصوف کے اس عمل سے پاکستان میں مایوسی کی فضاء پیدا ہو گئی اور جہادی دینی اور سیاسی جماعتوں نے اس عمل پر اظہار نفرین شروع کیا تو فضا بدلنے لگی، وزیراعظم نے اس خطرے کو بھانپتے ہوئے فوری طور پر ایک نیکی کا کام کرنے کا پروگرام بنایا' جسے سرانجام دے کر وہ بزعم خود دین داروں کے ایک بہت بڑے حلقے کی ہمدردیاں وصول کر سکتے تھے۔۔۔۔۔ اور وہ کام تھا جرنیل سپاہ صحابہ کی رہائی!...... چنانچہ فوری طور پر حکومت کی طرف سے آپ کی رہائی کے آرڈر جاری ہوئے اور ۹ جولائی بروز جمعۃ المبارک آپ کو رہا کر دیا گیا۔ رہائی کے بعد آپ نے کارگل سیکٹر سے مجاہدین کے انخلاء کے موضوع پر اپنے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے برملا طور پر حکومتی اقدام کی مذمت اور مجاہدین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے فرمایا کہ حکومت نے واشنگٹن اعلامیہ پر دستخط کر کے پوری قوم کا سر ندامت سے جھکا دیا ہے۔ اب پاکستان ایٹمی طاقت ہونے کے باوجود بھی بے بس اور افسردہ معلوم ہوتا ہے۔ سپاہ صحابہ کی تمام تر ہمدردیاں مجاہدین کے ساتھ ہیں۔ اس وقت دیگر جہادی تنظیموں کے ساتھ ساتھ سپاہ صحابہ کے ایک سو سے زائد کارکن کارگل کی چوٹیوں پر موجود ہیں جن کے قدم آگے تو بڑھ سکتے ہیں پیچھے نہیں ہٹ سکتے۔

جرنیل سپاہ صحابہ کی رہائی کے وقت سپاہ صحابہ سپریم کونسل کے چیئرمین مولانا محمد ضیاء القاسمی قائم مقام نائب سرپرست اعلیٰ خلیفہ عبدالقیوم'

مرکزی صدر شیخ حاکم علی، مرکزی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں، صوبائی صدر مولانا محمد احمد لدھیانوی، رکن مرکزی مجلس شوریٰ حافظ نصیر احمد آف اسلام آباد سمیت دیگر رہنماؤں اور فیصل آباد کے علماء کرام نے جیل کی ڈیوڑھی میں جرنیل سپاہ صحابہ کا استقبال کیا، جیل سے باہر کارکنوں کا ایک جم غفیر بھی استقبال کے لئے موجود تھا۔ جنہوں نے پرجوش انداس میں آپ کا استقبال کیا۔۔۔۔ رہائی کے فوراً بعد آپ مولانا محمد ضیاء القاسمی کے مکان پر پہنچے، وہاں کھانا کھایا اور نماز ادا کی۔ وہاں سے رخصت ہوکر آپ جھنگ کی طرف روانہ ہوئے تو راستے میں کئی مقامات پر لوگوں کی طرف سے اظہار عقیدت اور جوش و خروش کے عجیب مناظر دیکھنے میں آئے۔ جب آپ ضلع جھنگ کی حدود میں تھانہ موچیوالہ پہنچے، تو کاروں موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کا تاحد نظر پھیلا ہوا ایک بہت بڑا جلوس استقبال کے لئے موجود تھا سخت گرمی کے باوجود ہزاروں انسانوں نے دیدہ و دل فرش راہ کئے ہوئے تھے۔ جھنگ کی شہری حدود سے محلہ حق نواز شہید تک کا فاصلہ چار گھنٹوں میں طے ہوا، شام سات بجے (نماز مغرب کے وقت) آپ مرکز سپاہ صحابہ جامع مسجد حق نواز شہید پہنچے جہاں نماز مغرب کے بعد ہزاروں کے اجتماع سے خطاب فرماتے ہوئے آپ نے واضح کیا کہ میری رہائی حق و صداقت کی فتح ہے۔ میں نے یا میری جماعت نے آج تک حکمرانوں سے رہائی کی بھیک نہیں مانگی، تاہم میں وزیراعظم پاکستان اور وزیراعلیٰ پنجاب اور ان کے والد گرامی میاں محمد شریف کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ سوا دو سال تک انہوں نے اپنے بے تدبیر مشیروں اور بددیانت افسران کی غلط رپورٹوں کی بناء پر مجھے اذیتناک مراحل سے گزار کر بالاخر رہا کرہی دیا۔۔۔۔۔۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے ایمان اور ضمیر کے فیصلے کے مطابق حکومت کے ہر اچھے کام کی تعریف اور ہر غلط کام پر تنقید کروں گا۔ میری لڑائی حکومت سے نہیں دشمنان اصحاب رسول ؐ سے ہے جنہیں زندگی کے کسی موڑ پر معاف نہیں کیا جاسکتا۔ ہمارے نزدیک صحابہ کرام ؓ کے گستاخ کی سزا موت ہے تاہم متحدہ علماء بورڈ کی سفارشات کے مطابق ہم پہلے مرحلے پر ۱۴ سال قید کی سزا کی توثیق کرتے ہیں۔"

جرنیل سپاہ صحابہ کی طویل اسارت کے بعد رہائی میں سپاہ صحابہ سپریم کونسل کے چیئرمین مولانا محمد ضیاء القاسمی، مرکزی صدر شیخ حاکم علی، صوبہ پنجاب کے صدر مولانا محمد احمد لدھیانوی کا بہت بڑا کردار ہے۔ دنیا بھر میں پھیلے ہوئے کارکنان سپاہ صحابہ ان تمام حضرات کی محنت اور کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

جرنیل سپاہ صحابہ کی رہائی پر کارکنوں نے ملک اور بیرون ممالک شکرانے کے نوافل ادا کئے، دیگیں اور مٹھائی تقسیم کی۔ یہ سلسلہ تاہنوز جاری ہے۔

O....☆....C

ہم کوچہ رقیب میں بھی سر کے بل گئے

کارگل سے حکومت کی پسپائی۔ واشنگٹن اعلامیہ اسلام کے نظریہ جہاد سے بے وفائی ہے

۲۸ مئی کو یوم تکبیر منانے والے حکمرانوں نے ۴ جولائی کو یوم تذلیل بناڈالا

۴ جولائی ۱۹۹۹ء کا گرم اور شرابور دن اس حوالے سے اپنی پاکستان کی تاریخ میں ذلت و ندامت کا دن قرار پائے گا کہ اس روز بھاری مینڈیٹ کا طنطنہ اور طرہ سجانے اور ۲۸ مئی ۱۹۹۸ء کو چاغی کے پہاڑوں میں ایٹمی دھماکے کرکے ہنود بھارت اور یہود یورپ کے دلوں کو لرزا دینے والے وزیراعظم پاکستان جناب نواز شریف نے واشنگٹن میں امریکی آبرو باختہ صدر کلنٹن کی چوکھٹ پر سجدہ ریز ہوتے ہوئے، قومی و دینی غیرت و آبرو کو کچلتے اور مسلتے ہوئے کارگل کی چوٹیوں پر بھارت کے چھکے چھڑانے والے مجاہدین سے چوٹیاں خالی کرادینے کے اعلامیے پر دستخط کردیئے اور پھر مجاہدین سے واپسی کی اپیل کرکے گویا یہ تسلیم کرلیا کہ مجاہدین کو کارگل بھیجنے میں بھی انہی کا ہاتھ ہے۔۔۔۔۔۔ اگرچہ مختلف جہادی تنظیموں، حرکت الجہاد حرکت المجاہدین الجہادالاسلامی، حرکت المجاہدین، جمعیت المجاہدین اور لشکر طیبہ نے چوٹیاں خالی کرنے سے انکار کردیا ہے۔۔۔۔۔۔ تاہم یہ حقیقت اپنی جگہ افسوسناک ہے کہ وزیراعظم پاکستان نے ایک ایسے موڑ پر نہ صرف مجاہدین کشمیر بلکہ اسلام اور نظریہ جہاد سے بے وفائی کی ہے جب بھارت مجاہدین کی خارہ شگاف ضربوں کی حدت اور شدت سے بری طرح بوکھلا چکا تھا اور اس کی فوج کا مورال لحہ بلمحہ تیزی سے گر رہا تھا چند روز مزید گزر جاتے تو تحریک آزادی کشمیر کسی بہت بڑی کامیابی سے ہمکنار ہوسکتی تھی اور بھارت سے سقوط مشرقی پاکستان کا بدلہ چکایا جاسکتا تھا لیکن بدقسمتی سے ایسا نہ ہوسکا اور بلے باز وزیراعظم فہم و فراست اور دینی غیرت و حمیت کی پچ پر کلنٹن کے ہاتھوں کیچ آؤٹ ہوگئے۔ پوری قوم کی امیدیں حسرت و یاس میں تبدیل ہوگئیں، اور دین پرست نوجوانوں کا ایک بہت بڑا حلقہ اس بزدلانہ اقدام پر احتجاج کرتا ہوا سڑکوں پر نکل آیا۔

وزیراعظم پاکستان اور ان کے ہر قول و فعل پر داد و تحسین کے ڈونگرے برسانے والے چاپلوس سیاستدان اس بدترین غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ مسئلہ کشمیر کا حل یو۔این۔او جیسے مسلم کش اور اسلام دشمن ادارے کی قراردادوں اور امریکہ سرکار کی واہیات خواہشات کے سامنے گھٹنے ٹیک دینے میں وابستہ ہے جو عرصہ ۵۲ سال سے اہل کشمیر کو حق خودارادیت سے محروم اور خون میں لت پت دیکھ رہے ہیں لیکن انہیں اب تک اس مسئلہ کو حل کرنے کی

Scanned with Car

ہمت نہیں ہو سکی۔ افسوس کہ ہمارے حکمرانوں کی نظروں میں پیغمبر اسلام ﷺ کا یہ فرمان جچتا ہی نہیں کہ "جب تم جہاد چھوڑ دوگے تو اللہ تعالیٰ تم پر ذلت مسلط کردیں گے" ایک مسلمان کی حیثیت سے وزیراعظم کو کوچہ رقیب میں سر کے بل چل کر جانے کی بجائے اسلامی اصولوں کی پاسداری کرتے ہوئے مجاہدین کی یخ بستہ ٹائیگر ہلز پر کفر شکن کاروائیوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے تھی' اور چھوٹے کافر سے مرعوب ہو کر بڑے کافر کو ثالث نہیں ماننا چاہئے تھا' کیونکہ پیغمبر اسلام ﷺ کے فرمان کے مطابق سارا کفر ایک ہی ملت ہے اور سارے کافروں کے مفادات مشترکہ ہیں بالفرض اگر کوئی ایسا اعصاب شکن مرحلہ آ بھی گیا تھا کہ واشنگٹن کی حاضری ضروری بھی ہو گئی تھی تو مذاکرات کی میز پر مجاہدین کو اصل فریق کے طور پر مدعو کرنے کی تجویز پیش کی جاتی اور ان کے موقف کے خلاف کسی سمجھوتے پر دستخط نہ کئے جاتے۔

وزیراعظم کے اس اقدام سے جہاں مجاہدین کی تاریخ ساز جدوجہد کو دھچکا لگا ہے اور پاکستانی قوم انتہائی مایوسی کا شکار ہو گئی ہے وہاں ہمارے مکار دشمن کے حوصلے بڑھے ہیں اور وہ ایک بار پھر پاکستان کے خلاف اپنے جارحانہ عزائم کی تکمیل کی طرف قدم بڑھا رہا ہے۔ کچھ روز قبل عظیم مجاہد اسیر کشمیر سالار حریت کمانڈر سجاد افغانی کی ہندوستانی جیل میں فوجیوں کے ہاتھوں ظالمانہ شہادت اور شیر دل کمانڈر نصر اللہ لنگڑیال کے بازو اور ٹانگیں توڑنے کا بہیمانہ اقدام کنٹرول لائن کی خلاف ورزی' اب بارشوں اور سیلاب کا پانی پاکستان کے دریاؤں میں ڈالنے کی دھمکی اس کا بین ثبوت ہیں۔ اب حکومت کو چاہئے کہ کارگل کی چوٹیوں پر موجود مجاہدین کو واپسی پر مجبور کرنے کی بجائے بھارت کی دھمکی کے مطابق متوقع سیلابی ریلوں سے بچنے کے لئے بروقت اقدام کرے تاکہ غریب عوام کو غرقاب ہونے کے عمل سے محفوظ رکھا جاسکے۔

اسامہ بن لادن کے خوف سے......... امریکہ کی بھوکی نظریں ایک بار پھر افغانستان پر

ملت اسلامیہ کا قابل فخر سپوت اسامہ بن لادن ایک مرتبہ پھر امریکہ حکام کے اعصاب پر سوار ہو گیا ہے اور امریکی حکومت نے اس سے نجات پانے کے لئے کروز میزائلوں سے لیس تین بحری بیڑے گوادر کے ساحل پر پہنچا دیئے ہیں جن سے کسی بھی وقت افغانستان کے ان علاقوں پر میزائل داغے جائیں گے جہاں امریکی معلومات کے مطابق اسامہ بن لادن مقیم ہے۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق افغان امیرالمومنین مولانا محمد عمر مجاہد نے ایک خصوصی اعلامئے کے ذریعے واشگاف الفاظ میں اسامہ بن لادن کو افغان سرزمین میں مکمل تحفظ دینے کا اعلان کیا ہے۔ ان کے بقول اسامہ بن لادن امارت اسلامیہ کے ایک معزز مہمان ہیں اور امریکہ کو یہ حق قطعاً حاصل نہیں کہ وہ اپنی چودھراہٹ کا رعب جماتے ہوئے مسلمانوں سے ان کا مہمان چھیننے کی کوشش کرے۔ امیرالمومنین نے اس افسوسناک امر پر شدید تعجب کا اظہار کیا ہے کہ امریکہ کے ہاتھوں سے ایک مسلمان کو بھی پورے عالم اسلام میں جائے پناہ میسر نہیں اور مسلمان حکمران قرآن کریم کے رہنما اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی بجائے اپنے آپ کو امریکی نظام کے تابع کر رہے ہیں۔ کراچی میں متعین افغان قونصل جنرل نے امریکہ کو خبردار کیا ہے کہ اگر اس نے محض ایک فرد کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی کوشش میں افغانستان پر حملہ کیا تو دنیا بھر میں امریکی مفادات کے اڈوں اور ٹھکانوں پر ایسے خوفناک حملے کئے جائیں گے' جن کا تصور بھی اس وقت امریکہ نہیں کر سکتا۔

امریکہ کے شرانگیز عزائم اگرچہ ڈھکے چھپے نہیں' اور اس نے پاکستان کے مختلف شہروں میں رہائش پذیر امریکیوں کو گھروں میں مقید رہنے اور باہر نہ نکلنے کے ساتھ ساتھ گھروں پر سیکورٹی گارڈ رکھنے کی ہدایت کی ہے' جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ کسی بھی وقت امریکی کروز میزائل پاکستانی سمندر سے چل کر پاکستانی فضاء کا سینہ چیرتے ہوئے افغانستان کے کہساروں پر دغنے شروع ہو جائیں گے۔ جس کے لئے پیش بندی کی جارہی ہے۔

دراصل امریکہ اپنے آپ کو سپرپاور ہونے کے گھمنڈ میں مبتلا رکھ کر ایک ایسی دلدل کی جانب بڑھ رہا ہے جہاں تقریباً ربع صدی قبل اس کی ایک ہم پلہ سپرپاور نے بھی اسی گھمنڈ کا شکار ہو کر قدم رکھے تھے اور بہت جلد ہی اسے اپنی غلطی کا احساس ہوا تو اس نے واپس نکلنے کے لئے ہاتھ پاؤں مارنے شروع کئے لیکن اس کوشش میں اسے تقریباً تیرہ برس لگ گئے اور بصد ذلت و خواری جب وہ سپرپاور افغانستان سے باہر نکلی' تو اس کا سارا وجود گل سڑ چکا تھا اپنے ہی ساتھ لائے ہوئے اسلحہ کے ذخائر نے اس کے اعصاب کو شل کر ڈالا تھا۔ پھر دنیا نے دیکھا کہ وہ سپرپاور اپنے وجود کو بھی برقرار نہ رکھ سکی اور اس کے حصے بخرے الگ ہو کر دنیا کے لئے داستان عبرت بن گئے۔

آج امریکہ وہی عزائم لے کر افغانستان کی طرف بڑھنا چاہتا ہے تو اسے نوشتہ دیوار پہلے سے پڑھ لینا چاہئے پاکستان میں حرکت الانصار یا حرکت المجاہدین کو دہشت گرد قرار دے کر ان کے ممکنہ حملوں سے امریکیوں کو بچنے کے لئے حفاظتی اقدامات کی ہدایت سے من مانی کاروائی کرنے کے لئے اگر اس کا راستہ صاف ہو بھی گیا' تو اس کا رد عمل اتنا شدید ہوگا کہ امریکہ کو اس کا اندازہ نہیں۔ حرکت الانصار' حرکت المجاہدین اور حرکت الجہاد الاسلامی اسے قدم قدم پر نظر آئیں گی اور نہ صرف نظر آئیں گی بلکہ جانباز مجاہدین گوادر کے سمندر اور افغانستان کے پہاڑوں کو امریکیوں کی لاشوں سے اٹ دیں گے۔

ہم حکومت پاکستان کو خبردار کرنا چاہتے ہیں کہ وہ افغانستان پر حملہ کرنے کے لئے امریکہ کو اپنی سمندری یا زمینی اور فضائی حدود استعمال کرنے ●

Scanned with Car

کی اجازت ہرگز نہ دے ورنہ بھیانک نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔

طالبان کو بے عزت کہنے کی بجائے اپنی عزت گم گشتہ کو تلاش کیجئے!

۲۳ جولائی کے روزنامہ پاکستان میں سابقہ وزیراعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو کا ایک بیان شائع ہوا ہے جس میں محترمہ نے یوں گلفشانی کی ہے۔ "قوم فیصلہ کرے، طالبان کی طرح بے عزت ہونا ہے، یا دنیا کے ساتھ رہنا ہے۔"

محترمہ کا یہ بیان اگرچہ خلاف توقع نہیں، لیکن باعث حیرت ضرور ہے۔ خلاف توقع اس لئے نہیں کہ موجودہ جمہوری نظام میں "میدان سیاست" ایک ایسا میدان ہے، جس کے شہسواروں کے لئے "عزت" اور "بے عزتی" برابر ہوکر رہ جاتے ہیں، سیاستدان ترقی کی منازل طے کرتا ہوا وزارت عظمیٰ کے منصب پر پہنچ جائے تو قوم کی دولت کو شیرمادر سمجھ لیتا ہے۔ ضمیر کو موت کی نیند سلا کر کرپشن کے نئے نئے طریقے وضع کرنے اور کرپشن کے سابقہ تمام ریکارڈ توڑ دینے میں کوئی باک محسوس نہیں کرتا۔ دنیا کا ہر برے سے برا کام اس کے لئے جائز ہوجاتا ہے لیکن جب یہی سیاستدان خدا کی گرفت میں آتا ہے تو مجسمہ عبرت بن کر رہ جاتا ہے۔

ملک و ملت کے ساتھ لٹیروں اور قذاقوں کا سا سلوک کرنے والے کئی سیاستدان اپنی جیتی جاگتی آنکھوں سے اپنی ذلت و رسوائی کے نت نئے تماشے دیکھنے کے باوجود بھی دانستہ غلط فہمیوں۔۔۔۔۔۔یا فرضی خوش فہمیوں میں مبتلا ہوجاتے اور پھرانہی بھول بھلیوں میں وقت گزار دیتے ہیں اور قانون قدرت کے تحت ہدایت صرف اسے ہی مل سکتی ہے جس کے دل میں سچی خواہش ہو۔

محترمہ بے نظیر بھٹو خوش فہمیوں کے خول سے باہر نکل کر غیور و جسور افغان اسلامی طالبان کو بے عزت کہنے کی بجائے اپنے ہی دل و دامن پر تنقیدی نظر ڈال کر دیکھیں تو دونوں تار تار نظر آئیں گے، اور انہیں اندازہ ہوجائے گا کہ آکسفورڈ کی ڈگریاں، ہزاروں ایکڑ موروثی جاگیریں، کروڑوں ڈالر کی سرمایہ کاری، سرے محل جیسے پر آسائش رہائشی منصوبے، دو مرتبہ کی وزارت عظمیٰ۔۔۔۔۔اور اس دوران ملکی خزانے کی بیش بہا لوٹی ہوئی رقوم انہیں آرام و آسائش تو کیا فراہم کرتیں۔۔۔۔۔انہیں اور ان کے سرتاج کو عزت بھی فراہم نہ کرسکیں۔ جس عورت کا باپ سولی پر جھلایا گیا ہو، جس کی ماں فاترالعقل ہوکر انسانوں کے سامنے آنے کے قابل نہ رہی ہو جس کا ایک کرنل بھائی اپنے وطن سے ہزاروں کوس دور عبرتناک موت مرا ہو، اور دوسرا بھائی اس کے اپنے دور حکومت میں بے موت مارا گیا ہو۔ جس کا خاوند لوٹ کھسوٹ کے جرائم میں ملوث ہوکر جیلوں میں ذلت کی زندگی گزار رہا ہو اور خود اسے گرفتاری کے ڈر سے وطن میں داخلے کی ہمت نہ ہوتی ہو۔۔۔۔۔۔وہ عورت۔۔۔۔۔جی ہاں! وہی عورت کتنی ڈھٹائی سے خوددار اور باوقار طالبان کو بے عزت کہہ رہی ہے، جنہوں نے غربت و افلاس کے باوجود امریکہ جیسی سپرپاور کو جوتے کی نوک پر رکھا ہوا ہے۔

یا اللہ مدد

ہم فخر سپاہ صحابہ، پیکر جرات واستقامت، مجاہد اعظم، جانشین قاسمی شہیدؒ حضرت مولانا حافظ

محمد اعظم طارق ایم پی اے

کو جیل سے رہائی پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں۔
اور دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی غیب سے حفاظت فرمائے۔ آمین

منجانب: عہدیداران واراکین سپاہ صحابہ تحصیل بورے والا

جرنیل سپاہ صحابہ حضرت مولانا

محمد اعظم طارق کی رہائی کے بعد پہلے خطاب سے چند اقتباسات

مرتب: س ش

ہر سزا قبول

حکمرانوں نے میرے بارے میں یہ ذہن بنا لیا اور فیصلہ کرلیا تھا کہ جب تک ہماری حکومت ہے۔ ہم اس شخص کو آزاد نہیں کریں گے۔ بڑے بڑے افسران آئے میں نے ان سے بھی کہا کہ مقدمات کی جب میں لسٹ دیکھتا ہوں تو آپ نے میرے بارے میں جو الزامات لگائے ہیں۔ عدالتیں ان میں مجھے باعزت بری کرچکی ہیں۔ الزام آپ کے پاس نہیں ہے------ میں ذمہ داری سے یہ چیلنج کرتا ہوں کہ جب سے ہماری جماعت بنی ہے اس وقت سے لے کر آج تک کوئی ایک کارکن آپ لائیے۔ ایک نوجوان پیش کیجئے جو یہ کہے کہ اعظم طارق کے کہنے پر میں نے فلاں شخص کو قتل کیا ہے۔ اسے نقصان پہنچایا ہے یا اس کا گھر لوٹا ہے یا میں نے اس کے کہنے پر کسی شخص کو کوئی تکلیف پہنچائی ہے آپ تشدد کرکے لالچ دیکر خوفزدہ کرکے یا اور کسی عنوان پر میرے کسی کارکن کو تیار کرکے میرے سامنے لاکر کہلوا دیجئے--- اور وہ میرے سامنے کھڑا ہوکر یہ کہے کہ میں نے آپ کے کہنے پر فلاں کام کیا ہے---- اس کے بعد آپ کو اجازت ہے کہ آپ اپنے دور اقتدار میں نہیں، بلکہ عدالت سے جو چاہیں سزا دلوادیں۔ میں ہر سزا قبول کرنے کو تیار ہوں۔

آپ کے کان بھرے گئے ہیں

آپ کے کان نامعلوم کس نے بھر دیئے ہیں کیا کیا آپ کو میرے بارے میں دکھایا گیا اور آپ کے کانوں میں ڈالا گیا اور آپ کو بتایا گیا کہ نامعلوم وہ کیسا شخص ہے۔ حالانکہ میں آپ کے ساتھ اقتدار کے بالا خانوں میں رہا ہوں، تم مجھے جانتے ہو---- لیکن اقتدار پر اپوزیشن کا وہ دور یاد کرو جب تمہارے والد محترم میاں شریف کو بے نظیر کے دور میں انتہائی رسوا کن حالات میں انتہائی ذلت کے ساتھ اٹھایا گیا اور ان سے ناروا سلوک کیا گیا۔ اس وقت مسلم لیگ کے ایم این اے میاں شریف کے ساتھ ہونے اولی زیادتی پر خاموش تھے وہ اس لئے نہیں بولتے تھے کہ بے نظیر کی حکومت کہیں ہمارے خلاف قدم نہ اٹھالے لیکن میرا ریکارڈ اٹھاکر دیکھو------ میں نے تم پر احسان جتلانے کے لئے نہیں تمہاری ہمدردیاں خریدنے کے لئے نہیں، تم سے کوئی عہدہ یا ٹکٹ حاصل کرنے کے لئے نہیں۔ میں نے اسے ظلم سمجھا تھا اور اس کے خلاف آواز بلند کی تھی۔ اور اپنی زبردست آواز بلند کی تھی کہ جب میں نے کہا کہ تمہیں جرات کیسے ہوئی ہے ایک شخص کے والد محترم کو اٹھانے کی آج تم نے میاں شریف پر ہاتھ اٹھایا ہے تمہارا باپ تو پھانسی لگ چکا کل تمہاری ماں نصرت بھٹو پر ہاتھ اٹھایا جائے گا۔ تمہیں شرم آنی چاہئے یہ قدم اٹھاتے ہوئے------ ہم نے اس وقت بھی ظلم کے خلاف آواز اٹھائی ہے۔ مجھے نہیں معلوم کہ تم کسی محسن کو جانتے ہو یا نہیں جانتے---- لیکن میں اتنا ضرور کہتا ہوں، جب تمہارے اپنے تمہارا ساتھ چھوڑ چکے تھے۔ اعظم طارق نے اس وقت بھی تمہاری حمایت کی تھی۔

جب تمہیں کوئی پوچھتا بھی نہ تھا---!

آپ اپریل ۱۹۹۴ء کی اسمبلی کا ریکارڈ اٹھاکر دیکھیں۔ مسلم لیگ نے اسمبلی کا بائیکاٹ کیا۔ پیپلزپارٹی کی حکومت تے کہا ہمیں پرواہ ہی نہیں ہے۔ جاؤ ہم تمہیں مناتے ہی نہیں ہیں۔ یہ روزانہ اسمبلی میں آکر قائد حزب اختلاف کے دفتر میں بیٹھ جاتے تھے---- پیپلزپارٹی ان کو منانے کے لئے تیار نہیں تھی۔ وہ کہتی "خس کم جہاں پاک" جان چھوٹی، یہ روزانہ ہمیں تنگ کرتے ہیں۔ قانون سازی کے راستے میں یہ رکاوٹ بنتے ہیں۔ ہم ایک ہی دن میں قانون سازی کرکے ان کو لگام چڑھادیں گے۔ ہم انہیں ایسی ایسی عدالتوں کے سپرد کردیں گے کہ جب تک ہمارا اقتدار ہے یہ باہر نہیں آسکیں گے۔ اس وقت بھی اعظم طارق تھا جس نے ایک طرف قانون سازی کا راستہ روکا تھا۔ دوسری طرف تم (نواز شریف) گواہ ہو تمہی نے مجھے کہا تھا "تم حکومت کو تیار کرو کہ وہ ہمارے پاس آجائے ہم تمہارے کہنے سے حکومت کے ساتھ مان جائیں گے اور استعفیٰ مہم شروع کرکے واپس قومی اسمبلی میں چلے جائیں گے۔ وہ اعظم طارق ہی تھا جو اس وقت تمہیں قومی اسمبلی میں لایا تھا جب تمہیں کوئی پوچھتا بھی نہیں تھا۔

میری لڑائی بے نظیر سے تھی

تمہارے کان نامعلوم کس نے ہمارے بارے میں بھر دیے، میری ڈائریکٹ تم سے لڑائی نہیں ہے۔ بے نظیر سے ہماری لڑائی تھی---- اگر اس محراب و منبر سے میں نے یہ کہا تھا کہ بے نظیر کی نسوانی حکومت کو، بے نظیر کی غنڈہ حکومت کو، بے نظیر کی غیر شرعی حکومت کو نہیں مانتا ہوں میں اس کے خلاف جہاد کو عبادت سمجھتا ہوں۔ میری اس تقریر کے بعد قربانیوں کا یہ سلسلہ چلا ہوا ہے جو آج یہاں آخر ختم ہوا-------- اگر میں اس دور میں یہ بات کرسکتا ہوں۔ آج اگر مجھے تم سے اختلاف ہوتا اور کوئی اختلاف پیدا ہوگیا تو مجھ میں اتنی جرات ہے میں ڈنکے کی چوٹ پہ تمہارے خلاف اعلان جہاد کروں گا۔ میں تم کو للکاروں گا۔ تم

Scanned with Cam

میں جرات ہوئی تو میرا راستہ روک کر دکھانا۔

آپ کا ووٹ ہمیں چاہئے

بے نظیر کے ساتھ میرا سیاسی اختلاف تھا اور میں کھل کر بولا اور تمہیں تو میں نے ووٹ دیا ہے وزارت علیا کے الیکشن پر' جب وزیراعلیٰ کے الیکشن ہو رہے تھے' تم نے خود آفر کی بھائی بندی کے ساتھ ----- منت سماجت کے ساتھ کہا میں نے کہا تمہارے پاس تو بہت ووٹ ہیں' ۲۴۰ کے ہاؤس میں ۲۳۲ ووٹ تمہارے پاس ہیں اگر میں ووٹ تمہیں ہی بھی دوں تو کیا ہے؟ میاں شہباز شریف نے کہا آپ کا ووٹ ہمیں چاہئے ہم بے شک جیتے ہوئے ہیں لیکن ہمیں آپ کا تعاون چاہئے۔ ہم نے غیر مشروط طور پر آپ کا تعاون کیا۔ تلاش کریں وہ عناصر' وہ لوگ جنہوں نے آپ کے کان بھرے ہیں۔

مرتد پر مرتد کی سزا لاگو ہوگی

جہاں تم صحیح قدم اٹھاؤ گے ہم سے بڑھ کر تعاون کرنے والا نہ پاؤ گے ناموس صحابہ ؓ کے مسئلے پر تم ۱۴ سال سزا کی بات کرتے ہو ان شاء اللہ العزیز ہم تمہیں قائل کریں گے اور حکمران قائل ہو چکے ہیں جو عبارت طے کی گئی ہے جب اس عبارت میں صوبائی وزراء نے خود یہ لکھ دیا ہے کہ صحابہ کرام ؓ کا گستاخ دائرہ اسلام سے خارج ہے جب دائرہ اسلام سے خارج ہے تو مرتد ہے مرتد پر مرتد کی سزا ہی لاگو ہو سکتی ہے۔ دوسری نہیں ہو سکتی۔ ۱۴ سوال ہم نہیں مانتے۔ جب آپ نے خود لکھا ہے کہ وہ مرتد ہے دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ آپ ایک طرف دائرہ اسلام سے خارج کہتے ہیں دوسری طرف ۱۴ سال سزا کا اعلان کرتے ہیں (گویا) آپ خود اسلام کا انکار کرتے ہیں۔

چودہ سال سزا......؟

صحابہ کرام ؓ کے گستاخ کی سزا چودہ سال اور پھر کہتے ہیں کہ جو کسی کو کافر کہے اسے بھی چودہ سال' پھر سب سے پہلے چودہ سال سزا صاحبزادہ فضل کریم' مولانا احمد علی قصوری اور مولانا سرفراز نعیمی صاحب کو دو کہ جن تینوں نے یہ لکھا ہے کہ صحابہ کرام ؓ کا گستاخ دائرہ اسلام سے خارج ہے' لہٰذا چودہ چودہ سال سزا پہلے ان کو دو پھر ہم سے بھی بات کرلینا! یہ مسودہ اتنے تضادات کا شکار ہے کہ اس میں جو بات کی گئی ہے آگے اسکا انکار کیا گیا ہے۔ اس مسودہ میں بات تو یہ ہے کہ ملک میں اتحاد و یگانگت ہو اور مسودہ تیار کرنے والے نے صحابہ میں اختلاف پیدا کردیا ہے۔ فرقہ بندی اور گروہ بندی کردی ہے کہ ان کا مقام یہ ہے۔ ان کا یہ ہے۔ تم امت کو اتحاد کا درس دیتے ہو صحابہ میں اختلاف کی بات کرتے ہو۔ اصحاب رسول میں اختلاف کی بات کرنے کے بعد امت میں اتحاد کیسے ہو سکتا ہے؟

ہم صحابہ کرام ؓ کے لئے انتہائی حساس ہیں

آپ کے والد محترم کی کوئی شخص گستاخی کرتا ہے ان پر لعنت کرتا ہے اس وقت آپ کے جذبات کیا ہوں گے۔ اس کے لئے آپ کا کیا فیصلہ ہوگا۔ یہ تو آپ کے والد محترم کی بات ہے' آپ اپنے والد محترم اور والدہ کے لئے انتہائی حساس ہیں تو سن لیجئے! ہم بھی امی عائشہ صدیقہ ؓ کی عزت کے لئے فخر کائنات جناب صدیق اکبر ؓ کی عزت و شرافت کے لئے اتنے حساس ہیں اتنے جذباتی ہیں جو شخص ان کی طرف میلی نظر سے دیکھتا ہے----- میں زندگی داؤ پر لگا سکتا ہوں' میں ساری عمر جیل میں کاٹ سکتا ہوں' تختہ دار پہ چڑھ سکتا ہوں' بم دھماکوں میں ریزہ ریزہ ہو سکتا ہوں---- مگر صدیق ؓ کے دشمن کو معاف کرنا میری لغت میں نہیں ہے!

ہم سے توہین برداشت نہیں ہوتی

اصحاب رسول ﷺ کے مسئلہ پر ہم سینکڑوں نوجوانوں کی قربانی دے چکے ہیں۔ مولانا حق نواز جھنگوی شہید ؒ' مولانا ایثار القاسمی شہید ؒ' مولانا ضیاء الرحمان فاروقی شہید ؒ' مولانا شعیب ندیم شہید ؒ جیسے لوگ ہم نے اتنا خون دیا ہے۔ اتنی بڑی ہم محنت کر چکے ہیں اتنی قربانی دے چکے ہیں واللہ العظیم' جب صحابہ کا نام آتا ہے ہمارا دل پھٹنے لگتا ہے گستاخی نہیں برداشت ہوتی ہم سے! ہم نے اس پر اتنی محنت کی ہے کہ کسی آدمی کو اس کا احساس نہ ہو تو کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔ لوگ اپنے مولویوں کے لئے آپے سے باہر ہو جاتے ہیں دیوبندی حضرات اپنے اکابر کے بارے میں کچھ نہیں سنتے' جمعیت علماء اسلام مولانا مفتی محمود' مولانا غلام غوث ہزاروی کے بارے میں کچھ نہیں سنتی' بریلوی حضرات مولانا احمد رضا خاں کے خلاف کچھ نہیں سنتے' اہلحدیث حضرات اپنے بزرگوں کے خلاف کچھ نہیں سنتے' برداشت نہیں ہوتا ان سے! سیدھی سی بات ہے ہم سے صحابہ کرام ؓ کی توہین برداشت نہیں ہوتی! یہ کوئی جذباتی بات نہیں ہے دلیل کی بات ہے۔

غیر ملکی ایجنٹوں کی ناز برداریاں

حکمرانوں سے کہتا ہوں کہ آپ نے یہ بھی دیکھ لیا کہ بار بار جو مشترکہ اجلاس ہوتے ہیں ان میں جو چیز طے پاتی ہے جب لیڈر اس پر دستخط کردیتے ہیں۔ وزیراعلیٰ اور وزیراعظم کے دستخط ہو جاتے ہیں۔ پھر جو لوگ طے شدہ معاملات کا انکار کرتے ہیں ان کے بارے میں نہ آپ کو غصہ آتا ہے نہ ان کی زبان بند کرنے کا خیال آتا ہے نہ ان کو وعدہ خلافی کی سزا دینے کا احساس ہوتا ہے۔ نزلہ پھر سپاہ صحابہ پر! آخر کون سا فورم اور کون سی وہ جگہ ہے جہاں سپاہ صحابہ نے دستخط کردیئے ہوں اور پھر ان سے پیچھے ہٹ گئی ہو۔ ہم نے جو کہہ دیا ہے پھر اس پر ڈٹ گئے ہیں۔ پھر پیچھے نہیں ہٹے ہیں اور جو لوگ کہہ کر مکر جائیں۔ ادھر دستخط کریں ادھر جا کر انکار کردیں پھر وہ قتل کے دو دو درجن مقدمات میں نامزد ملزم بھی ہوں اور حکومت انہیں ہاتھ نہ ڈالے۔ آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ کہا یہ جاتا ہے جناب اگر ان پر ہاتھ ڈالیں تو کئی ممالک ہم سے ناراض ہوتے ہیں------ اسکا مطلب یہ ہے کہ آپ تاثر یہ دینا چاہتے ہیں کہ پاکستان میں جو جماعت اور گروہ غیر ملکی ایجنٹ بن کر تخریب کاری کرے۔ علماء کرام کا خون بہائے۔ تمہارا ہاتھ اور قانون اس

بقیہ صفحہ نمبر ۲

رہائی کے بعد
جھنگ پہنچنے پر
جرنیل سپاہ صحابہ کے

شاندار استقبال کی جھلکیاں

رپورٹ ابو اسامہ صدیقی

○ ۸ جولائی کو رہائی کی خبر سن کر کارکنوں کی بہت بڑی تعداد ڈسٹرکٹ جیل کے باہر جمع ہوگئی تھی لیکن بعض قانونی پیچیدگیوں کی وجہ سے رہائی نہ ہو سکی۔

○ بعض کارکن ۸ جولائی کی رات بارہ بجے تک جیل کے باہر موجود رہے کہ شائد جرنیل سپاہ صحابہ کو رہائی مل جائے اور ہم ملاقات سے محروم رہ جائیں۔

○ ۹ جولائی بروز جمعۃ المبارک کو صبح ۹ بجے ہی بعض دینی مدرسہ کے طلباء اور کارکن جیل کے باہر پہنچ چکے تھے۔

○ تقریباً گیارہ بجے برادرم راشد محمود تشریف لائے تو تمام کارکن ان کے گرد اکٹھے ہوگئے اور رہائی کس وقت ہوگی؟ کل کیوں نہیں ہوئی؟ جیسے سوال کرنے لگے۔

○ تقریباً بارہ بجے مولانا ضیاء القاسمی صاحب' ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں صاحب' مولانا محمد احمد لدھیانوی صاحب' محمد بشیر عکاشہ صاحب' زاہد محمود قاسمی صاحب تشریف لے آئے۔

○ سپاہ صحابہ فیصل آباد کے رہنما مولانا مجیب الرحمان لدھیانوی علامہ طاہر الحسن ملک مختار جھنگوی بھی موجود تھے۔

○ رہائی کے موقع پر فیصل آباد کی انتظامیہ ڈی سی' اے سی' مجسٹریٹ اور کئی پولیس افسران بھی موجود تھے۔

○ کارکن بے چینی سے جیل کے احاطے کی دیوار سے آہنی گیٹ کی طرف دیکھ رہے تھے کہ کب گیٹ کھلے اور ہم قائد محترم کا دیدار کریں۔

○ تقریباً ایک بجے وہ گھڑی آہی گئی جب سنی قوم کے دلوں کی دھڑکن جرنیل سپاہ صحابہ مولانا اعظم طارق جیل سے باہر تشریف لائے فضا نعرہ تکبیر سے گونج اٹھی اور کارکنوں نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔

○ اس موقع پر پولیس کی بھاری نفری نے جیل کو چاروں طرف سے گھیر رکھا تھا۔

○ جیل کے سپرنٹنڈنٹ' ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور اعلیٰ افسران نے مولانا صاحب کو الوداع کیا۔

○ جیل سے رہائی کے بعد مولانا اعظم طارق سیدھے مولانا ضیاء القاسمی کی رہائش گاہ پر پہنچے جہاں پر مرکزی صدر شیخ حاکم علی نے جرنیل سپاہ صحابہ کا استقبال کیا۔

○ مولانا ضیاء القاسمی نے مہمان نوازی کرتے ہوئے تمام موجود لوگوں کی گوشت روٹی سے تواضع کی اس وقت تقریباً ۱۱۵۰ افراد نے کھانا تناول فرمایا۔

○ قاسمی صاحب کی رہائش گاہ پر مختلف صحافیوں نے جرنیل سپاہ صحابہ سے فون پر بات چیت کی اور رہائی پر مبارک باد دی۔

○ ظہر کی نماز ادا کرنے کے بعد قافلے کی صورت میں جھنگ کی طرف روانگی شروع ہوئی۔

○ مسجد حق نواز شہید میں مولانا اعظم طارق کی رہائی کی خبر پہنچ چکی تھی جس کی وجہ سے کارکنوں نے جلوس کی صورت میں فیصل آباد کی طرف مارچ شروع کر دیا تھا۔

○ بعض کارکن موٹر سائیکلوں پر فیصل آباد کی طرف آرہے تھے شہر سے کافی باہر تک آچکے تھے جرنیل سپاہ صحابہ کی گاڑی کو دیکھتے ہی نعرے لگانے شروع کر دیئے۔

○ چنیوٹ موڑ پر مولانا عبدالغفور جھنگوی معززین جھنگ کے ساتھ مولانا اعظم طارق کے استقبال کیلئے موجود تھے۔ انہوں نے مولانا صاحب کو ہار پہنائے۔

○ چنیوٹ موڑ پر مولانا اعظم طارق کار سے نکل کر کھلی گاڑی میں تشریف لے آئے۔

○ گاڑی میں مولانا اعظم طارق صاحب کے ساتھ ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں' مولانا محمد احمد لدھیانوی' شیخ حاکم علی' مولانا مجیب الرحمان لدھیانوی' مولانا عبدالغفور جھنگوی' اور راقم الحروف کھڑے تھے۔

○ چنیوٹ موڑ سے آگے لوگوں کا اتنا ہجوم تھا کہ تل دھرنے کو جگہ نہیں تھی ہر طرف تاحد نظر سر ہی سر نظر آرہے تھے۔

○ شدید گرمی کے باوجود لوگوں کا اتنی تعداد میں آنا مشن جھنگوی کے ساتھ وابستگی اور صحابہ کرام کے ساتھ والہانہ محبت کی دلیل ہے۔

○ کارکن خوشی سے نعرے لگا رہے تھے اور ہر کسی کی خواہش تھی کہ مولانا صاحب سے مصافحہ کرے۔

○ کئی موقعوں پر جلوس میں شریک افراد نے آتش بازی بھی کی۔

○ راستے میں جرنیل سپاہ صحابہ کا چھوٹا بیٹا محمد انس بھی اپنے ابو کے پاس آگیا۔ جس کو انہوں نے گاڑی کی چھت پر بٹھالیا اور بار بار پیار کرتے رہے۔

○ خلیفہ عبدالقیوم صاحب جو کہ اپنی گاڑی میں بیٹھے تھے مولانا صاحب نے ان کو بھی اپنی گاڑی میں بلوا لیا لیکن باہر کھڑے ہونے کی بجائے گاڑی کے اندر بیٹھ گئے۔

○ جھنگ کے مقامی علماء کرام بھی موجود تھے جن کو مولانا صاحب دور سے ہی سلام کرتے رہے' کیونکہ رش کی وجہ سے نزدیک نہیں آسکتے تھے۔

○ مولانا الیاس بالاکوٹی صاحب بھی استقبال کیلئے تشریف لائے اور اپنی گاڑی سے باہر نکل کر قائد محترم کا استقبال کیا۔

○ شیخ حاکم علی صاحب معززین جھنگ کی طرف قائد محترم کی توجہ مبذول کرواتے رہے۔

○ ایوب چوک میں ایک ساتھی نے اپنی طرف سے قائدین اور کئی افراد کو بوتلیں تقسیم کیں۔

○ سیشن چوک میں پہنچ کر وہاں پر موجود مسجد میں نماز عصر ادا کی گئی۔

بقیہ صفحہ 37 نمبر 1

Scanned with Cam

برطانوی کورٹ آف سیشن کے جج کا

تاریخ ساز فیصلہ

ڈھائی سال میں اکیس روزہ سماعت کے بعد سپاہ صحابہ کی کھلی فتح

سپاہ صحابہ کے قائد علامہ ضیاء الرحمان فاروقی شہید بانی سپاہ صحابہ علامہ حق نواز جھنگوی کی شہادت کے بعد سرپرست اعلیٰ بنے تو بیرون ممالک میں سپاہ صحابہ قائم کرنے کا فیصلہ کیا سب سے پہلے برطانیہ میں سپاہ صحابہ قائم کی گئی۔ جس کے پہلے صدر حافظ عبدالحمید ایڈن برا میں نامزد کئے گئے۔ حافظ عبدالحمید نے اپنی بے پناہ صلاحیتوں کی بدولت پوری برطانوی مسلم کیونٹی میں نہ صرف سپاہ صحابہ کو متعارف کروایا بلکہ سپاہ صحابہ کے کاز اور مشن کو ہر مسلم گھرانے میں پہنچانے کی جدوجہد میں کوئی وقفہ فروگذاشت نہ کیا سپاہ صحابہ کے مشن کو عام کرنے کیلئے انہوں نے بڑی بڑی کانفرنسیں منعقد کروائیں جن میں علامہ ضیاء الرحمان فاروقی شہید مولانا ضیاء القاسمی مولانا اعظم طارق سمیت پاکستان بھر سے اور انڈیا سے بڑے جید علماء کرام کو سپانسر کے ذریعے مدعو کیا گیا سپاہ صحابہ کی طرف سے شائع کردہ لٹریچر سینکڑوں کی تعداد میں شائع کروا کر عام کیا قائدین سپاہ صحابہ خصوصاً مولانا حق نواز جھنگوی اور حضرت فاروقی شہید کی ویڈیو اور آڈیو کیسٹیں ہر مسلمان گھرانے تک پہنچائیں اسی جدوجہد کے نتیجہ میں برطانیہ کے اندر سپاہ صحابہ دن دگنی اور رات چگنی ترقی کرنے لگی۔ سپاہ صحابہ کے مشن کی اشاعت سے دشمنان اصحاب رسول کی نیندیں حرام ہو گئیں۔ انہوں نے سب سے پہلے قائد سپاہ صحابہ علامہ ضیاء الرحمان فاروقی شہید پر قاتلانہ حملہ کیا جس سے علامہ فاروقی شہید شدید زخمی ہو گئے۔ اس کے بعد انہوں نے سپاہ صحابہ پر دہشت گردی کا مکروہ الزام لگا کر پروپیگنڈہ شروع کر دیا حافظ عبدالحمید کی انتھک جدوجہد کی وجہ سے دشمنان اصحاب رسول اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل نہ کر سکے تو انہوں نے چند اہلسنت افراد کے ذریعے برطانوی کورٹ آف سیشن میں مقدمہ دائر کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس مقصد کیلئے چند دیوبندی اور بریلوی علماء کو کرایہ پر استعمال کیا گیا۔ انہوں نے درج ذیل الزامات پر مشتمل ایک دعویٰ دائر کر دیا۔

1۔ حافظ عبدالحمید صدر سپاہ صحابہ اور سپاہ صحابہ دہشت گرد جماعت ہے۔

2۔ سپاہ صحابہ کیلئے ادارہ تعلیم القرآن کا فنڈ استعمال کیا جاتا ہے۔

3۔ عبدالحمید ادارہ کے فنڈ سے سپاہ صحابہ کیلئے جلسہ کانفرنس کرواتا ہے اور سپاہ صحابہ کا لٹریچر تیار کر کے تقسیم کرتا ہے مندرجہ ذیل بالا الزامات کی بنا پر حافظ عبدالحمید کو ٹرسٹ سے نکالا جائے۔

مندرجہ بالا کیس میں تقریباً اڑھائی سال کے عرصہ میں 21 روز سماعت ہوئی مخالفین کی طرف سے 9 گواہ بطور شہادت اور ایک سپیشلسٹ سکالر آف اسلام علامہ سردار احمد قادری پیش ہوا اور ٹرسٹ کی طرف سے حافظ عبدالحمید خود' ٹرسٹی نصیر احمد امجد حسین اور سپیشلسٹ آف اسلام مولانا محمد اقبال پیش ہوئے۔ اور لارڈ نیو ممتو جج نے 24 جون کو تفصیلی فیصلہ کے ساتھ مقدمہ خارج کر دیا۔

حافظ عبدالحمید کا موقف

سپاہ صحابہ جماعت مفکر اسلام قائد سپاہ صحابہ علامہ ضیاء الرحمان فاروقی شہید نے برطانیہ میں قائم کی اور یہ ایک لیگی جماعت ہے جو عظمت اصحاب رسول کیلئے کام کر رہی ہے تنظیمی طور پر سپاہ صحابہ کے کام کرنے کے مختلف طریقے ہیں' مثلاً جلسے ' کانفرنسیں' اور لٹریچر کی تقسیم اہلسنت عوام سے رابطہ اور انہیں غیر اسلامی عقائد سے آگاہ کرنا۔ پاکستان میں غریب اور نادار لوگوں اور سپاہ صحابہ کے کارکنوں کیلئے ویلفئر ٹرسٹ کے ذریعے چندہ جمع کرنا۔

برطانیہ میں جب سپاہ صحابہ قائم ہوئی ہے اس وقت حافظ عبدالحمید سپاہ صحابہ یو۔ کے صدر ہیں۔ عدالت میں ایک کتاب انگریزی اور اردو زبان میں سپاہ صحابہ کا دستور العمل بعد پروگرام

Aims dbtec Tives of Sapah-e- sahabah

پیش کی گئی اس کتاب میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ پاکستان کو سنی اکثریت کی وجہ سے سنی سٹیٹ قرار دیا جائے۔

○ پاکستان میں ایرانی مداخلت بند کی جائے۔

○ خلفاء راشدین اور دیگر صحابہ کرام کی توہین کرنے والوں کیلئے قانون میں سخت سزا متعین کی جائے۔

○ اہل تشیع کو ان کے خلاف اسلام عقائد و نظریات کی بنا پر کافر قرار دیا جائے

○ ایرانی آئین میں درج ہے کہ وہاں کوئی غیر شیعہ کلیدی عہدہ حاصل نہیں کر سکتا۔ اسی طرح پاکستان میں بھی غیر سنی کیلئے کلیدی عہدوں پر پابندی لگائی جائے۔

مقدمہ دائر کروانے والے شیعہ کی طرف سے ایک بریلوی عالم بطور سپیشلسٹ آف اسلام پیش کیا گیا۔ اس پر یہ درج ذیل جرح کی گئی ہے۔

علامہ سردار احمد قادری

سوال:۔ دشمن صحابہ مسلمان ہے یا کافر؟

جواب:۔ ٹھیک مسلمان نہیں مگر کافر نہیں کہنا چاہئے

سوال:۔ اگر دشمن صحابہ سچا مسلمان نہیں تو انہیں کیا

Scanned with Ca

کہا جائے؟

جواب:۔ دشمن صحابہ کو منافق، فاجر، فاسق اور ملعون کہہ سکتے ہیں مگر جو سپاہ صحابہ والے کافر کہتے ہیں وہ نہیں کہنا چاہئے۔

سوال:۔ منافق کس کو کہتے ہیں؟

جواب:۔ ہیپوکرٹ (دوغلا)

سوال:۔ فاسق کیا ہے؟

جواب:۔ گناہ گار (SINNER)

سوال:۔ فاجر کیا ہے؟

جواب:۔ نافرمان

سوال:۔ ملعون کیا ہے؟

جواب:۔ لعنتی (اوکرسٹ Accursed)

سوال:۔ مسٹر قادری سمجھتے ہو کہ شیعہ ٹھیک مسلمان نہیں؟

جواب:۔ ہاں مگر کافر نہیں کہنا چاہئے۔

سوال:۔ مسٹر قادری خلیفہ کس کو کہتے ہیں؟

جواب:۔ محمد کے بعد حضرت ابو بکرؓ خلیفہ بنے۔

سوال:۔ مسٹر قادری! خلافت راشدہ کیا ہے؟

جواب:۔ چار خلفاء ابو بکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم

سوال:۔ مسٹر قادری! کیا تم ان سبکو سچے اور سچے مسلمان مانتے ہو؟

جواب:۔ بالکل یہ میرے ایمان کا حصہ ہے۔

سوال:۔ جو ان میں سے تین کو نہ مانے ابو بکر عمر عثمان رضی اللہ عنہم وہ کون ہے؟

جواب:۔ وہ مسلمان نہیں ہو سکتا؟

سوال:۔ جو ابو بکر عمر، عثمان رضی اللہ عنہم کو گالیاں دے؟

جواب:۔ وہ مسلمان نہیں ہو سکتا۔

سوال:۔ اس کو کافر کہہ سکتے ہیں۔

جواب:۔ ہاں کافر کہہ سکتے ہیں۔

سوال:۔ تم کو شیعہ کے متعلق معلومات ہے کہ وہ ابو بکر، عمر، عثمان رضی اللہ عنہم کو نہیں مانتے اور غلط زبان استعمال کرتے ہیں۔

جواب:۔ مجھے معلوم نہیں ہے

سوال:۔ سپاہ صحابہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب:۔ مجھے بہت زیادہ معلومات نہیں۔

سوال:۔ سپاہ صحابہ مذہبی جماعت ہے یا سیاسی؟

جواب:۔ مذہبی جماعت ہے۔

سوال:۔ مسٹر قادری یہاں تم سے پہلے گواہ بیان دے رہے تھے (پاکستان میں سپاہ صحابہ والے دہشت گردی کرتے ہیں تمہارا کیا خیال ہے۔؟

جواب:۔ شیعہ سپاہ صحابہ کو مار دیتے ہیں اور سپاہ صحابہ والے شیعہ کو قتل کر دیتے ہیں۔

سوال:۔ مسٹر قادری پاکستان میں اسے ختم کرنے کیلئے کوشش نہیں کی گئی۔

جواب:۔ کچھ عرصہ پہلے ملی یکجہتی کونسل بنی تھی جس میں ۹ یا ۱۱ جماعتیں شامل تھیں۔

سوال:۔ ملی یکجہتی کونسل کامیاب ہوئی؟

جواب:۔ مجھے زیادہ معلومات نہیں میں یہاں برطانیہ میں ہوتا ہوں۔

سوال:۔ مسٹر قادری مولانا احمد رضا خان کون تھا۔

جواب:۔ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی بہت بڑے سکالر اور بزرگ تھے۔ اور ان کا تعلق بریلوی مسلک سے تھا۔

سوال:۔ سوال مسٹر قادری صاحب آپ کا تعلق بھی بریلوی مسلک سے ہے؟

جواب:۔ ہاں میرا تعلق بھی بریلوی مسلک سے ہے۔

سوال:۔ مسٹر قادری تم کو معلوم ہے۔ اس مولانا احمد رضا خان نے لکھا ہے کہ سنی عورت کا شیعہ مرد سے نکاح نہیں ہوتا؟

جواب:۔ مجھے معلوم نہیں۔

پھر قادری کو حوالہ دکھایا گیا جس پر قادری خاموش ہو گیا۔

سوال:۔ کیا شیعہ تمہارے ساتھ مسجد میں نماز پڑھتے ہیں؟

جواب:۔ نہیں ان کا الگ امام باڑا ہوتا ہے جہاں نماز پڑھتے ہیں۔

سوال:۔ مسٹر قادری کیا شیعہ کی اذان سنیوں کی اذان جیسی ہے؟

جواب:۔ نہیں ان کی اذان سنیوں کی اذان سے الگ ہے۔

کورٹ آف سیشن لارڈ نیو ممتھ کے فیصلہ متن

میں مخالف پارٹی کے گواہوں کے بیانات اور حافظ عبدالحمید کے دلائل سننے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ حافظ عبدالحمید اپنے ارادے کے پکے اپنے دین کے معاملے میں کوئی لچک نہیں رکھتے اور کسی مذہب کے معاملہ میں خاطر میں نہیں لاتے۔ ان کی اس عادت سے میں متاثر ہوا کہ وہ اپنے مذہب پر غیر متزلزل ایمان رکھتے ہے۔ یہی ان کی کامیابی کی بنیادی وجہ ہے۔۔ مخالفین نے ان پر یہ الزام لگایا ہے کہ وہ سپاہ صحابہ برطانیہ کے صدر ہیں اور لوگ دہشت کی وجہ سے ان کا ساتھ چھوڑ رہے ہیں میں اس الزام کو یکسر غلط قرار دیتا ہوں کیونکہ میرے مشاہدے میں آیا ہے کہ ان کے ادارہ میں لوگوں کی تعداد روز بروز بڑھ رہی ہے۔ اور لوگ کثیر تعداد میں اپنے بچے ادارہ میں داخل کروا رہے ہیں میرے مشاہدہ کے مطابق سپاہ صحابہ دہشت گرد جماعت نہیں ہے ان پر یہ الزام سرا سر غلط ہے' ان کے ادارہ میں بچوں کی تعداد میں کبھی بھی کمی نہیں آئی۔

جج صاحب نے اپنے فیصلہ میں مزید لکھا جو چند لوگ سپاہ صحابہ کو پسند نہیں کرتے وہ دوسری مساجد میں چلے جایا کریں۔ تاریخ فیصلہ 99-6-26 نوٹ کل فیصلہ 280 صفحات پر مشتمل تھا جس کا مفہوم اوپر بیان کیا گیا ہے۔ اس فیصلہ سے برطانیہ میں دشمنان اصحاب رسول کی موت واقع ہو چکی ہے۔

قائد سپاہ صحابہ برطانیہ کی پریس کانفرنس

مذکورہ بالا فیصلہ کے بعد سپاہ صحابہ برطانیہ کے صدر اور ادارہ تعلیم القرآن ٹرسٹ ایڈن برا کے بانی حافظ عبدالحمید نے پریس کانفرنس کا اہتمام کیا جس میں مقامی پریس کے نمائندوں نے شرکت کے علاوہ کثیر تعداد میں لوگ شریک ہوئے۔ حاجی امجد حسین چیئرمین نے کہا یہ تاریخ ساز فیصلہ حافظ عبدالحمید کی مستقل مزاجی' خلوص نیت' دین کی اشاعت کیلئے کوشش' صحابہ کرام سے سچی محبت کا

بقیہ صفحہ نمبر

ماہ ربیع الثانی

واقعات و حادثات کے آئینہ میں

مولانا محمد انور کلیم

ماہ ربیع الآخر

ربیع الآخر یا ربیع الثانی اسلامی سال کا چوتھا قمری مہینہ ہے عرب اس کو اکثر ربیع الآخر کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ یہ مذکر ہے اور اس کے الآخر کے "ربیع" پر خصوصیت سے فتح ہے اس کے لغوی معنی موسم بہار کی نشاۃ ثانیہ کے ہیں۔

علامہ علم الدین سخاوی لکھتے ہیں کہ ھذہ الربیع کا لاول لا فاسمہم ذوہ یعنی اس مہینہ کو ربیع الآخر کہنے کے اسباب بالکل وہی ہیں جو اس سے پہلے مہینہ کو ربیع الاول کہنے کے تھے۔

مگر ہمارے نزدیک اس نشاۃ ثانیہ سے مراد حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ ثانوی حالت یا کیفیت ہے جس کا آغاز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کمال اہتمام اور زبردست آمادگی کے ساتھ "تبلیغ دین" کے عنوان سے فرمایا تھا۔

مورخین نے لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۹ ربیع الاول ۴۱ھ عام الفیل مطابق ۹ فروری ۶۱۰ء کو مبعوث ہوئے اور اسی تاریخ کو باقاعدہ قرآنی وحی سے آپ کو مشرف فرمایا گیا مگر یہ نزول وحی کا پہلا اور ابتدائی موقعہ تھا جو اچانک پیش آیا اس میں آپ کو یہ نہیں بتایا گیا تھا کہ آپ کس عظیم کام پر مامور ہوئے ہیں اور آگے چل کر آپ کو کیا کچھ کرنا ہے بلکہ صرف ابتدائی تعارف کرا کر آپ کو ایک مختصر عرصہ تک کے لئے چھوڑ دیا گیا تھا تاکہ پہلی نوبت سے جو بے پناہ بوجھ آپ کی طبیعت پر پڑا تھا اس کا کسی قدر اثر کم ہو جائے اور آپ مکمل طور پر فرائض نبوت انجام دینے کے لئے دوبارہ تیار ہو جائیں۔

چنانچہ اس مختصر وقفہ کے گزر جانے کے بعد جونہی آپ کی طبیعت ذرا سنبھلی تو نزول وحی کا دوسرا بہار شروع ہو گیا۔ سورہ قلم کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں۔ تبلیغ کا سلسلہ ہوا۔ آزاد مردوں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ غلاموں میں حضرت زید بن حارثؓ عورتوں میں حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ اور بچوں میں علی کرم اللہ وجہہ نے سب سے پہلے اس دعوت کو قبول کیا۔ مگر یہ سارا بہار پرور اور حسن افزا انقلاب اسی مبارک ماہ ربیع الآخر ہی میں آیا۔ اسی وجہ سے اس کو بہار کا دوسرا دور ربیع الآخر قرار دیا گیا ہے۔

گو اس کے علاوہ اور بھی بہت سے واقعات اور شواہد ایسے ہیں جن کا ظہور خصوصیت کے ساتھ اسی مہینہ میں ہوا ہے (بطور نمونہ مشتے از خروارے چند ایک واقعات ملاحظہ ہوں۔

ماہ ربیع الآخر واقعات و حادثات کے آئینہ میں

نمبر شمار	واقعات و حادثات	ربیع الآخر	مطابق کیفیت
۱	فرض نمازوں میں اضافہ	۱ھ	اکتوبر ۶۲۲ء
۲	حضرت عبداللہ بن سلامؓ کا قبول اسلام	"	"
۳	حضرت ابو قیس صرمہ بن ابی انسؓ کا اسلام لانا	"	نومبر ۶۲۲ء
۴	مہاجرین و انصار میں مواخات	"	"
۵	غزوۃ بحران	۳ھ	ستمبر اکتوبر ۶۲۴ء
۶	وفات حضرت ام المومنین زینب بنت خزیمہؓ	۳/۴ھ	ستمبر ۶۲۵ء
۷	غزوہ ذی قرد غزوہ غابہ	۶ھ	اگست ۶۲۷ء
۸	سریہ حضرت عکاشہ بن محصنؓ		"
۹	سریہ ذی القصہ	"	ستمبر ۶۲۷ء
۱۰	سریہ ابو عبیدہ	"	"
۱۱	سریہ جموم	"	"
۱۲	سریہ طی	۹ھ	جولائی ۶۳۰ء
۱۳	وفد بنی الحارث کا قبول اسلام	۱۰ھ	اگست ۶۳۱ء
۱۴	سریہ حضرت اسامہؓ	۱۱ھ	جون ۶۳۲ء
۱۵	واقعہ یرموک	۱۵ھ	مئی ۶۳۶ء
۱۶	واقعہ نہاوند	۲۱ھ	مارچ ۶۴۲ء
۱۷	فتح طرابلس	۲۲ھ	فروری ۶۴۳ء
۱۸	وفات حضرت ابو درداءؓ	۳۲ھ	نومبر ۶۵۲ء
۱۹	وفات حضرت اشعث کندیؓ	۴۰ھ	اگست ۶۶۱ء
۲۰	فتح سوڈان	۳۳ھ	جولائی

٦٦٣ء

٢١ وفات حضرت کعب بن مالکؓ	٥٠ھ	اپریل ٦٧٠ء	
٢٢ وفات عبیداللہ بن زیاد	٦٧ھ	اکتوبر ٦٨٦ء	
٢٣ وفات حضرت عاصم بن حضرت عمر فاروقؓ	٧٠ھ	ستمبر ٦٨٩ء	
٢٤ وفات حضرت سلمہ ابن الاکوعؓ	٧٤ھ	اگست ٦٩٣ء	
٢٥ وفات حضرت عبداللہ بن جعفر طیارؓ	٨٠ھ	جون ٦٩٩ء	
٢٦ فتح ارمینیا	٨٥ھ	اپریل ٧٠٣ء	
٢٧ فتح صامان	٨٦ھ	اپریل ٧٠٥ء	
٢٨ فتح سغد	٨٨ھ	مارچ ٧٠٦ء	
٢٩ وفات حضرت خارجہ بن زیدؓ	١٠٠ھ	اکتوبر ٧١٨ء	
٣٠ جنگ بسرزان	١٠٤ھ	ستمبر ٧٢٢ء	
٣١ وفات حضرت فاطمہ بن حسینؓ	١٠٥ھ	ستمبر ٧٢٣ء	
٣٢ وفات حضرت حماد الکوفیؒ	١٢٠ھ	مارچ ٧٣٧ء	
٣٣ وفات حضرت امام مالکؒ امام مدینہ	١٧٩ھ	جون ٧٩٥ء	قول ٢/ ١١ ربیع الاول
٣٤ وفات حضرت امام قاضی ابو یوسفؒ	١٨٢ھ	مئی ٧٩٨ء	
٣٥ وفات امام ابو بکر بن ابی شیبہؒ	٢٣٥ھ	اکتوبر ٨٤٩ء	
٣٦ وفات سلطان محمود غزنویؒ	٤٢١ھ	اپریل ١٠٣٠ء	
٣٧ وفات امام بیہقیؒ المحدث الکبیر	٤٥٨ھ	مارچ ١٠٩٥ء	
٣٨ وفات عبدالقاہر الجرجانی النحوی	٤٧١ھ	اکتوبر ١٠٧٨ء	
٣٩ وفات شیخ اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ	١٧/ ٥٦١ھ	فروری ١١٦٥ء	
٤٠ وفات ابن حاجب صاحب کافیہ	٦٤٦ھ	جولائی ١٢٤٨ء	
٤١ وفات ہلاکو خان	٦٦٣ھ	جنوری ١٢٦٥ء	
٤٢ وفات حضرت عبیداللہ احرار نقشبندؒ	٨٩٦ھ	فروری ١٤٩١ء	
٤٣ وفات ہمایوں، و حکومت جلال الدین اکبر	٩٦٣ھ	فروری ١٥٥٦ء	
٤٤ وفات حضرت ملا علی القاری حنفیؒ	٧/ ١٠١٤ھ		
٤٥ وفات ملکہ نور جہاں	١٠٥٥ھ	مئی ١٦٤٥ء	
٤٦ وفات مرزا غلام احمد قادیانی جھوٹا مدعی نبوت	١٣٢٦ھ	مئی ١٩٠٨ء	
٤٧ وفات مولانا خلیل احمد مہاجر مدنی محدث سہارنپوریؒ	١٣٤٦ھ	اکتوبر ١٩٢٧ء	
٤٨ آزادی انڈونیشیاء	١٣٩٩ھ	جنوری ١٩٥٠ء	
٤٩ آزادی لیبیاء	١٣٧١ھ	دسمبر ١٩٥١ء	
٥٠ وفات مفتی اعظم ہند مفتی کفایت اللہ دہلویؒ	١٣/ ١٣٧٢ھ	٣١ دسمبر ١٩٥٢ء	
٥١ وفات علامہ عنایت اللہ مشرقی خاکسار		٢٧ اگست ١٩٦٣ء	
٥٢ آغاز تحریک نظام مصطفیٰ منجانب پاکستان قومی اتحاد	١٣٩٧ھ	اپریل ١٩٧٧ء	
٥٣ مسٹر ذوالفقار علی بھٹو سابق وزیر اعظم پاکستان کو سزائے موت سنائی گئی	٨/ ١٣٩٨ھ	١٨ مارچ ١٩٧٨ء	

ہم سپاہ صحابہ برطانیہ کے صدر حافظ عبد الحمید
کو کورٹ آف سیشن برطانیہ سے مقدمہ جیتنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔
منجانب :- کارکنان سپاہ صحابہ پاکستان

Scanned with CamScanner

سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارا طرز محبت

حق نواز ہزاروی

ہم تمام موجودات سرور کائنات کی امت کے افراد ہیں انہی کی وجہ سے ہمارا تشخص قائم ہے انہوں نے ہمیں صراط مستقیم دکھائی اللہ تعالی کی وحدانیت کا تصور ہمارے اذہان و قلوب میں راسخ کیا ہمیں نیکی اور بدی کا فرق سمجھایا ہمیں دنیا میں رہنا اور آخرت میں کامیابی کے طریقے سکھائے محسن دو عالم کا پیغام کسی طرح بھی محدود نہیں اس کا دائرہ کار وسیع اور سارے عالم پر محیط ہے اللہ تعالی نے انہیں رحمت للعالمین کہا ہے وہ سارے جہانوں کیلئے سراپا رحمت ہے متمتع ہوتے ہیں جب رحمت عالم ہادی اعظم دنیا میں تشریف لائے عرب اگرچہ قعر مذلت میں گر چکے تھے توحید خداوندی کا تصور ان کے قلوب سے نکل چکا تھا ان کا وطن اور مسکن برائیوں اور بداعمالیوں کی آماجگاہ بن چکا تھا صرف عرب ہی نہیں بلکہ ہر قوم کی یہی کیفیت تھی ساری دنیا کی حالت قابل رحم تھی ہر طرف کفر و شرک کے اندھیرے چھائے ہوئے تھے۔ انسانیت ایک پروردگار کو چھوڑ کر لاتعداد معبود اپنا چکی تھی۔ ایک اللہ کا در چھوڑ کر پتھر کی مورتیوں کو حاجت روا اور مشکل کشا سمجھ کر اپنی جبین نیاز کو در در پر جھکا رہی تھی۔ اللہ تعالی نے کفر شرک کے اندھیروں میں ڈوبی قوم کی حالت زار پر رحم کھایا اور ان کی رشد و ہدایت اور اصلاح کیلئے حضور اکرم ﷺ کو مبعوث فرمایا کسی مخصوص علاقے یا مخصوص قوم کیلئے آپ کی بعثت نہیں ہوئی بلکہ عرب غیر عرب بلا امتیاز رنگ و نسل کے ہر قوم اور نسل کیلئے ہر علاقے اور ہر خطے کیلئے آپ ﷺ کو نبی اور رسول بنا کر بھیجا گیا آپ کی نبوت و رسالت قیامت کی صبح تک کو آنے والے ہر انسان کیلئے ہر جن کیلئے جس طرح دنیا میں اپ کی سنت اور طریقے کو چھوڑ کر کامیابی نا ممکن ہے اس طرح قیامت کے دن آپ کی شفاعت کے بغیر چارہ نہ ہوگا خداوند عالم نے اپنا دین متین آپ پر مکمل کر دیا انہیں انبیاء اور رسولوں کیلئے خاتم قرار دیا اور آپ کے بعد نبوت کے دروازے بند کر دئے اور اپنے محبوب نبی کی بعثت کے ساتھ سلسلہ نبوت کو ختم کر دیا ان کے بعد کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا آپ کی بعثت کے مقاصد میں سب سے اہم مقصد یہ ہے کہ انسانیت کا تزکیہ ہو جائے اللہ تعالی نے آپ کی بعثت کے بارے میں فرمایا کہ اللہ تعالی نے مومنین پر حضور ﷺ کو نبی بنا کر عظیم احسان کیا ہے اللہ تعالی نے اپنے محبوب سے اپنی محبت کا اظہار فرماتے ہوئے ان کے چہرے کو والشمس اور آپ کی زلفوں کو واللیل سے تشبیہ دی ہے اللہ تعالی کو آپ سے اتنی محبت ہے کہ اللہ نے اپنے خلاف لب کشائی کرنے والوں کی اتنی مذمت نہیں فرمائی جتنی مذمت اللہ تعالی نے اپنے محبوب کے گستاخ و دشمن کی فرمائی ہے۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ جہاں اللہ تعالی نے انسانیت پر بالخصوص عالم اسلام پر دیگر انعامات فرمائے ہیں وہاں اللہ تبارک و تعالی نے آپ ﷺ کو ہمارے لئے پیغمبر بنا کر مبعوث فرما کر بہت بڑا احسان کیا ہے پھر اللہ تعالی نے آپ کی امت کے قلوب میں آپ ﷺ کی محبت اور عقیدت کو کوٹ کوٹ کر بھر دیا ہے یہی وجہ ہے کہ دنیا جہاں کا کوئی مسلمان چاہے وہ کسی بھی دین کے شعبے سے منسلک ہو عامل با اثر علیہ ہو یا نہ ہو وہ کسی بھی مسلک سے تعلق رکھتا ہو وہ آپ کی محبت اور عقیدت میں دیگر مسلمانوں کے ساتھ برابر کا شریک اور انسے متفق ہوگا اور عالم اسلام کا ہر فرد آپ کی محبت میں سرشار اور آپ کے نام پر مرمٹنے کے خواب کو دل میں سمائے بیٹھا نظر آئے گا یہ آپ ﷺ سے محبت ہی ہے کہ مسلمان جب بھی آپ کا تذکرہ کرتا ہے تو سراپا ادب بن کر جب ان کا نام ذکر کرتا ہے تو درود و سلام کے پھول نچھاور کرتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی آپ کے ناموس کیلئے قربانیاں دینے کا وقت آیا تو کرہ ارض کے ہر مسلمان فرد نے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا بلکہ آپ کے ناموس اور تقدس کیلئے جان مال اور اپنی آبرو کی بازی لگادی اور اس ایثار کو اپنے لئے توشہ آخرت سمجھا۔ بے شک یہ بات آپ سے محبت اور عقیدت کی عکاسی کرتی ہے لیکن ایک بات کا یاد رکھنا ضروری ہے کہ ہم جس نبی ﷺ کے امتی ہونے پر فخر اور ناز کرتے ہیں ان کے مقدس نام کے کانوں سے ٹکراتے ہی فرط جذبات میں درود و سلام پیش کر کے اپنے من کی پیاس کو بجھاتے ہیں ان کی توصیف و تعریف میں رطب اللسان رہتی ہیں ہمیں یہ بھی سوچنا ہوگا کہ ہمیں اس مشفق نبی کی سنت سے کتنا پیار ہے۔ ہم ان کے طریقوں پر کتنا چل رہے ہیں ہمیں افکار و اعمال افعال و کردار کا جائزہ لینا چاہئے اور اپنی زندگی کا بغور مطالعہ کرنا چاہئے کہ ہماری زندگیوں پر ایسے جراثیم تو حاوی نہیں ہو گئے جن کی وجہ سے کل آپ کے سامنے شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے۔ سید الانبیاء ﷺ کی نعت تعریف سے مدح بالکل بجا اور بہت اچھی بات ہے اس سے بھی انکار نہیں کہ یہ قابل تحسین عمل ہے لیکن سید الکائنات ﷺ کے احکام کی سرتابی ان کے ارشادات سے قطع نظر ان کی سنت اور نورانی طریقوں سے صرف نظر ان کی سیرت اور کردار کو نظر انداز کرنا ان کے رشد و ہدایت کے پیغام سے بغاوت اتنا بڑا جرم ہے کہ اس کا اندازہ کرنا ہماری انفرادی اور اجتماعی زندگی میں ضروری ہے یہ تو کوئی بات نہ ہوئی کہ ہم آپ کی مدح و ثناء بھی کریں ان کی تعریف و توصیف بھی کریں انہیں اپنا مقتدا اور راہنما بھی مانیں ان کے جلال مرتبہ کا احساس بھی کریں ان کی نعت گوئی

بھی کریں اور ان کی سنت کو اپنانے ان کی سیرت و کردار کے مطابق زندگی گزارنے اور ان کی طریقوں پر چلنے سے عملی طور پر انکار بھی کریں۔ انسان جس سے محبت کرنے کا دعویٰ کرے۔ اس کے کردار کو اپنانے کے بغیر اس کی محبت کا دعویٰ دھوکے اور فریب کے علاوہ کچھ نہیں ہو سکتا یہ تو محبت نہ ہوئی محبت کے پردے میں نفرت اور عداوت پرورش پا رہی ہے یہ عجیب محبت ہے کہ ممدوح کے ارشادات مبارکہ کو بالا طاق رکھ دیا جائے اور صرف زبانی دعووں سے اس سے محبت کے ثابت کرنے کی کوشش کی جائے کوئی بھی دانشور اس محبت کو عقیدت نہیں کہہ سکتا۔ ہمیں اس نقطہ نظر سے اپنے نفس کے احتساب کی اشد ضرورت ہے ہمیں غور کرنا ہوگا کہ آپ ﷺ کی امت میں سے ہونے پر ناز کرنے والے اور آپ کی تعریف و توصیف کرنے والے عملاً کس مقام پر کھڑے ہیں اگر غلط راہ پر چل رہے ہیں اور عملی طور پر آپ کی سیرت سے بغاوت کا ارتکاب کر رہے ہیں تو ہمیں اپنی سوچ و فکر کو بدلنا ہوگا۔ اپنے خیالات نظریات کردار و اعمال میں تبدیلی لانی ہوگی یہ آپ کی محبت اور عقیدت ہوگی پھر کامیابیوں کی منزلیں قریب سے قریب تر ہوں گی اور اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت شامل حال ہوگی۔ جب اللہ تعالیٰ ہمارا معین مددگار ہوگا تو کامیابیاں ہمارے قدم چومیں گی۔ ہمیں بطور اپنے گریبانوں میں جھانکنا ہوگا۔ کہ آپ کے اخلاق و کردار کی کتنی پیروی کرتے ہیں اور سوچنا ہوگا کہ ہمارے اندر کون کونسی کمزوری پائی جاتی ہے پھر اس کمزوری کو دور کرکے آپ کے اسوہ حسنہ کو اپنا شعار بنانا ہوگا تب جا کر ہم سچے عاشق رسول محب رسول کہلائیں گے۔

ویسے تو ہم میں سے ہر شخص حضور ﷺ سے محبت کا دعویدار ہے لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ آپ نے تو زندگی کے ہر شعبے میں رہنے کے طریقے بتلائے ہیں۔ لین دین شادی بیاہ فوتگی تک کے طریقہ کو واضح کر دیا ہے آپ نے تو اپنی محبت کا طریقہ بھی بتایا ہے اور بنی اسرائیل کی طرح اپنے انبیاء کو خدا اور اس کا شریک ٹھہرانے سے منع فرمایا غرض آپ کی ساری زندگی ہر انسان کے لئے مکمل نمونہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے اسی میں کامیابی رکھی ہے یہی انسانیت کی کامیابی کا واحد راستہ ہے آج ہم اپنا جائزہ تو لیں کہ آپ کی تعلیمات مبارکہ پر عمل پیرا ہیں یا خدانخواستہ آپ کی تعلیمات کو پس پشت ڈال کر اس سے منہ موڑے بیٹھے ہیں اور تباہی بربادی سے نقصان کی طرف تو نہیں جا رہے۔ عالم اسلام کا مشن معاشرت وحدت اور یکجہتی ہے آپ نے فرمایا رنگ نسل قومیت اور سکونت کے اعتبار سے کسی کو کسی پر فوقیت حاصل نہیں ہے سب مسلمان ایک درخت کی شاخوں اور پتوں کیطرح ہیں کوئی گورا ہو کوئی کالا مفلوک الحال آپ ﷺ کامل اور اکمل اور دین لے کر تشریف لائے ہیں اور زندگی کے ہر شعبے میں پوری پوری راہنمائی فرمائی۔ اس میں کسی قسم کا کوئی خلا نہیں چھوڑا۔ آج جگہ جگہ آپ کے کردار کو بیان کرنے اور آپ کی سیرت کے جلسے اور مختلف تقاریب کا انعقاد ہوتا ہے جس میں آپ کی مدح ثنائی اور تعریف کی جاتی ہے۔ آپ کی سیرت کو بیان کیا جاتا ہے۔ مگر پھر یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بات سے انکار کی کوئی گنجائش نہیں اور آپ کی سیرت کے بیان کیلئے جلسوں اور آپکی مدح ثنائی و تعریف و توصیف کیلئے تقریبات کا انعقاد بہت اچھا عمل ہے اور دنیا آخرت میں بھلائی کا پیش خیمہ ہے آپ کی محبت کے ساتھ مشروط قرار دیا ہے۔ لیکن صرف زبان اور الفاظ کی حد تک محدود محبت نہ دنیا میں کار آمد ہے اور نہ آخرت میں اس کا کوئی فائدہ ہے سچی محبت کا تقاضا ہے کہ آپ کے اعمال اور افعال سمت اور کردار کو مکمل طور پر اپنایا جائے۔ ان تقاریب اور جلسوں کا بنیادی مقصد یہی ہوتا ہے کہ انسان ہر عمل سے پہلے سنت رسول کو دیکھ لے اور ہر عمل کو سنت کے مطابق سرانجام دے۔ ضروری ہے کہ محبت رسول ﷺ کے دعویداروں کے ہر ہر عمل سے آپ کی سنت کی جھلک دکھائی دے ہمارے قول و فعل سے سنت رسول عیاں ہو یہی چیز ہے۔ جس سے ہماری کامیابی کا واسطہ ہے آپ کی تعلیم کو سبکدوش بھی کریں آپ کی سنت سے بغاوت اور راہ فرار بھی اختیار کریں پھر اپنی کامیابی کے خواب بھی دیکھیں۔ ایں خیال است و محال است جنون است۔ آپ کے مبارک نام سے خلاف شرع تقریبات کا انعقاد اور مختلف قسم کی خرافات اختیار کرنا آپ سے محبت کے عنوان سے عداوت اور دشمنی ہے آپ کی محبت میں حدود شرعیہ سے تجاوز کرنا اور آپ کے نام سے منسوب تقریبات میں بدعات و رسومات کی بھرمار سے آپ کبھی خوش نہیں ہوں گے۔

آپ کے محبوب ترین لوگ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہیں جنہوں نے نہ صرف یہ کہ آپ کے ارشادات اور اللہ تعالیٰ کے احکامات پر پورا پورا عمل کیا بلکہ انہوں نے عمل کرنے کے ساتھ شریعت کے ایک ایک حکم اور نبی اکرم ﷺ کے ایک ایک عمل کو بعینہ امت تک پہنچا کر امت پر عظیم احسان کیا صحابہ کرام اور اہلبیت رسول ﷺ اگر یہ کارنامہ سرانجام نہ دیتے تو اس سے امت کا کیا حشر ہوتا؟ امت ضلالت اور گمراہی کی دلدل میں پھنسی ہوئی اور ہر آدمی وہی کرتا جو اس کے عمل میں آتا یہ امت آپ کی تعلیمات سے بالکل ناآشنا ہوتی۔ ان محسنوں کے احسان کا تقاضا بھی ہے کہ ان کے احسان کو یاد رکھا جائے اور ان سے محبت کی جائے۔ بعد رسول اکرم کا فرمان بھی اس کا درس دیتا ہے۔

وہ لوگ جو آپ کی تعلیمات مبارکہ کے دشمن ہیں آپ کے ساتھ بغض اور عداوت رکھتے ہیں آپ کی ناموس تقدس کے خلاف لب کشائی کرتے ہیں آپ کی شریعت مطہرہ کے خلاف بغاوت کر رہے ہیں۔ آپ کی لائی ہوئی مقدس کتاب جس کی حفاظت کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے خود کی قیامت کا اس پر اتفاق ہے کہ اس مقدس کتاب میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں ہوئی نہ ہی اس میں کوئی کمی زیادتی واقع ہوئی ہے۔ بعینہٖ انہی الفاظ اور معانی کے ساتھ ہم تک پہنچی ہے جیسے نازل ہوئی تھی لیکن اسلام کے ازلی دشمن نہ صرف اس مقدس کتاب میں کمی کوتاہی کے قائل ہیں بلکہ اس کتاب کا صدیق انکار کرنا ان کا بنیادی عقیدہ ہے بقول ان کے یہ کتاب شراب خور خلفاء کی خاطر لکھی گئی۔ اصلی کتاب غار میں امام مہدی کے پاس ہے جس کی لمبائی ستر گز اور اس کی آیات سترہ ہزار ہیں۔ ان حضرات کے عقیدے میں تمام صحابہ رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کی وفات کے بعد نعوذ باللہ مرتد ہوگئے تھے۔ وہ لوگ جو

بقیہ صفحہ 35 نمبر 9

صحابہؓ کا عشق رسولؐ

از قلم سلطان منصور اصغر گجرات

پوری دنیا معصیت کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں غلطاں تھی۔ سرزمین عرب کا یہ حال تھا کہ انہیں بدکاری میں تردید کی بجائے اطمینان ہوتا' شراب نوشی میں خوف کی بجائے خوشی ہوتی' ناچنے اور گانے کے لئے لونڈیاں پالی جاتیں' عصمتیں فروخت ہوتیں' قمار بازی پسندیدہ مشغلہ تھا' دیوتاؤں کی منتیں مانی جاتیں' ایسے کڑے وقت میں سرزمین مکہ میں بی بی آمنہ کے ہاں ایک ایسا چاند طلوع ہوا۔ جس کی روشنی سے پوری دنیا منور ہوئی۔

محمد رسول اللہ ﷺ کی بعثت نے دنیا کو ایک ایسی جماعت کی قیادت عطا فرمائی کہ جو آسمانی کتاب اور الٰہی شریعت و قانون رکھتی تھی۔ جس کا ہر قدم خدا کی بخشی ہوئی روشنی میں اٹھتا تھا۔ اور اجالے میں پڑتا تھا جو دنیا میں حق و انصاف کی علمبردار تھی۔ جو حکومت و قیادت کے منصب پر نبوت کی مستحکم اخلاقی تربیت اور دین کی مکمل تہذیب نفس کے بعد فائز ہوئی تھی۔ طوالت کے ڈر سے صرف ایک وصف پر چند واقعات تحریر کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں اور وہ وصف ہے صحابہ کرام ؓ کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق اور محبت!

عشق کے دعوے تو آج ہم بھی کرتے ہیں لیکن کیا کہنے ان عشاق کے!

عاشق ہو تو بلال ؓ جیسا! عشق رسول کی خاطر گلے میں رسی ڈال کر گھسیٹا گیا۔

عاشق ہو تو جناب خباب ؓ جیسا! کہ جس کی کمر کی چربی سے دہکتی آگ بجھی تھی۔

عاشق ہو تو سمیہ رضی اللہ عنہا جیسی! کہ جنہیں ابو جہل ملعون نے برچھی مار کر شہید کر دیا۔

عاشق ہو تو خبیب ؓ جیسا! کہ جس نے سولی پر چڑھ کر عشق کا امتحان دیا تھا۔

عاشق ہو تو مصعب بن عمیر جیسا! کہ جسے عشق رسول ﷺ کے جرم میں ریشمی لباس اتار کر ٹاٹ اوڑھنا پڑا تھا۔

عاشق ہو تو یاسر ؓ جیسا! کہ جن کا خمار عشق اہل مکہ کا ظلم و ستم بھی نہ اتار سکا۔

عاشق تو عبداللہ بن زبیر ؓ تھے! کہ جن کی لاش تین دن تک چوراہے پر لٹکتی رہی' اور بہادر ماں اپنا لخت جگر دیکھ کر پکار اٹھی "یہ سوار اپنی سواری سے کب اترے گا"

صلح حدیبیہ کے موقع پر کفار کا سفیر عروہ بن مسعود ثقفی جب مکہ واپس گیا تو جا کر کہنے لگا اے قریش میں بڑے بڑے بادشاہوں کے ہاں گیا ہوں قیصرو کسریٰ اور نجاشی کے درباروں کو بھی دیکھا ہے۔ اور ان کے آداب بھی دیکھے ہیں۔ خدا کی قسم میں نے کسی بادشاہ کو نہیں دیکھا کہ اس کی جماعت اس کی ایسی تعظیم کرتی ہو۔ جیسی محمد ﷺ کی جماعت ان کی تعظیم کرتی ہے اگر وہ تھوکتے ہیں تو جس کا ہاتھ پڑ جائے وہ اس کو بدن اور منہ پر مل لیتا ہے۔ جو بات محمد ﷺ کے منہ سے نکلتی ہے اس کے پورا کرنے کو سب ٹوٹ پڑتے ہیں ان کے وضو کا پانی آپ میں لڑلڑ کر تقسیم کرتے ہیں۔ زمین پر گرنے نہیں دیتے۔ اگر کسی کو قطرہ نہ ملے تو وہ دوسرے کے تر ہاتھ کو ہاتھ مل کر اپنے منہ پر مل لیتا ہے۔ ان کے سامنے بولتے ہیں تو بہت نیچی آواز سے' ان کی طرف نگاہ اٹھا کر ادب کی وجہ سے نہیں دیکھتے۔ اگر ان کے سر یا داڑھی مبارک کا کوئی بال گرتا ہے تو ان کو تبرکاً اٹھا لیتے ہیں۔ اور اس کی تعظیم اور احترام کرتے ہیں۔ الغرض میں نے کسی جماعت کو اپنے آقا کے ساتھ اتنی محبت کرتے نہیں دیکھا جتنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جماعت ان سے کرتی ہے۔

حضرت عبدالرحمان بن ابی بکر ؓ نے اپنے والد حضرت ابو بکر صدیق ؓ سے کہا کہ جنگ بدر کے دن میں آپ کو دیکھ لیا تھا۔ لیکن میں نے آپ سے اپنا منہ پھیر لیا تھا۔ (باپ سمجھ کے چھوڑ دیا تھا) تو حضرت صدیق اکبر ؓ نے فرمایا اگر میں تمہیں دیکھ لیتا تو تم سے منہ نہ پھیرتا بلکہ اللہ کا دشمن سمجھ کر قتل کر دیتا۔ (اس وقت تک حضرت عبدالرحمٰن ؓ مسلمان نہ ہوئے تھے۔)

صحابیات کا نبی کریم ﷺ سے محبت کا یہ عالم تھا کہ احد کی لڑائی میں مسلمانوں کو اذیت بھی بہت پہنچی اور شہید بھی بہت ہوئے مدینہ طیبہ میں یہ وحشت اثر خبر پہنچی تو عورتیں پریشان ہو کر تحقیق حال کے لئے گھر سے نکل پڑیں۔ ایک انصاری عورت نے مجمع کو بے تابانہ پوچھا کہ حضور ﷺ کیسے ہیں۔ اس مجمع میں سے کسی نے کہا کہ تمہارے والد شہید ہو گئے۔ انہوں نے انا للہ وانا الیہ راجعون بے قراری کی حالت میں پوچھا کہ حضور ﷺ کس حال میں ہیں۔ کسی نے والد کی شہادت کی خبر سنائی۔ اور کسی نے بیٹے اور بھائی کی کہ یہ سب شہید ہو گئے مگر انہوں نے انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا اور پوچھا کہ حضور ﷺ کیسے ہیں۔ لوگوں نے جواب دیا کہ حضور ﷺ بخیریت ہیں اور تشریف لا رہے ہیں۔ اس سے اطمینان نہ ہوا کہنے لگیں مجھے بتادو کہاں ہیں لوگوں نے اشارہ کر کے بتایا کہ اس مجمع میں ہیں اور یہ دوڑتی ہوئی گئیں اور اپنی آنکھوں کو حضور ﷺ کی زیارت سے ٹھنڈا کر کے عرض کیا۔ یارسول اللہ آپ کی زیارت ہو جانے کے بعد ہر مصیبت ہلکی اور معمولی ہے۔

احد کی لڑائی میں مسلمانوں کو جب شکست ہو رہی تھی تو کسی نے خبر اڑا دی کہ حضور نبی کریم ﷺ بھی شہید ہو گئے ہیں۔ اس وحشت ناک خبر سے جو اثر صحابہ ؓ پر ہونا چاہئے تھا وہ ظاہر ہے۔ حضرت انس ؓ چلے جا رہے تھے کہ مہاجرین و انصار کی ایک جماعت میں حضرت عمرو ؓ و طلحہ

ؓ ٹھہر گئے کہ سب پریشان حال تھے۔ حضرت انس ؓ نے پوچھا یہ کیا ہو رہا ہے کہ عمان پریشان سے ٹھہر رہے ہیں ان حضرات نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے۔ حضرت انس ؓ نے کہا کہ حضور ﷺ کے بعد تم زندہ رہ کر کیا کرو گے۔ تلوار ہاتھ میں لو اور چل کر مر جاؤ۔ چنانچہ حضرت انس ؓ نے خود تلوار ہاتھ میں لی اور کفار کی جمگھٹے میں گھس گئے اور لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔ ان کا مطلب تھا کہ جس ذات کے دیدار کیلئے جینا تھا جب وہی نہیں رہی تو پھر گویا جی کر ہی کیا کرنا ہے۔ چنانچہ اسی میں اپنی جان قربان کر دی۔ درحقیقت ان جانثاروں نے (اللہ اپنے لطف کرم سے ان کی قبروں کو بھر دے) اپنی جانثاری کا پورا ثبوت دے دیا کہ زخموں پر زخم لگے ہوئے ہیں۔ دم توڑ رہے ہیں مگر کسی کی کیا مجال ہے کہ کوئی شکوہ، کوئی گھبراہٹ، کوئی پریشانی، لاحق ہو جائے، ولولہ ہے تو حضور ﷺ کی حفاظت، حضور ﷺ پر جانثاری کا، حضور ﷺ پر قربانی کا!

جب آنحضرت ﷺ کا وصال ہوا تو بقول مولانا ابوالکلام آزاد جو صحابہ کھڑے تھے کھڑے کے کھڑے رہ گئے، جو بیٹھے تھے بیٹھے رہ گئے۔ بعض صحابہ ؓ روتے ہوئے جنگلوں کی طرف چلے گئے مدینہ میں کہرام مچ گیا مدینہ کے نواح میں ایک صحابی ؓ کھیت میں کام کر رہے تھے جب یہ المناک خبر سنی تو اللہ سے دعا کی اے خدا! میرے کانوں کی سماعت اور میری آنکھوں کی بینائی واپس لے لے کہ جس ہستی کے دیدار سے آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچا تھی اور جس کے ارشادات سے کانوں میں حلاوت نصیب ہوتا تھی وہ ہستی ہی دنیا میں نہیں رہی تو ان چیزوں کا کیا فائدہ! روایات میں ہے کہ وہ صحابی مستجاب الدعوات تھے کہ اللہ نے اسی وقت ان کی بینائی اور قوت سماعت واپس لے لی۔ حضرت عمر ؓ اپنی ضرب المثل قوت، شجاعت، دلیری، بہادری کے جو آج ساڑھے چودہ سو سال بعد بھی شہرہ آفاق ہے۔ اپنی اس بہادری کے باوجود حضور اقدس ﷺ کا وصال ہو گیا ہے تو اس کی گردن اڑا دوں گا۔ حضور ﷺ کے انتقال کی جھوٹی خبر اڑا رہے ہیں۔ حضرت عثمان ؓ بالکل گم سم تھے۔ کہ دوسرے دن تک آواز نہ نکلی۔ چلتے پھرتے تھے مگر بولا نہیں جاتا تھا۔ حضرت علی ؓ چپ چاپ بیٹھے رہ گئے کہ حرکت بھی بدن کو نہ ہوتی تھی۔ صرف ایک ابو بکر صدیق ؓ کا دم تھا کہ اس پہاڑ جیسے وقت کو برداشت کیا۔

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئی اور آکر عرض کیا کہ مجھے حضور اقدس ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کرا دیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے حجرہ شریف کھولا انہوں نے زیارت کی اور زیارت کر کے روتی رہیں۔ اور روتے روتے انتقال فرما گئیں۔ کیا اس عشق کی نظیر بھی کہیں ملے گی۔ کہ قبر کی زیارت کی تاب نہ لا سکیں۔ اور وہیں جان دے دی۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جماعت

جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے لاڈلے نبی اور پیارے رسول ﷺ کی مصاحبت کیلئے چنا، اس بات کی مستحق ہے کہ اس کی اتباع کی جائے، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خود فرما گئے ہیں۔

"میرے صحابہ" ستاروں کی مانند ہیں جس کی پیروی کرو گے۔ ہدایت پاؤ گے۔" دعا ہے کہ اللہ کریم ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

★★★

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم غیر مسلموں کی نظر میں

ابو معاویہ مولانا مسعود الرحمان عثمانی

صحابی شریعت کی اصطلاح میں اس شخص کو کہا جاتا ہے جس نے ایمان کی حالت میں حضور ﷺ کی صحبت اختیار کی ہو اور آپ کا دیدار کیا ہو ایمان ہی کی حالت میں اس کی موت واقع ہو۔ ویسے تو سوا لاکھ انبیاء کی قوموں میں ان پر ایمان لانے والے افراد موجود ہیں لیکن جو مقام حضور ﷺ کی تربیت یافتہ جماعت صحابہ کرام" کا ہے وہ کسی اور کو نہیں ملا۔ صحابہ کرام" جیسے مقدس نفوس چشم فلک نے نہ اس سے پہلے دیکھا نہ قیامت تک دیکھ سکے گا صحابہ کرام" دین کی اساس اور اسلام کی صداقت و حقانیت کی بین دلیل ہیں۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے عینی گواہ ہیں۔ اللہ پاک اور رسول اللہ ﷺ کی رضا خوشنودی کا محور و مصداق ہیں ان صحابہ کرام کا مقام قرآن جیسی عظیم لاشک و لاریب کتاب میں اللہ کی زبانی ۷۵۰ آیات میں واضح طور پر موجود ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زبان سے بے شمار احادیث میں صحابہ کرام کو آسمان ہدایت کے چمکتے ہوئے ستاروں سے تشبیہ دی گئی ہے سابقہ کتب سماویہ تورات زبور انجیل میں بھی صحابہ کرام کی شان میں دلائل ملتے ہیں اور پھر تابعین تبع تابعین اولیائے کرام سلف صالحین کی تقریر و تحریر میں صحابہ کی شان میں بہت زیادہ مدح سرائی کی گئی ہے مگر قابل غور بات یہ ہے کہ اپنے تو خامیاں دیکھ کر بھی

Scanned with Cam

تعریف کر دیتے ہیں اپنوں کی تعریف کوئی کمال نہیں کیونکہ دنیا کا دستور ہے کہ شاگرد استاد کی مرید مرشد کی بیوی اپنے خاوند کی بیٹا اپنے باپ کی تعریف کرتا ہے۔ کمال تو یہ ہے کہ دشمن بھی تعریف کرنے پر مجبور ہو وہ کمالات اوصاف حمیدہ دیکھ کر رطب اللسان ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ زیر نظر مضمون میں مختصر طور پر "صحابہ کرام" کے متعلق چند غیر مسلموں کے تاثرات پیش خدمت ہیں جن سے صحابہ کرامؓ کی عظمت مزید کھل کر سامنے آتی ہے جو صحابہ کرامؓ کو ہدف تنقید بنانے والوں کے چہروں پر زوردار طمانچہ ہے کیونکہ یہ ایسے غیر مسلموں کے تاثرات ہیں جو اسلام دشمنی میں تو حد درجہ تک پہنچے مگر صحابہ کرامؓ کے اعلیٰ اخلاق سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ ملاحظہ ہوں۔

جن غیر مسلموں نے صحابہ کرامؓ کو آنکھوں سے دیکھا ان کے تاثرات

حضرت عمرو بن العاصؓ نے مصر کے قلعہ کا محاصرہ کیا تو قبطی بادشاہ مقوقس نے قلعہ سے نکل کر جزیرہ مصر میں پناہ لی اور اپنے دو قاصدوں کو خط دیکر مسلمانوں کے پاس ڈرانے کے لئے بھیجا حضرت عمرو بن العاصؓ نے فوراً جواب دینے کی بجائے ان قاصدوں کو اپنے پاس ٹھہرایا اور ان کی میزبانی کی اور مسلمانوں کے شب و روز کے معمولات کو انہوں نے قریب سے دیکھا جب مقوقس کے پاس واپس پہنچے تو اس نے پوچھا کہ بتاؤ مسلمانوں کو تم نے کیسا پایا تو قاصدوں نے جواب دیا کہ ہم نے ایک ایسی قوم دیکھی جس کے ہر فرد کو موت زندگی سے زیادہ محبوب ہے وہ لوگ عجز و انکساری کو دنیا کی ٹھاٹ باٹ پر فوقیت دیتے ہیں ان کے دل میں دنیا کی حرص و رغبت بالکل نہیں وہ زمین پر بیٹھتے ہیں اور گھٹنوں کے بل بیٹھکر کھانا کھاتے ہیں ان میں سب برابر ہیں کوئی معلوم نہیں ہوتا کہ آقا کون ہے غلام کون ہے ان کا امیر ایک عام سا آدمی ہوتا ہے۔ اور جب نماز کا وقت آتا ہے تو ان میں سے کوئی پیچھے نہیں رہتا وضو کرکے نماز خشوع کے ساتھ پڑھتے ہیں یہ صحابہ کرام کی تعریف ہے جو غیر مسلم قاصد اپنے غیر مسلم بادشاہ کے سامنے بیان کررہے ہیں مقوقس نے جب یہ باتیں سنیں تو بے اختیار پکار اٹھا کہ ان لوگوں کے سامنے پہاڑ بھی آجائیں تو پاش پاش ہوجائیں گے

محترم قارئین! یہ ان غیر مسلموں کے تاثرات میں جنہوں نے خود قریب سے صحابہ کو دیکھا تھا جبکہ وہ غیر مسلم جنہوں نے صحابہ کرامؓ کو دیکھا نہیں صرف کتابوں میں پڑھا ہے وہ بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ چند غیر مسلم مفکرین اور دانشوروں کے تاثرات پیش خدمت ہیں۔

غیر مسلم مفکرین کے تاثرات صحابہ کرام کے بارے میں

چنانچہ سرولیم میور نصرانی مورخ اور متعصب عیسائی اپنی کتاب Life of Muhammad میں لکھتا ہے کہ ہجرت سے تیرہ سال قبل مکہ ایک ذلیل حالت میں بے جان پڑا تھا مگر ان تیرہ برسوں میں کیا ہی عظیم اثر پیدا ہوا سینکڑوں آدمیوں کی جماعت (صحابہ) نے بت پرستی چھوڑ کر خدائے واحد کی پرستش اختیار کی اور اپنے اعتقاد کے موافق وحی الہٰی کی ہدایت کے مطیع و منقاد ہوئے اس قادر مطلق سے بکثرت و شدت (صحابہ) دعا مانگتے اسی کی رحمت پر مغفرت کی امید رکھتے اور یہ (صحابہ) حسنات و خیرات پاک دامنی اور انصاف کرنے میں بڑی کوشش کرتے تھے محمد ﷺ کو (وہ ان کی ساری امیدوں کا ماخذ تھے) اپنا حیات تازہ بخشنے والا سمجھتے تھے اور انکی ایسے طور پر اطاعت کرتے جو ان کے ﷺ رتبہ عالی کے لائق تھی۔ (ان صحابہ میں سے) ایک سو مرد عورتوں نے اپنا گھربار چھوڑا مگر ایمان عزیز سے منہ نہ موڑا۔

مورخ ایڈورڈ گبن عیسائی (اپنے عیسائیوں کو متوجہ کرکے بیان کرتا ہے) کہ نصف صدی سے کم میں اسلام بہت سے عالیشان اور سرسبز سلطنتوں پر غالب آگیا جب کہ (حضرت) عیسیٰ علیہ السلام کو سولی پر لائے تو اس کے پیروکار بھاگ گئے اور مقتداء کو سولی کے نیچے چھوڑ کر چل دیئے اس کے برعکس محمد (ﷺ) کے پیروکار (صحابہؓ) اپنے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کے گرد وپیش رہے اور اس (صلی اللہ علیہ وسلم) کو بچانے کے لئے اپنی جانیں خطرہ میں ڈال کر کل دشمنوں پر اس (صلی اللہ علیہ وسلم) کو غالب کردیا۔

گاڈ فری ہیگنس اپنی کتاب Apology from Muhammad میں رقم طراز ہے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اول مریدوں کے لوگ بڑے ذی وجاہت تھے اور جب وہ خلیفہ اور افسر فوج اسلام ہوئے تو اس زمانہ میں انہوں نے جو کچھ کام کئے ان سے ثابت ہوتا ہے کہ ان میں اول درجہ کی لیاقتیں تھیں اور غالباً وہ ایسے نہ تھے کہ باآسانی دھوکہ کھاجاتے۔ یہاں سے ان ظالموں کو اپنے عقائد پر شرم آنی چاہئے جو ان صحابہ کرامؓ کو آج کے دور کی نکھٹو فوجوں کو صحابہؓ پر فوقیت دینے کی بات کرتے ہیں جیساکہ خمینی کی تحریروں میں یہ بات موجود ہے۔

پروفیسر فلپ اپنی کتاب The Arabs a Short History میں لکھتا ہے (صحابہ کرام کے جہادی کارناموں اور غلبہ اسلام کے حوالہ سے) حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی وفات کے بعد ایک صدی کے اندر ہی آپ کے (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیرو (صحابہ) ایک ایسی وسیع و عریض سلطنت کے مالک بن گئے جو رومیوں کو ان کے انتہائی عروج کے وقت بھی نصیب نہ ہوئی تھی اس سلطنت کے دامن اگر ایک طرف خلیج Biscay سے دریائے سندھ اور چین کی سرحدوں تک پھیل گئے تھے تو دوسری طرف بحیرہ کوارزم اور دریائے نیل کے شمالی آبشاروں کو انہوں نے اپنے اندر سمیٹ لیا تھا۔ ریگ زار عرب کے فرزند رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کا نام خدائے قدیر اللہ کے نام کے ساتھ دن میں پانچ مرتبہ ان سینکڑوں ہزاروں معبودوں کے بلند میناروں سے پکارا جاتا تھا جو جنوبی یورپ شمالی افریقہ سے لیکر مغربی اور وسطی ایشیاء تک پھیلی ہوئی تھی اپنی اس بے نظیر وسعت پذیری کے دور میں مسلمانوں نے اپنے دینی عقائد طرز کلام حتیٰ کہ اپنے جسمانی خدوخال کے اعتبار سے بھی غیر قوموں کی آزادی کی جتنی بڑی تعداد اپنے اندر جذب کرلیا تھا اتنی بڑی تعداد میں دنیا کی کوئی

Scanned with Car

قوم آج تک نہ کر سکی نہ یونانی نہ رومی نہ رگمو سکیں نہ روسی۔ (صحابہ کرامؓ کے ایمان اور اطاعت) پر پروفیسر فلپ مزید لکھتا ہے کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی بیوی خدیجہؓ اور چچا زاد بھائی حضرت علی ؓ' حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی رسالت کو تسلیم کیا اور آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایمان لائے۔

(خلفائے راشدین کے متعلق لکھتا ہے) حضرت ابوبکرؓ کے بعد خلفاء کی فہرست مین علی الترتیب حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ کا نام شریک ہیں۔ یہ چاروں خلفاء رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے قریب ترین صحابیؓ اور رشتہ دار تھے ان کی زندگیاں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زندگی کے فیضان سے اتنی اثر پذیر ہو چکی تھیں کہ ان کے اعمال اور خیالات میں اسی نور (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کا اثر اور اس کی جھلک نمایاں رہی۔ عرب کے فاتح اور متحد کرنے والے حضرت ابوبکرؓ نے ایک سردار قبیلہ کی سی سیدھی ساری زندگی بسر کی جب آپ خلیفہ ہوئے اس وقت آپ ایک معمولی مکان میں اپنی بیوی حبیبہ کے ساتھ رہتے تھے۔ اس زمانہ میں اسلامی مملکت کی آمدن کا کوئی ذریعہ نہ تھا اسی لئے آپ کو کوئی وظیفہ نہ ملتا تھا حضرت عمرؓ بن الخطاب اطاعت الٰہی کے پیمانے میں باندھے ہوئے تھے۔ ان کی قسمت میں اسلامی مملکت کے قیام میں نمایاں حصہ لینے کی سعادت مقدر ہو چکی تھی خلیفہ ہونے کے بعد بھی آپ تجارت کے ذریعہ گزر بسر کرتے تھے عمر کا نام اسلامی روایات کے اعتبار سے عظمت شہرت میں حضرت محمد ﷺ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام کے بعد ہی آتا ہے آپ کے زہد تقویٰ آپ کی انصاف پسندی بزرگانہ سادگی کی مسلمان مصنفوں نے بہت زیادہ تعریف کی ہے۔

مشہور انگریز مورخ گبن اپنی کتاب (زوال سقوط روم) میں خلفاء راشدین کے متعلق لکھتا ہے کہ پہلے چار خلفاء کے اطوار اوصاف ضرب المثل تھے ان کی کوششیں اخلاص پر مبنی تھیں۔ انھوں نے اپنی زندگیاں اخلاقی فرض کی ادائیگی اور دینی امور کی انجام دہی میں صرف کیں۔

فرانسیسی اسکالر اپنی کتاب تمدن عرب میں لکھتا ہے کہ انہوں (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) نے خلافت کے لئے ایسے لوگوں کو منتخب کیا جن کی اصل غرض غایت دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی اشاعت تھی۔ مشہور مستشرق مسٹر گارلن لکھتا ہے مگر آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ان (صحابہؓ) کو اخلاق حسنہ اور بہترین تہذیب تمدن کے وہ درس دیئے جس نے نہ صرف انکو بلکہ پوری دنیا کو انسان بنا دیا۔

پروفیسر ایچ۔ جی ویلز اپنی کتاب اوٹ لائن آف ہسٹری میں لکھتا ہے کہ پیغمبر (علیہ السلام) صداقت کا یہی بڑا ثبوت ہے کہ جو آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے سب سے زیادہ قریب تھے اور زیادہ جانتے تھے وہی آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر سب سے پہلے اسلام لائے پیغمبر (علیہ السلام) نے ایسی سوسائٹی کی بنیاد رکھی جس میں ظلم اور سفاکی کا خاتمہ کیا گیا۔ فلکار کملادیوی لکھتی ہے اے عرب کے مہاپرش آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے دم سیوکوں میں وہ بات پیدا کردی کہ ایک ہی سے کے اندر و جرنیل کمانڈر اور چیف جسٹس بھی تھے اور آتما کے سدھار کا کام بھی کیا کرتے تھے۔

مہاتما گاندھی لکھتا ہے اگر ہمارے کانگریسی وزراء عالی وقار چاہتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ دنیا میں ان کا سر اونچا ہو تو وہ صدیقؓ و عمر فاروقؓ کا نمونہ اختیار کریں جن کے قدموں میں دنیا کے خزانے ڈالے گئے اور ملکوں کی دولتیں آئیں مگر اس کے باوجود نہ ان کے پیوند لگے کپڑے چھوٹے نہ جو کی روٹی اور نہ زیتون کا تیل چھوٹا۔ حسنات و خیرات' عجز و انکساری کا پیکر' دنیا کی محبت سے دور عبارت میں خشو رکھنے والے اور اللہ کی پرستش کرنے والے تھے۔ وحی کے مطیع ذی وجاہت اور اولی درجہ کے لائق پیرو تھے ان کے اعمال میں پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جھلک تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے بڑے متقی زاہد انصاف پرور تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے والے اور ایمان کی خاطر جان قربان کرنے والے تھے ان کے اخلاق حسنہ سے دنیا انسان بنی مہاتما گاندھی اپنے وزراء کو صدیقؓ و عمرؓ جیسا بننے کی تلقین کرتا ہے مگر افسوس صد افسوس کہ اہل تشیع اپنے آپ کو مومن کہتے ہیں مگر پیغمبر ﷺ کی اس مبارک جماعت کو معاذاللہ برا کہتے ہیں تف ہے ایسا عقیدہ رکھنے والوں پر۔

بقیہ 7

کے مخالف کمزور ہو جاتا ہے۔ تم دوسرے لفظوں میں ہمیں یہ سبق دینا چاہتے ہو کہ ہم بھی کسی ملک کی ایجنٹی کریں۔ ہم بھی کسی ملک کا سارا تلاش کریں۔ تم ایک طرف یہ کہتے ہو کہ غیر ملکی ایجنٹوں کو بخشنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ دوسری طرف غیر ملکی ایجنٹوں کی ناز برداریاں کرتے ہو آخر کیا وجہ ہے؟ میں ایم این اے ہوں تب گرفتار ہوتا ہوں' ایم پی اے ہوں تب گرفتار ہوتا ہوں اور جو کونسلر نہیں بن سکتے انہیں تم ہاتھ تک نہیں ڈالتے!

بقیہ 8

نتیجہ ہے گلاسکو کے صابر علی نے کہا یہ کامیابی حافظ عبدالحمید کی ثابت قدمی کا نتیجہ ہے۔ باتھ گیٹ کے محمد اجمل طارق نے کہا یہ کامیابی دشمن اصحاب رسول کی ذلت و رسوائی کا منہ بولتا ثبوت ہے اس فیصلہ سے سبق حاصل کرنا چاہئے۔ اگر دل میں جذبہ اور سچی لگن ہو کامیابی کی تمام منزلیں طے ہو سکتی ہیں۔ باطل کے اوچھے ہتھکنڈے کبھی بھی راستہ کی دیوار نہیں بن سکتے۔ حافظ عبدالحمید نے کہا کورٹ آف سیشن کے اس فیصلہ کو پورے برطانیہ میں سراہا جا رہا ہے۔ اللہ رب العزت کی کرم نوازی ناموس رسالت اور ناموس صحابہ کی عظیم مشن کیلئے کام کرنے کے عزم کے کا نتیجہ ہے انہوں نے معززین علاقہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا آپ جس جذبہ سے میرے ساتھ رہے اور جس خلوص اور پیار سے مجھے مبارکباد دے رہے ہیں مدتوں نہیں بھلا سکوں گا۔ میں سپاہ صحابہ کے مشن اور کاز کیلئے پہلے سے زیادہ کام کرتا رہوں گا۔

ضروری اعلان

جرنیل سپاہ صحابہ حضرت مولانا محمد اعظم طارق صاحب کا رہائی کے بعد تفصیلی انٹرویو آئندہ شمارے میں ملاحظہ فرمائیں۔ (ادارہ)

Scanned with CamScanner

حضرت ام المومنین سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا

بلقیس فاطمہ فیصل آباد

آپ کا نام سودہ تھا والد کا نام زمعہ بن قیس قبیلہ بنی عامر بنی عامر قریش کا ذیلی قبیلہ تھا حضرت سودہ کے والد زمعہ بن قیس اسی قبیلہ کے ایک شریف اور باوقار فرد تھے۔

نسب نامہ

زمعہ بن قیس بن عبد الشمس بن عبدود بن نصر بن مالک بن حسل بن لوی بن کعب

والدہ کا نام

آپکی والدہ مبارکہ کا نام شموس ہے قبیلہ آپ کی والدہ شموس مدینہ منورہ کے مشہور قبیلہ بنی البخار سے تعلق رکھتی تھیں نصب نامہ شموس بن قیس بن زیاد بن عمر بن بعد بن فراش بن عامر بن منم بن عدی بن البخار۔ بنی البخار وہی قبیلہ ہے جہاں آپ ﷺ کی والدہ محترمہ حضرت بی بی آمنہ کا ننھیال اور جہاں خاتم المعصومین جو چھ سالکی عمر میں ساتھ لے کر ان کی والدہ آئیں تھیں اور واپس جاتے ہوئے ابوا کے مقام پر بیمار ہو گئیں اور اسی بیماری میں وفات پا گئیں تھیں۔

پہلا نکاح

پہلا نکاح حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا سکران بن عمرو سے ہوا تھا جو ان کے والد (زمعہ بن قیس کی چچا زاد بھائی تھے۔ یہ دونوں (سودہ سکران) میاں بیوی اولین مسلمانوں میں سے تھے اسی لئے ان کا نام نامی السابقون الاولون کی فہرست میں شامل ہے حضرت سودہ کے بیٹے کا نام عبدالرحمان سکران ہے پہلی ہجرت حبشہ کے وقت تو حضرت سودہ اور سکران رضی اللہ عنہما قافلہ میں شریک نہ ہوئے بلکہ کافروں کے ظلم و ستم کے باوجود مکہ ہی میں قرب رسالت میں ڈیرہ جمائے رہے لیکن جب کفار مشرکین کے مظالم ثریا سے باتیں کرتے ہوئے حد سے تجاوز کر گئے تو یہ دونوں میں بیوی (حضرت سکران اور حضرت سودہ) اپنے لخت جگر حضرت عبدالرحمان کو ساتھ لیکر حکم رسول پر دوسرے بڑے قافلہ میں شریک ہو کر حبشہ میں ہجرت کر گئے کئی سال حبشہ مقیم رہے پھر جب یاد وطن نے مجبور کیا تو میاں بیوی اپنے بیٹے سمیت مکہ مکرمہ آ گئے۔

عبدالرحمابن سکران کون..........؟

یہ وہی عظیم ترین ہستی ہے جسے دنیا عبدالرحمان بن سکران کے نام سے جانتی ہے کہ جس نے آتش کے پجاریوں ۔ایرانیوں کے خلاف جہاد کرتے کرتے ایرانی آتش پرستوں کو لوہے کے چنے چبوا ڈالے تھے۔ اور ایسی مشرک قوم کو توحید کی دعوت قبول نہ کرنے کے عوض صفحہ ہستی سے مٹاتے ہوئے جنگ جلولاء س ۱۷ھ میں مراد مصطفیٰ داماد علی المرتضیٰ یعنی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں شہادت پا گئے۔ سکران بن عمرو کا انتقال حبشہ سے واپس مکہ مکرمہ آ جانے کے کچھ دیر بعد (روایات کے مطابق کچھ ہی دن بعد حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے سرتاج حضرت سکران بن عمرو رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا بیوہ ہو کر تقریباً دو سال سے اپنے والد (زمعہ بن قیس) کے گھر میں رہ رہیں تھیں کہ ان کی قسمت کا ستارہ ایک انوکھے انداز میں طلوع ہوا اور قسمت کا ستارہ آسمان ثریا سے باتیں کرنے لگا۔ یعنی 10ھ میں حضرت سودہ رضی اللہ عنہ کو زوجہ رسول خدا ﷺ کا بے مثال شرف نصیب ہوا اور امت مسلمہ کی ماں ہونے کا شرف بے مثال حاصل ہوا عمر اس وقت آپ کی 50 سال تھی۔ اور اس وقت آپ کا بیٹا عبدالرحمان جوان تھا۔

بعثت کو تیرہ سال گزر چکے تھے کہ آپ نے حکم الہیٰ پر اپنے مخلص ترین رفیق حضرت ابو بکر صدیق کو ساتھ لے کر یثرب (مدینہ منورہ) کی طرف ہجرت فرمائی مدینہ پہنچ کر جب ذرا سکون ہوا تو بدر منیر ﷺ نے زید بن حارث کو اور خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک غلام کو مکہ مکرمہ سے بال بچے لانے کو بھیجا حضرت سودہ رضی اللہ عنہا اپنی دونوں بیٹیوں (جو کہ حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بطن سے ہونے کی وجہ سے سوتیلی تھیں) حضرت فاطمہ الزہرہ رضی اللہ عنہا اور ام کلثوم رضی اللہ عنہا کو اپنی سگی اولاد کی طرح چاہتی تھیں اپنے ساتھ لے کر زید بن حارث کے ہمراہ مدینہ حرم رسالت کی طرف ہجرت کی حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے دو ہجرتیں کی تھیں ایک حبشہ کی طرف دوسری مدینہ منورہ کی طرف اسی وجہ سے آپ کو صاحبۃ الہجرتین بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا نکاح آپ سے چونکہ دس ہجری کو ہوا چونکہ آپ کا اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کا زمانہ قریب قریب ہے اس لئے مورخین کا اس میں اختلاف ہے کہ تقدم کس کو حاصل ہے لیکن مشہور مورخ ابن اسحاق کی روایت کے مطابق حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تقدم حاصل ہے۔

واقعات حالات

واقعات حالات بھی ابن اسحاق کی روایت کی تائید کرتے ہوئے اختلاف کو ختم کرتے ہیں۔ مثلاً حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جب رخصت ہو کر خاتم المعصومین کے گھر میں آئیں تو حضرت سودہ نے بڑی خندہ پیشانی سے انکا استقبال کیا حضرت سودہ

Scanned with Cam

ماؤں کی بجائے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ
جھولی اور سہیلی کی طرح رہتی تھیں۔

حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو حضرت
عائشہ رضی اللہ عنہا سے بے حد محبت اور پیار تھا
عائشہ رضی اللہ عنہا کی دلجوئی کا خیال رکھتی
تھیں چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ کے پاس آ
کر تشریف لے آئیں اور جب حضرت سودہ کو
خیال ہوا کہ اب وہ عمر کی اس منزل کو پہنچ گئی ہیں
جہاں ازدواجی خواہشات ختم ہو جاتی ہیں تو انہوں
حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے اپنی باری بھی حضرت
عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو دے دی کسی عورت کا
اس سے بڑی قربانی اور کیا ہو سکتی ہے اور یہ بھی
فقط رفاقت صحبت رسالت کے لئے۔

رحمت دو عالم ﷺ جب ہجرت کر کے
مکہ سے مدینہ کو تشریف لے گئے تو حضرت
سودہ رضی اللہ عنہا بھی ساتھ ہی تھیں۔ کیونکہ حضرت
سودہ رضی اللہ عنہا قبل از اسلام بھی ہجرت کر چکی
اور حبشہ بھی ہو آئی تھیں۔ آپ کی جود و سخا کے
ساتھ ساتھ کھانے پینے میں سخاوت کی بھی عادت
تھی۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو جو کچھ ملتا
بانٹ دیتیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو
یہ بات بہت پسند تھی کہ ان کی طبیعت میں
تکلیف ہوتی۔ حضرت پیغمبر ﷺ کے بعد حضرت
سودہ اس حکم پر شدت سے عمل کرتی رہیں
کبھی حج کے لئے نہیں گئیں۔

فرمان سودہ رضی اللہ عنہا

آپ فرمایا کرتی تھیں کہ حج اور عمرہ
آپ کے ساتھ ادا کر چکی ہوں اب اللہ اور اس کے
رسول کے حکم کے مطابق گھر کی دیواروں کے حصار
میں بیٹھوں گی۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک بار
حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں ایک تھیلی
بھیجی۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے تھیلی لانے والے
سے پوچھا کہ اس تھیلی میں کیا ہے۔ جواب ملا درہم
حضرت سودہ بولیں فرمانے لگیں کہ کیا کھجوروں کی
تھیلی میں درہم بھیجے جاتے ہیں۔ اور یہ کہہ کر
اسی وقت یہ درہم تقسیم کر دیئے اور خالی تھیلی
لانے والے کو دے دی۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے
خود طائف کی کھالیں بنتی تھیں۔ اور اس سے جو
آمدنی ہوتی تھی اس کو نہایت فراخدلی سے غریبوں
میں تقسیم کر دیتی تھیں یا دوسرے نیک کاموں میں
صرف کر کے حقیقی سکون کو پہنچتی تھیں۔

وفات

ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ عنہا
نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں ۲۲ھ کو
مدینہ منورہ میں وفات پائی

نماز جنازہ

نماز جنازہ پڑھانے کا شرف امیر المومنین حضرت
عمر رضی اللہ عنہ کو نصیب ہوا تدفین مدینہ منورہ کے
قبرستان جنت البقیع میں ہوئی۔

اصحابِ قلم متوجہ ہوں

شہید اسلام
مرد حق پرست خطیب اسلام آباد
حضرت مولانا
محمد عبداللہ شہیدؒ

اور

شہیدان شہید مولانا حبیب الرحمن صدیقی

فخر نوجوانانِ سپاہِ صحابہ رض
حضرت
علامہ مولانا
شعیب ندیم شہیدؒ

کی یاد میں
ماہنامہ "خلافت راشدہ" کیطرف سے
اکتوبر ۱۹۹۹ء میں خصوصی اشاعت کا اہتمام کیا جارہا ہے دونوں شہیدوں کی سیرت و احوال کے موضوع پر منتخب
مضامین شائع ہوں گے۔ ۳۱ اگست تک مضامین ارسال کئے جاسکتے ہیں۔ ادارہ

Scanned with CamScanner

سپاہ صحابہ کا مشن

ماضی اور حال کے آئینہ میں

از ابوہریرہ صوفی محمد شفیع ملتان

آج بروز جمعہ ۹ جولائی کی صبح چند ساتھی کارکن ایک دوسرے کو مبارک باد دے رہے تھے معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ مولانا اعظم طارق جیل سے رہا ہو چکے ہیں۔

جب ہمارے قائدین پس دیوار زنداں تھے تو ہر طرف ظلم ہی ظلم تھا۔ ہر طرف مایوسی تھی ایک نہ ختم ہونے والی تاریک رات تھی اور ہر طرف اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ ہر طرف مایوسی کے بادل تھے اور صحابہ کا دشمن چار سو پھیلا ہوا تھا ہر طرف لوٹ مار اور ظلم جبر تھا اور کوئی پوچھنے والا نہ تھا اس تاریک رات میں صحابہ کا دشمن دندناتا پھر رہا تھا حکمران صحابہ کے دشمن کا ساتھ دے کر اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا رہے تھے۔ ہر کارکن مایوسی کے عالم میں گرفتار اور پریشان تھا کہ یا اللہ یہ سیاہ اور تاریک رات کب ختم ہوگی کب ہمارے قائد محترم زنداں سے باہر آئیں گے۔ وہ کونسی صبح ہوگی جب آفتاب خوشی کا پیغام لیکر آئے گا۔ مایوسی کے بادل کب چھٹیں گے غرض ہر طرف خوف وحشت اور بربریت کا عالم تھا بالآخر یہ تاریکی ختم ہوئی۔ طلوع سحر ہوئی اور خوشی کا پیغام لیکر آفتاب نمودار ہوا کہ مولانا اعظم طارق جیل سے باہر آگئے ہیں تو ہر طرف خوشی کی لہر دوڑ گئی کارکن ایک دوسرے کو مبارک باد دے رہے تھے پہلے تو ہمیں یقین نہ آیا کہ یہ کہیں خواب تو نہیں پھر آہستہ آہستہ وہم ختم ہوا وہم حقیقت میں بدل گیا۔ یہ اللہ پاک کی کرم نوازی ہے اس کا بہت بڑا احسان ہوا ہے اعظم طارق ایک عظیم انسان ہیں جنھوں نے کئی سال جیل میں گزار دیئے حکومت وقت نے انہیں کئی جھوٹے مقدمات میں ملوث کرکے جیل کی کال کوٹھڑیوں میں قید و بند رکھا' مگر استقامت کے اس پہاڑ نے تمام حکمرانوں کے سامنے کسی قسم کی سودے بازی قبول نہ کی۔ ظالموں کا ہر ظلم برداشت کیا مگر اپنے مشن اور سچائی پر ڈٹے رہے۔ دنیا والوں کا ہمیشہ ہر زمانے میں اللہ والوں کے ساتھ یہی ناروا سلوک رہا ہے۔ جب ان کے پاس کوئی نعمت خداوندی ہوتی ہے تو اس کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہوتی۔ جب یہ نعمت خداوندی چھن جائے تو بعد میں کہتے ہیں ہمیں پتہ نہیں تھا کہ یہ ایسی چیز تھی ہمیں خبر نہ تھی مگر بعد میں افسوس کس کام کا تو یہی حال کچھ اس وقت ہے جو جانتے ہیں ان سے پوچھو کہ اعظم طارق کیا چیز ہے جاننے والوں کی نظر میں مولانا اعظم طارق بہت بلند پایا کے انسان ہیں۔ حکمرانوں کو قافلہ حق کے اس عظیم قائد کو رہا کرنا پڑا اور حق والوں کا یہ قافلہ صحابہ کرام سے چلا اور مختلف اکابرین امت اس وقت کے قائد بنے اور پھر ہر قائد نے ہر قسم کی تکلیفیں اور ہر قسم کے ظلم برداشت کئے ظالموں کے کوڑوں کی مار کھائی۔ جلا وطن ہونا پڑا جیل کی کال کوٹھڑیوں میں ساری زندگی گزارنا پڑی۔ جن کے جنازے بھی جیل سے نکلے کسی کو زہر دیا گیا تو کسی کو سربازار رسوا کیا گیا۔ کسی کو کالا پانی کی سزا ہوئی تو کسی کو گوالیار کی جیل کسی کو مالٹا تو کسی کو درخت پر پھانسی۔ کسی کو بلڈوزر کے نیچے کچلا گیا۔ تو کسی کو خنزیر کی کھال میں بند کرکے جلا دیا گیا کسی کو انگریز کی عدالت میں گولی کا حکم تو کسی کو توپ کے سامنے باندھ کر فائر کیا گیا کسی کو اس کی بیوی بچوں کے سامنے مارا گیا تو کسی کی ٹانگ پکڑ کر اسمبلی سے باہر گھسیٹا گیا۔ کسی کو سرعام گولی ماری گئی تو کسی کو حق بات کہنے کی وجہ سے اسمبلی سے باہر ہی گرفتار کرلیا گیا۔ کسی کو عدالت کے احاطہ میں بموں سے اڑا دیا گیا تو کسی کو بدنام زمانہ چونگ کے عقوبت خانوں میں ٹارچر سیل میں ہر قسم کی تکلیف سے آزمایا گیا کبھی پانچ پانچ علماء دین کو دن کے وقت شہید کیا گیا کبھی مسجد میں نمازیوں پر گولیوں کی بوچھاڑ کردی گئی اور کسی کو اپنے ہی گھر کے سامنے گولی مار دی گئی کسی کو پانی کی جگہ پیشاب پلایا گیا۔ تو کسی کو کڑکتی دھوپ میں کھڑا کیا گیا۔ اور پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد کی سڑکوں کو حضرت مولانا عبداللہ علامہ شعیب ندیم اور دوسرے ساتھیوں کے خون سے رنگین کیا گیا۔ الغرض وہ کونسا ظلم ہے جو پاکستان کی حکومت نے سپاہ صحابہ کے کارکنوں پر نہیں کیا۔ جب ہم غور کرتے ہیں تو ایسے معلوم ہوتا ہے کہ جیسے حکمران کوئی غیر مسلم ہیں جو اسلام کا نام لینے والوں پر اتنے ظلم کرتے ہیں۔ جن کو دیکھ کر فرعون نمرود۔ ہلاکو۔ اور چنگیز خان کے ظلم بھی ماند پڑ جاتے ہیں آخر کیا وجہ ہے یہ مسلمان کہلوانے والے مسلمان حکمران ظالم برطانیہ کے نقش قدم پر کیوں چل رہے ہیں۔ کیا یہ ملک مسلمانوں کا اسلامی ملک نہیں اگر ہم اس کی تفصیل میں جائیں تو ہزاروں صفحات پر داستان پھیل جائے گی۔ کیونکہ اس کاروان حق میں ہر مرد اپنی جگہ ایک داستان ہے اور مستقبل بھی اپنا ہے۔ اب ہم سپاہ صحابہ کے مشن پر ماضی کی طرف لوٹتے ہیں۔ کہ یہ مشن کہاں سے شروع ہوا۔

جس طرح اللہ تبارک و تعالیٰ نے انبیاء کا سلسلہ نبوت حضرت آدم علیہ السلام سے شروع کیا اور مختلف زمانہ اور مختلف علاقہ کے واسطے نبی آئے اور بھٹکتی ہوئی انسانیت کیلئے توحید باری تعالیٰ کا پیغام سنایا اور جن علاقے کی جس طرح

بقیہ صفحہ ۹۹ نمبر ۱

کھلا خط

وزیراعظم پاکستان کے نام

شعبہ امور عامہ سپاہ صحابہ پاکستان

السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ!

خیریت موجود خیریت مطلوب!

جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ قیام پاکستان سے قبل اور قیام پاکستان کے بعد بھی مختلف علاقوں میں مذہبی کشیدگی بڑھ کر جانی و مالی نقصانات کا موجب بنتی رہی ہے۔ خمینی انقلاب کے بعد پاکستان، سعودی عرب، عراق، کویت سمیت مختلف ممالک میں ایرانی مداخلت میں اضافہ ہوا۔۔ ہر عمل کا ایک رد عمل ہوتا ہے۔ جارحانہ مذہبی مداخلت نے پاکستان کو میدان کارزار بنا کر رکھ دیا ہے۔

مذہبی و سیاسی جماعتوں اور محب وطن افراد نے اس کے تدارک کے لئے حتی المقدور کوششیں اور کاوشیں کیں۔ جن کے اثرات بعض اوقات مثبت برآمد ہوئے حکومتی سطح پر قیام امن کے لئے تحصیل، ضلع، ڈویژن اور صوبہ حتیٰ کہ مرکزی سطح پر بھی کاروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ مذہبی جماعتوں اور حکومتی کاوشوں کے نتیجہ میں کبھی ملی یکجہتی کونسل معرض وجود میں آئی کبھی متحدہ علماء بورڈ بنا۔ کبھی امن کمیٹیوں کے نام سے کام کیا گیا۔ ہر ایک کا مقصد شر کو ختم کر کے قیام امن کی داغ بیل ڈالنا تھا۔

سپاہ صحابہ اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ شر و فساد کو امن میں بدلنے کے ہر کاروائی کی حوصلہ افزائی دینی جماعتوں کے لئے باعث عزت و سرخروئی ہے۔ لہٰذا سپاہ صحابہ نے ہر مقام پر اپنا مثبت کردار ادا کر کے ثابت کیا کہ یہ جماعت ملک میں ہر مذہبی جماعت کے ساتھ تعاون اور امن کی ہر کوشش میں مخلص ہے۔

عزت مآب جناب وزیراعظم صاحب!

آپ نے اپنے سابقہ دور میں "اتحاد بین المسلمین" کمیٹی زیر صدارت مولانا عبدالستار خان صاحب نیازی تشکیل دی تو سپاہ صحابہ کے سربراہ حضرت مولانا ضیاء الرحمن فاروقی (شہید") نے مذکورہ کمیٹی کے نام شدید اعتراضات کے باوجود کمیٹی میں اپنے بھرپور دلائل سے ہاؤس کو نہ صرف قائل کیا بلکہ خلاف اسلام لٹریچر کی کاپیاں بھی فراہم کیں۔ جس سے اجلاس میں موجودہ شخصیات انگشت بدنداں رہ گئیں۔

سابق صدر مملکت جناب غلام اسحاق خان کے ہاتھوں سیاسی زخم کھانے کے بعد جب سپریم کورٹ سے آپ اپنی حکومت بحال کرانے میں کامیاب ہو گئے تو سپاہ صحابہ کے نمائندہ وفد نے وزیر اعظم ہاؤس میں آپ سے ملاقات کی۔ جناب محمد یوسف مجاہد صاحب (سابق سیکرٹری جنرل سپاہ صحابہ پاکستان) نے آپ سے کہا کہ ہم حکومتی جبر و تشدد کا مسلسل شکار چلے آرہے ہیں۔ آپ بحیثیت وزیراعظم ہماری جان بھی لے لیں ہمارا خون اس شرط پر معاف ہو گا کہ آپ تحفظ ناموس صحابہ و اہل بیت کیلئے مؤثر ترین قانون بنا دیں۔ آپ نے مجاہد صاحب سے بغل گیر ہوتے ہوئے وعدہ کیا۔ اگر مجھے بحیثیت وزیراعظم کام کرنے دیا گیا تو انشاء اللہ میں آپ لوگوں سے کیا گیا وعدہ پورا کر کے دکھاؤں گا۔ مگر آپ کی حکومت پھر توڑ دی گئی۔ موجودہ سرپرست اعلیٰ سپاہ صحابہ علامہ علی شیر حیدری صاحب نے دل آزار شیعہ کتب متحدہ علماء بورڈ میں پیش کیں اور ان کتب میں سے کچھ حکومت نے ضبط بھی کیں۔ پڑوسی ملک کی مسلسل مداخلت کے سبب پائدار امن کی ہر کوشش رایگاں ہوتی نظر آئی اور ملک میں جاری مذہبی قتل غارت گری نے شدت اختیار کرلی۔

عرصہ دراز کے تعطل کے بعد آپ کی حکومت نے ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی سربراہی میں 1999ء میں ایک کمیٹی تشکیل دی مگر افسوس ہاؤس میں بیٹھ کر کمیٹی کو تسلیم کرنے والے ایک مرتبہ پھر انکاری ہو گئے اور علامہ مذکور نے سربراہی سے استعفیٰ دے دیا۔ آپ نے اور آپ کے برادر میاں شہباز شریف وزیراعلیٰ پنجاب نے اپنی کوششیں جاری رکھیں اور ایک محب وطن عالم دین علامہ عبدالرحمان اشرفی کو اس کمیٹی کا سربراہ مقرر کر کے معاملہ کو حل کرنے کی کوشش کی۔ اس کمیٹی میں سپاہ صحابہ، دیگر مذہبی جماعتوں اور فقہ جعفریہ کو بھی شامل کیا گیا۔

اب 8 جون 1999ء کو صاحبزادہ حاجی محمد فضل کریم صاحب (وزیر اوقاف و زکوٰۃ و عشر صوبہ پنجاب کی قیادت میں متحدہ علماء بورڈ نے جناب شہباز شریف صاحب وزیر اعلیٰ پنجاب سے گورنر ہاؤس مری میں ملاقات کی اور فرقہ واریت کے انسداد کے لئے قانون سازی کی ضرورت پر اتفاق کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے سفارش کی گئی کہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بالخصوص خلفاء راشدین، امہات المومنین، اور اہل بیت کرام و آئمہ اطہار رضوان اللہ علیہم اجمعین کی بالواسطہ یا بلا واسطہ تنقیص و اہانت خواہ وہ تقریراً ہو یا تحریراً کسی بھی انداز میں ہو کہ ارتکاب کرنے والے شخص کے لئے 14 سال قید یا جرمانہ یا دونوں سزاؤں کا قانون بنا کر عملی نفاذ کا اعلان کرے۔

اس سفارش پر حکومت پنجاب کے ارکان، سپاہ صحابہ، دیگر سنی مسالک کے زعماء سمیت فقہ جعفریہ کے راہنماؤں کے دستخط بھی موجود ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ متحدہ علماء بورڈ کے اس تاریخ ساز فیصلہ پر عمل درآمد کرانے کے لئے فی الفور قانون سازی کو اہمیت دیں گے۔ اگرچہ سپاہ صحابہ اس سزا کو اس جرم کے مقابلہ میں کم تر سمجھتی ہے۔ تاہم ملک میں قیام امن کے لئے اس معاہدہ پر دستخط کر کے مخالفین اور معاندین کے منہ بند کر دیئے ہیں۔ سپاہ صحابہ ایک طرف حکومت کے قائم کردہ

Scanned with Cam

بورڈ کے فیصلہ کو قانونی شکل میں دیکھنا چاہتی ہے تو دوسری طرف اس کار خیر میں شامل مختلف جماعتوں کے راہنماؤں کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ انہوں نے معاملہ کی اہمیت کو مدنظر رکھ کر نہ صرف وقت دیا بلکہ پہلے سے بہتر قانون سازی کے لئے راہ ہموار کی۔

متحدہ علماء بورڈ کی متفقہ یاداشت و سفارشات طویل اور صبر آزما صورت حال کے بعد ان سفارشات کو ثمر آور بنانے کے لئے علماء' حکومت اور عوام پر لازم ہے کہ بھرپور کاروائی عمل میں لائیں تاکہ ملک سے مذہب کے نام سے پھیلنے والی بے چینی اور دہشت گردی کو ختم کیا جا سکے۔ لیکن فقہ جعفریہ کے سربراہ علامہ ساجد نقوی نے مختلف مقامات پر پریس کانفرنسیں کر کے مذکورہ بالا سفارش کے خلاف بڑے سخت اور افسوس ناک و تنقیص کرنے والے کو 14 سال قید یا جرمانہ یا دونوں سزاؤں کا قانون پاس کیا تو خون کی ندیاں بہہ جائیں گی۔ اور یہ کہ حکومت فرقہ واریت کو قانونی شکل دینا چاہتی ہے۔ ان کے اس عمل سے ذہن میں چند سوالات ابھر رہے ہیں۔

1۔ اگر فرقہ واریت کے سدباب کے مرتکبین کو سزا دینے سے فرقہ واریت کو قانونی شکل حاصل ہوتی ہے تو منشیات' ڈاکہ' چوری' قتل' زنا غرض ہر جرم کے خلاف سزا مقرر کی گئی ہے۔ کیا یہ سمجھا جائے گا کہ حکومت نے ان جرائم کے خلاف سزا مقرر کر کے ان جرائم کو قانونی شکل دے دی ہے؟

2۔ کسی جرم کے خلاف سزا کا اطلاق ہمیشہ اس پر ہوتا ہے جو اس جرم کا مرتکب ہو۔ تعزیرات پاکستان کی کتابیں سزاؤں سے بھری پڑی ہیں۔ حتی کہ ان میں بعض جرائم پر سزائے موت بھی درج ہے لیکن کسی شریف شہری کو ان سزاؤں پر تشویش لاحق نہیں ہوتی کیونکہ اس کے ذہن میں جرائم کا تصور ہی نہیں ہے۔ مذکورہ بالا قانونی سفارش پر اہل تشیع کا واویلہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ سزا ان پر ضرور لاگو ہوگی۔ کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خصوصاً خلفاء راشدین 'امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی تقریری و تحریری نہ صرف تنقیص و اہانت بلکہ تکفیران کے مذہب کی بنیاد ہے اور وہ اس سے باز نہیں آسکتے۔

3۔ اس ملک میں عیسائی' قادیانی' ہندو' سکھ بھی رہتے ہیں۔ لیکن ان میں سے کسی نے بھی مذکورہ بالا قانونی سفارش پر کسی رد عمل کا اظہار نہیں کیا۔ کیونکہ ان میں سے کسی کا بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تنقیص و توہین کا کوئی معمول نہیں ہے۔ اس جرم کے لئے ان کی مجالس منعقد ہوتی ہیں اور نہ ہی ان کا اس قسم کا لٹریچر شائع ہوتا ہے۔ اس لئے اس سزا پر ان کو کوئی تشویش نہیں۔

4۔ مسلمانوں کے مختلف مسالک دیوبندی' بریلوی' اہلحدیث' میں اگرچہ بعض باتوں پر اختلاف موجود ہیں لیکن ان میں سے کوئی بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یا اہلبیت کی تنقیص و توہین کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ اس لئے ان میں سے بھی کسی نے اس سزا کے خلاف آواز بلند کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ بلکہ ان کا تو مطالبہ ہے کہ یہ سزا کم ہے اس سے بڑھایا جائے۔

5۔ حکومت بھی اس بات کو سمجھتی ہے کہ فرقہ واریت کی وجہ سے امن و امان کی صورت حال اس حد تک بگڑ چکی ہے کہ انسداد دہشت گردی کے خصوصی عدالتوں کے قیام کے باوجود بہت سے افراد ماورائے عدالت نام نہاد پولیس مقابلوں میں قتل کئے جانے کے باوجود مسئلہ کا کوئی پائیدار حل نظر نہیں آ رہا اور مسئلہ کی شدت میں کمی واقع نہیں ہو رہی۔ حکومت یہ سمجھتی ہے کہ خصوصی عدالتوں پر اتنا خرچ کرنے کے بعد اگر مجرموں کو سخت سزا نہیں ملتی تو ان عدالتوں کی افادیت و ضرورت بھی ختم ہو جاتی ہے اور قانون انسداد دہشت گردی کی بھی معمولی سزاؤں کے لئے عام سول جج صاحبان کافی ہیں۔ دہشت گردی ختم کرنی ہے تو سزا بھی ایسی ہونی چاہئے جس کی دہشت گردوں کے دل پر دہشت ہو۔ حکومت اس ساری صورت حال کو سمجھتے ہوئے سخت سزا نافذ کرنا چاہتی ہے لیکن اہل تشیع کی وجہ سے نہیں کر رہی۔ یعنی کہ مجرموں کے ڈر سے مناسب سزا کا قانون نہیں بنایا جا رہا اور یہ عنصر اتنا خطرناک ہے کہ حکومت کسی بھی جرائم پیشہ طبقہ کے لئے ان کی مرضی کے خلاف سزا کا قانون نہیں بنا سکے گی۔ اور جو قانون پہلے سے موجود ہے ان پر عمل در آمد نہیں کرا سکے گی۔ حکومت کی اس پالیسی کو مجرموں کے آگے بے بس حکومت یا مجرموں کی شریک کار حکومت کے علاوہ کوئی اور نام نہیں دیا جا سکتا۔

6۔ اہل تشیع' اہل بیت کی محبت کا دم بھرتے ہیں اور مذکورہ بالا قانونی سفارش میں صحابہ کرام کے ساتھ ساتھ اہل بیت کرام و آئمہ اطہار کی تنقیص و اہانت کا دروازہ بند نہیں کرنا چاہتے اور ان کی محبت کا دم بھرنا منافقت ہے۔ دوسرا یہ کہ وہ سمجھتے ہیں کہ اہل بیت کی توہین و تنقیص کرنے والا کوئی طبقہ موجود ہی نہیں ہے۔ جبکہ صحابہ کرام ؓ کی توہین و تنقیص اہل تشیع خود کرتے ہیں۔ اگر کوئی طبقہ اہل بیت کی توہین و تنقیص کرنے والا موجود ہوتا تو وہ بھی اس سزا کو رکوانے میں صحابہ کرام کی توہین و تنقیص کرنے والوں کا ہمنوا ہوتا کیونکہ اس جرم کے مرتکب اکیلے اہل تشیع ہیں۔ اس لئے اس سزا کے خلاف آواز اکیلے اہل تشیع ہی اٹھا رہے ہیں۔

7۔ علامہ ساجد نقوی نے اپنے بیانات میں کہا کہ ملی یکجہتی کونسل کو ہی فعال بنا کر فرقہ واریت کا مسئلہ حل کیا جائے۔ ملی یکجہتی کونسل کے متفقہ اعلامیہ پر تمام دینی جماعتوں کے سربراہان سمیت ساجد نقوی کے دستخط موجود ہیں۔ اس کی شق نمبر 6 کی عبارت نقل کی جاتی ہے۔

"یہ اجلاس عظمت رسول ﷺ عظمت ازواج مطہرات" اور عظمت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ایمان جزو سمجھتا ہے۔ اور ان کی تکفیر کرنے والے کو اسلام سے خارج سمجھتا ہے اور ان کی توہین و تنقیص کرنے کو حرام سمجھتے ہوئے قابل تعزیر جرم سمجھتا ہے" نیز اسی اعلامیہ کی شق نمبر 8 میں یہ جملہ بھی موجود ہے کونسل اپنے کئے گئے فیصلوں کے عملی نفاذ کی بھی ذمہ دار ہوگی۔

حکومت کو چاہئے کہ وہ ساجد نقوی کو ملی یکجہتی کونسل کے متفقہ اعلامیہ کے حوالے سے ہی پابند کرے۔ ویسے بھی متحدہ علماء بورڈ کی مذکورہ بالا سفارش پر فقہ جعفریہ کے نمائندہ علامہ افتخار حسین نقوی اور دیگر شیعہ قائدین کے دستخط موجود ہیں۔ اور یہ سفارش مولانا عبدالستار خان نیازی کمیٹی کی رپورٹ ملی یکجہتی کونسل متحدہ علماء بورڈ اور اسی عنوان پر کئی ایک کمیٹیوں کی کاروائیوں اور کاوشوں کا ہی منطقی نتیجہ ہے۔

جناب وزیراعظم پاکستان میاں محمد

Scanned with Cam

[illegible]

والسلام

شعبہ تعلقات عامہ سپاہ صحابہ پاکستان

خطباء اور علماء کے لئے جمعہ پڑھانا آسان ہوگیا

حضرت مولانا محمد ضیاء القاسمی

کی شہرہ آفاق تصنیف خطبات قاسمی جلد اول اور خطبات قاسمی جلد دوم کے منصۂ شہود پر آنے کے بعد اب خطبات قاسمی جلد سوم اور خطبات قاسمی جلد چہارم اور خطبات قاسمی جلد پنجم بھی آچکی ہے۔ الحمد اللہ خطبات قاسمی کی پانچوں جلدوں کے مارکیٹ میں آجانے کے بعد علماء خطباء مقررین واعظین مدرسین آئمہ مساجد کے لئے جمعہ پڑھانا آسان ہو گیا کیونکہ خطبات قاسمی کی پانچوں جلدوں میں کل ایک سو چھبیس تقریریں ہیں جو ایک ذہین خطیب کے لئے عمر بھر کا سرمایہ ہیں۔ یہ محض مکتبہ قاسمیہ فیصل آباد سے طلب کریں۔ تاجروں کے لئے معقول کمیشن

مکمل سیٹ 595 روپے

ملنے کا پتہ مکتبہ قاسمیہ غلام محمد آباد اے بلاک فیصل آباد فون: 694242

تربیت کے اہم اصول

خطاب
جناب ڈاکٹر
خادم حسین ڈھلوں
مرکزی جنرل سیکرٹری

مرتب
حافظ
عبدالوحید
فاروقی

سپاہ صحابہ و سپاہ صحابہ سٹوڈنٹس کے غیور ساتھیو! جلسے جلوسوں میں مخاطب عوام اور ارباب اقتدار والے ہوتے ہیں۔ جبکہ تربیتی کنونشن میں مخاطب جماعتی کارکن و عہدیدار ہوتے ہیں۔ تربیتی کنونشن میں اپنی غلطی اور کوتاہیوں پر نظر کر کے ازالہ کرنا ہوتا ہے اور آئندہ کیلئے لائحہ عمل طے کرنا ہوتا ہے۔ ہمارا پیغام حق ہے اور حق والوں پر ہمیشہ مشکلات آتی ہیں لیکن وہ مصائب کے باوجود اپنے پیغام کو نہیں روکتے ہمیں اس پیغام کو مزید عام کرنے کیلئے بھرپور محنت کرنا ہے۔ تمام سنی قوم کو اپنے موقف مشن اور کاز سے آشنا کروانا ہے ہماری منزل نظام خلاف راشدہ کا نفاذ ہے۔ اور اس نظام میں سب سے بڑی رکاوٹ شیعہ ہیں۔ ہر دینی جماعت نے یہی دعویٰ کیا کہ ہم نظام خلافت راشدہ کا نفاذ چاہتے ہیں۔ مگر اس رکاوٹ کو ہٹانے کیلئے کسی نے کوشش نہ کی۔ جھنگوی شہید" نے نظام "خلافت راشدہ" کی آواز بلند کی تو سوچا کہ کیوں نہ سب سے پہلے اس چٹان کو توڑا جائے۔ جو اس نظام میں رکاوٹ ہے چنانچہ انہوں نے اس رکاوٹ کو دور کرنے کیلئے دفاع صحابہ کا کام شروع کیا۔ یہ کام اتنا عظیم ہے کہ اگر ہماری نیتوں میں فتور نہیں۔ دل صاف ہیں تو انشاء اللہ ضرور سرخرو ہوں گے ہماری منزل قریب ہے اگر ہماری زندگی میں منزل مل گئی پھر بھی کامیاب منزل نہ بھی ملی تب بھی انشاء اللہ کامیاب ہیں۔ دفاع صحابہ کا کام سنت اللہ ہے۔ اور ہم سنت اللہ پر عمل پیرا ہیں۔ منزل مقصود تک جانے کیلئے کچھ اصول و ضوابط ہوتے ہیں۔ ان کو مد نظر رکھنا چاہئے کارکن ہو یا عہدیدار ان میں سب سے پہلی چیز دستور ہے۔

جماعت کے اندر جب بھی اختلاف ہوتے ہیں اس کی بنیادی وجہ سے دستور سے ناواقفیت دستور سے ہٹ جانا اور دستور سے روگردانی ہوتی ہے۔ دستور بڑی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ جو بھی پیغمبر دنیا میں آئے وہ ایک دستور اساسی لائے پیغمبر دو جہاں بھی ایک دستور لے کر آئے۔ جو ہمیں تمام زندگی کے اصول و ضوابط بتلاتا ہے جس قوم امت' قافلے یا جماعت نے دستور کو اپنایا وہ بھی حزب اللہ کہلائی کبھی رضاعت اور خوشنودی کے سرٹیفکیٹ عطا کئے گئے۔ اور جس قوم نے ان دساتیر سے رخ موڑا انحراف کیا۔ ان پر عذاب الٰہی نازل ہوا۔ جو ملک دستور کے مطابق چلتا ہے فلاح پاتا ہے جو دستور سے انکار کرے وہ تباہی کے دہانے پر پہنچ جاتا ہے جس طرح امتوں' قوموں کیلئے ہر جماعت کیلئے دستور ضروری ہے اسی طرح ہمارے لئے جماعتی دستور ضروری ہے اس پر عمل پیرا ہوں گے تو جماعت میں انتشار نہیں ہوگا۔

اطاعت امیر

نماز ہمیں بہت کچھ سکھاتی ہے۔ نماز کی مثال سے قائد یا امیر کی اہمیت جان لینی چاہئے۔ امام مصلیٰ امامت پر کھڑا ہے پیچھے مقتدی کھڑے ہیں امام رکوع کرے مقتدی رکوع میں جائیں اگر کوئی مقتدی رکوع کی بجائے سجدے چلا جائے امام سجدہ میں جائے وہ قیام میں چلا جائے تو اسے مقتدی نہیں سب شرارتی کہیں گے۔ مقتدی اسی وقت ہوگا جب مکمل طور پر امام پیچھے چلے گا۔ اگر امام بھول جائے تو مقتدی کیلئے ضروری ہے کہ وہ بتا دے۔ اگر مقتدی ناظرہ پڑھا ہو۔ اور وہ سمجھ جائے کہ زیر زبر کی غلطی ہوئی ہے تو وہ بتائے تو نماز ہو جائے گی اگر امام بھول گیا مقتدی حضرات کے علاوہ کوئی شیخ الحدیث پانی پتی قاری نوتیوں پر وضور کر رہا ہو اور وہ بولے شریعت مصطفوی کہتی ہے کہ اس شیخ الحدیث اور پانی پتی قاری کی مان لی تو نماز نہیں ہوگی جب اسے بولنا ہوگا تو ضروری ہے مقتدی بنے اسی طرح جماعت کے قائد پر تنقید کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ تنقید کرنے والا جماعت کا باقاعدہ رکن ہو۔ اس جماعت کا فارم پر کرنا ہوگا جو تنقید کرے اس سے پوچھو اپنا رکنیتی فارم دکھا جماعت میں شامل ہوئے بغیر کوئی شیخ الحدیث کوئی مولوی لقمہ (مشورہ) دے مت لو۔ نماز جاتی رہے گی۔ اس نے ہمیں مشورہ دینا ہے تو جماعت میں آنا ہوگا۔ ورنہ ہمیں چاہئے اس کی بات کا رد کر دیں۔ ہرگز قبول نہ کریں اگر امام کو غلطی بتانا چاہتے ہیں تو مقتدی بننا پڑے گا۔ قائد کی غلطی بتانا ہے تو اجلاس میں آنا پڑے گا۔ پھر نماز بتلاتی ہے کہ پہلی رکعت میں امام صاحب نے اٹھنا تھا بھول کر بیٹھ گئے اب کوئی پنجابی میں سرائیکی میں سندھی میں نہیں کہہ سکتا اسی زبان میں ضروری ہے اجلاس میں بیٹھو تو بدتمیزی سے نہیں۔ قائد امیر کی اہمیت کو سامنے رکھ کر بات کریں۔ صرف اخباری بیانات یا افواہوں پر ہی نہیں قائد امیر کی اہمیت کو سامنے رکھ کر بات کریں۔ اس کے مقام کو پامال مت کریں۔ قائد کی بات پر غیر متزلزل اعتماد کرنا ضروری ہے۔ قائد کی ہر بات کو اپنے حق میں جانے صرف اخباری بیانات یا افواہوں پر ہی انحصار نہ کرے قائد سے وضاحت پوچھ لیں۔ پھر بھی تسلی نہ ہو تو بات اجلاس میں رکھے دستور کے مطابق معاملہ حل ہو جائے گا۔

تنظیم

جب دھاگہ اور دانے اکٹھے ہوں گے۔ ہر دیکھنے والا اسے تسبیح کہے گا اگر دھاگہ اور دانے الگ کر دیں تو ہر کوئی یہ کہے گا کہ یہ دانے ہیں اور یہ دھاگہ۔ جب نظم و ضبط آگیا اتحاد ہو گیا انتشار ختم ہو گیا تو رحمت خداوندی نازل ہو گئی تنظیم کیلئے لاکھوں کی ہی ضرورت نہیں بلکہ چند افراد پر

Scanned with Cam

مشتمل بھی ہو سکتی ہے نماز باجماعت اگر ہزاروں آدمی پڑھیں یا دو آدمی ہی پڑھیں وہ جماعت ہی کہلائے گی۔ تنظیم میں اتحاد انتہائی ضروری ہے کسی دور میں ایک بوڑھے نے اپنی وفات سے قبل اپنے بیٹوں سے لکڑی کا گٹھا منگوایا اور اپنے بیٹوں سے کہا کہ اسے توڑو اس کے بیٹے نہ توڑ سکے تو اس نے کہا سب لکڑیاں کو الگ الگ کر دو۔ اور پھر توڑو انہوں نے اسی طرح کیا اور سب لکڑیاں توڑ ڈالیں۔ بوڑھے نے انہیں سمجھایا کہ جب تک تم اتحاد و اتفاق سے رہو گے تو تمیں ان لکڑیوں کی طرح کوئی نہیں توڑ سکے گا۔ اور اگر لکڑیوں کی طرح علیحدہ ہو جاؤ گے تو لکڑیوں کی طرح توڑ دئے جاؤ گے۔ اسی لئے مثل مشہور ہے۔ کہ اتفاق میں برکت ہے تاریخ ہی بتلاتی ہے کہ اگر تمہاری صفیں مضبوط ہیں تو دشمن نہیں توڑ سکتا قائد مصلی امامت پر کھڑے ہیں دشمن چھپا ہوا ہے قائد پر حملہ کیا اور بھاگنے کی ناکام کوشش کرنے لگا۔ جب دشمن نے دیکھا کہ ان صفوں میں مکمل مضبوطی ہے تو اس نے وہیں خود کشی کر لی اب ہمیں چاہئے۔ صفوں کو منظم کریں صفیں مضبوط ہونگی تو انشاء اللہ دشمن خود کشی پر مجبور ہوگا۔ تاریخ بتلاتی ہے کہ جب قائد پر حملہ ہوا (مراد سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ہیں) تو انہیں فی الفور ہسپتال نہیں پہنچایا اسی وقت دوائی کا بندوبست نہیں کیا بلکہ دوسرا قائد آگے آتا ہے آکر تحریک کو تنظیم کو پھر وہیں سے شروع کرتا ہے مشن پر تو قربانی دی جا سکتی ہے۔ مگر مشن کو کسی پر قربان نہیں کیا جا سکتا۔

کام کا طریقہ

جس طرح ہر ٹیم کو پریکٹس کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح ہر جماعت کو چلانے کیلئے اجلاس ضروری ہے جب ٹیم پریکٹس نہیں کرے گی تو ہار جائے گی ہارے گی تو طرح طرح کے الزامات لگیں گے۔ جب ٹیم مکمل پریکٹس کرے گی تو ون ڈے بھی اور ٹیسٹ بھی جیتے گی۔ جب اجلاس نہیں ہوں گے ہر کوئی علیحدہ ہوگا ایک دوسرے پر بدگمانی ہوگی بدگمانی ہوگی تو کام نہیں ہوگا۔ جب اجلاس میں بیٹھیں گے ہر بات اجلاس میں ہو جائے گی مکمل اتحاد ہوگا۔ تو کام بھی ہوگا اور محاذ میں کامیابی بھی ملے گی۔ کرکٹ ٹیم میں گیارہ کھلاڑی کھیلتے ہیں اب اگر ٹیم کے باقی کھلاڑی کہیں کہ صرف وکٹ کیپر اور باؤلر ہی کھیلیں تو اور جیتیں۔ تو یہ ناممکن ہے اور اگر باؤلر اور کیپر کے علاوہ میچ جیتنے کا پروگرام ہو تو یہ بھی ناممکن ہے جیتنے کیلئے ضروری ہے کہ پوری ٹیم متحد ہو کر کھیلے۔ اسی طرح اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہم جیتیں منزل پر پہنچیں تو پوری ٹیم متحد ہو کر کھیلے اسی طرح اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہم جیتیں منزل پر پہنچیں تو پوی باڈی (یونٹ) کو متحد ہو کر چلنا پڑے گا۔ اگر باقی عہدیدار یہ کہیں کہ صدر اور جنرل سیکرٹری ہی سب کچھ کریں تو کام نہیں ہو سکتا جب ممکن نہیں۔ اگر صدر اور سیکرٹری کہیں ہم نے تو کچھ نہیں کرنا باقی عہدیدار کریں تب بھی جیت کی توقع نہیں۔ جیت یا منزل اسی وقت ملے گی جب سب میں اتحاد و اتفاق ہوگا کھیلنے والوں کی جیت میں دیکھنے والے تماشائیوں کا بھی بڑا حصہ ہوتا ہے اچھی کارکردگی پر داد دیتے ہیں اور بری پر نشاندہی کرتے ہیں۔ اسی طرح باڈی کے ساتھ کام میں معاونت کارکن کی ہوتی ہے کارکن کو چاہئے کہ اچھے کام پر حوصلہ افزائی کریں۔ اور غلطی کی اصلاح کریں۔ اب اگر ٹیم متحد ہے مگر پھر بھی جیتنے سے قاصر ہے تو کپتان کو چاہئے کہ وہ اس انداز سے تبدیلی لائے اسی طرح صدر کو چاہئے کہ یونٹ متحد ہونے کے باوجود کام نہیں کر رہا تو اس میں تبدیلی لائے۔ اگر ٹیم کا کپتان کہے کہ میں تو گیند نہیں پکڑوں گا۔ میری تو توہین ہے۔ تو چوکا لگے گا۔ اور شکست مقدر بنے گی۔ اگرچہ پوری ٹیم کھیلے فتح کے بعد ٹرافی (کپ) کپتان ہی کو دیا جاتا ہے اب وہ یہ سمجھے کہ یہ میرا ہے میچ میں نے جیتا ہے تو یہ اس کی غلط فہمی ہے بلکہ اس جیت میں پوری ٹیم کا پسینہ شامل ہے پوری ٹیم کی محنت ہے باہر بیٹھے تماشائیوں کا بھی حصہ ہے جب ہم کوئی پروگرام کرتے ہیں تو یہ کامیابی صرف صدر ہی کی نہیں ہوتی اور نہ ہی صدر سمجھے بلکہ یہ پوری باڈی اور کارکنوں کی محنت ہوتی ہے قارئین قائد اور کارکن ایک گاڑی کے دو پہیے ہیں تو اکٹھے چلیں گے تو منزل ملے ایک میں نقص آگیا تو پوری گاڑی ٹھہر جائے گی۔ اگر کارکن یا قائد میں کوئی نقص ہو تو پوری تحریک رک جاتی ہے دونوں کا مل کر چلنا ضروری ہے متحد ہو کر اتفاق اتحاد سے چلیں تو انشاء اللہ کامیابی ہمارے قدم چومے گی۔ کامیابی کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ قیادت پر غیر متزلزل اعتماد کریں اور دستور کے مطابق چلیں۔

یااللہ مدد

میں جرنیل سپاہ صحابہ
حضرت مولانا
محمد اعظم طارق
M.P.A
کو مقدس مشن کی خاطر
قید و بند کی صعوبتیں
جرات و استقامت کے
ساتھ برداشت کرنے
پر خراج تحسین اور
رہائی پر

مبارک باد

پیش کرتا ہوں۔

منجانب:
ابوہریرہ صوفی محمد شفیع ملتان

کھلا خط

بنام ایڈیٹر روزنامہ "امت" کراچی

حافظ ثناء اللہ صدیقی ٹنڈو جان محمد ڈگری سندھ

جناب رفیق افغان صاحب سلام مسنون

آپ کے اخبار کی جمعہ ۴ جون ۱۹۹۹ء کی اشاعت میں پاکستانی شیعہ رہنما ساجد علی نقوی کا مضمون خمینی کی برسی کے موقع پر اسلام کی قوت وحدت و اتحاد کے نام شائع کیا گیا ہے اس مضمون میں مسٹر خمینی اسلامی دنیا کا لیڈر اور عالم اسلام کے درمیان اتحاد و اتفاق کا درس دینے والا رہنما قرار دیا گیا ہے۔

جناب والا! ۱۱ فروری ۱۹۷۹ء کو ایران میں رضا شاہ پہلوی کا تختہ الٹ کر مسٹر خمینی مسند اقتدار پر براجمان ہوا۔ پورے عالم اسلام میں اس بات کا انتہائی زور و شور سے پروپیگنڈہ کیا گیا۔ کہ یہ انقلاب خالصتاً اسلامی انقلاب ہے اور اس انقلاب کے نتیجے میں ایران میں خالصتاً ایک اسلامی حکومت قائم ہو گی لمان خصوصاً نوجوان طبقہ نے جو ایک عرصے سے چند الامیٰ ممالک چلنے والی اسلامی تحریکوں سے اسلامی نظام کے نفاذ کی آس لگا کر آخر میں بالکل مایوس ہو چکے تھے انہوں نے اس انقلاب کا پرجوش انداز میں خیر مقدم کیا اور اس انقلاب کو اپنے ملک میں لانے کیلئے کوششیں شروع کر دیں۔ کچھ اسلامی تنظیموں کے رہنماؤں نے جب ایران کے دورے کئے اور مسٹر خمینی کے لٹریچر کا مطالعہ کیا تو انہیں شدید حیرت کا سامنا کرنا پڑا جب انہوں نے دیکھا کہ جس انقلاب کو ہم ایک خالصتاً اسلامی انقلاب سمجھ رہے ہیں اس انقلاب کے رہنما ایک کٹر شیعہ ذہنیت رکھتے ہیں اور انقلاب کی کامیابی کے بعد جب انہیں اقتدار حاصل ہوا تو انہوں نے کئی ممالک میں جو لٹریچر تقسیم کیا اس کا ایک بڑا حصہ شیعہ نظریات پر مبنی ہے۔ اور قطعی طور پر مسلمانان اہلسنت کے عقائد کے برعکس ہے۔

الحکومۃ الاسلامیہ نامی خمینی کی اپنی تصنیف جو ان کے انقلاب کی دعوت اور بنیاد ہے۔ قریباً ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل ہے یہ کتاب جس میں اس بات پر کھل کر بحث کی گئی ہے کہ امام مہدی منتظر شیعہ نظریے کے مطابق ان کے بارہویں امام جو کہ غار میں غائب ہیں اور ظاہر ہو کر سینوں اور ان کے علماء کو قتل کریں گے اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سولی پر چڑھا کر ان کے جسموں کو جلائیں گے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر نعوذ باللہ حد جاری کریں گے۔ تفصیل کے لئے دیکھئے حق الیقین مصنفہ باقر مجلسی ان کے ظہور کا وقت ہے لہٰذا اس کے لئے ضروری ہے کہ حکومتوں کی باگ ڈور اپنے ہاتھوں میں لے لی جائے تاکہ امام کے آنے کی راہ ہموار کی جا سکے اور شاید اسی مقصد کیلئے مسٹر خمینی نے ایران میں حکومت کے خلاف انقلاب برپا کیا اور تخت اقتدار پر قابض ہوئے تو اس کتاب میں مسٹر خمینی اپنے ائمہ کی فضیلت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ اور ہمارے مذہب (شیعہ اثنا عشریہ) کے ضروری عقائد میں یہ بات بھی شامل ہے کہ ہمارے ائمہ معصومین کو وہ مقام و مرتبہ حاصل ہے جس تک کوئی مقرب فرشتہ اور نبی مرسل بھی نہیں پہنچ سکتا۔ (ص ۵۲)

اول یہ کہ اس عبارت میں دوسرے انبیاء کا ذکر تو صراحۃً ہے ہی مگر اس بات کا فیصلہ میں آنجناب پر چھوڑتا ہوں کہ نبی مرسل کی تعریف میں خود آنحضرت ﷺ بھی شامل ہیں یا نہیں۔ اور دوم یہ کہ جو شخص کسی غیر نبی کو نبی سے افضل جانے کیا وہ مسلمان ہو سکتا ہے اور تیسری بات یہ ہے کہ جو شخص آنحضرت ﷺ کے بعد بارہ اماموں کو انبیاء سے بلند درجے پر فائز کرے اور انبیاء کی طرح انہیں غلطی سے معصوم جانے اس طرح خمینی نے اس کتاب میں ص ۹۱ پر لکھا ہے کہ ان کے (یعنی ائمہ کے) بارے میں شد یا غفلت کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کیا ایسا شخص ختم نبوت کا منکر نہیں ہے۔ اپنی ایک دوسری کتاب کشف الاسرار میں اس سوال کے جواب میں اگر امامت کا مسئلہ اصول دین میں سے ہے تو قرآن میں ائمہ کے نام اور ان کی امامت کی تفصیل آنی چاہئے تھی۔ جس طرح قرآن میں دیگر دینی اصولوں کا ذکر ہے تو جواب میں مسٹر خمینی لکھتے ہیں اگر قرآن میں خدا تعالیٰ امام کا نام صراحۃً ذکر فرما دیتا تو جن لوگوں نے اسلام اور قرآن سے صرف دنیا اور حکومت کیلئے تعلق قائم کیا تھا اور قرآن کو انہوں نے اپنی اغراض کا ذریعہ بنا رکھا تھا اس کے سوا اسلام اور قرآن سے ان کا کوئی سروکار نہیں تھا ان کے لئے بالکل ممکن تھا کہ ان آیتوں کو جن میں امام کا نام ذکر کیا گیا ہوتا وہ قرآن سے نکال دیتے اور اس مقدس آسمانی کتاب میں تحریف کر دیتے اور یہود و نصاریٰ کی طرف سے اس کتاب پر تحریف کا اعتراض وارد ہوتا۔ ص ۱۱۴ اس عبارت میں ایک تو مسٹر خمینی سیدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے اس کتاب میں تحریف کا خطرہ بھی محسوس کر رہے ہیں کیا اس طرح کی سوچ کسی ادنیٰ درجہ کے مسلمان کے ذہن میں بھی آ سکتی ہے!

اور اسی کتاب کشف الاسرار میں ص ۱۱۹ پر واقعہ قرطاس کا ذکر کر کے آخر میں لکھتے ہیں کہ عمر کے اس بیہودہ کلام سے اس کے اندر چھپا ہوا برنڈمہ اور کفر واضح ہو گیا ہے۔ فیصلہ آپ خود کیجئے کہ حضرت عمر کو اس طرح کھلے طور پر کافر اور زندیق لکھنے والے خمینی کو اسلامی دنیا کا لیڈر تو کا ایک عام مسلمان بھی تصور کیا جا سکتا ہے؟

پھر اسی کتاب کے صفحہ ۱۰۸ پر مسٹر خمینی تحریر کرتے ہیں کہ ہم ایسے خدا کی پرستش کرتے اور اسی کو مانتے ہیں جس کے تمام کام عقل و حکمت پر مبنی ہوں ایسے خدا کو نہیں مانتے جو خدا پرستی'

عدالت و دین داری کی ایک عالیشان عمارت تیار کرائے اور خود ہی اس کی بربادی کی کوشش کرے کہ معاویہ عثمان رضی اللہ عنہما جیسے بد قماشوں کو امارت اور حکومت سپرد کر دے' کاش کہ مسٹر خمینی کے مداحوں اور ساجد نقوی کے بقول مسٹر خمینی جہاں اور کافی اسلام کی خدمتیں کی ہیں وہاں اسلام کی ایک اور یہ خدمت بھی کر دیتے کہ ان تینوں خداؤں کے بارے میں عوام الناس کو مطلع فرما دیتے کہ کون سے خدا نے معاذاللہ عقل و حکمت کے خلاف فیصلے کر کے اپنے ہی دین کو برباد کرنے کی کوشش کی اور وہ کون سا خدا ہے جس کی وہ عبادت و پرستش کر رہے ہیں۔

جناب والا! ان تمام تر حوالہ جات کو ایک مرتبہ پھر بغور پڑھیں اور پھر اس بات پر غور فرمائیں کہ کونسا اسلام ہے جس کی دعوت مسٹر خمینی لوگوں کو دے گئے ہیں اور کیا انہیں اس بات میں اب بھی کوئی شک باقی ہے کہ مسٹر خمینی ایک کٹر اور متعصب شیعہ ذہنیت رکھتے ہیں اور لوگوں کو بھی اسی طرف مائل کرنا چاہتے ہیں۔

اور جہاں تک شیعہ نظریات و عقائد کا تعلق ہے جس نے اس مذہب کے عقائد کو پڑھا ہے اسے بخوبی علم ہے کہ ان عقائد کے اسلام سے دور کا واسطہ نہیں اور یہ اسلام کے مد مقابل ایک دوسرا مذہب ہے۔

مسٹر خمینی نے اپنی کتاب کشف الاسرار ص۱۲۱ میں مذہبی معلومات کے حصول کی خاطر شیعہ عالم علامہ باقر مجلسی کی کتب خصوصاً ان کی فارسی تصانیف کے مطالعے کا مشورہ دیا ہے یہ شیعہ مصنفین میں سے سب سے زیادہ مقبول ہیں اور انہیں شیعہ مذہب کا ترجمان اعظم کہا جاتا ہے ان کی ایک تصنیف جلاء العیون ہے اس میں وہ لکھتے ہیں۔۔

" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جہنم میں ایک صندوق ہے جو جہنم کے آتشی کنویں میں ہے۔ کنویں کا منہ پتھر سے بند ہے جب اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ بھڑکانہ چاہیں گے تو حکم دیں گے کہ اس پتھر کو اٹھا لیا جائے اور اس سے ... دے گا اس صندوق میں بارہ آدمی بند ہیں۔۔ پوچھنے پر بتایا کہ وہ بارہ یہ ہیں اگلی امتوں کے فرعون نمرود' قابیل حضرت صالح کی اونٹنی کا قاتل اور حضرت موسیٰ و عیسیٰ کی شریعتوں کو بدلنے والے دونوں اشخاص اور اس امت کے چھ ہیں دجال' ابو بکر' عمر ابو عبیدہ ابن جراح' سالم مولی حذیفہ' اور سعد ابن العاص صفحہ نمبر۷۱۴ طبع ایران انہی ملا باقر مجلسی کی ایک کتاب حق الیقین بھی ہے اس میں انہوں نے ایک طویل روایت درج کی ہے جو اختصار کے ساتھ پیش خدمت ہے۔ "ایک دن حضرت علی علیہ السلام نے شیطان سے فرمایا تھا کہ میں نے دو آدمی ایسے بھی پیدا کئے ہیں جو تجھ سے زیادہ شقی اور گمراہ ہیں تو داروغہ جہنم کے پاس جا کر کہہ کہ وہ دونوں آدمی تجھے دکھائے۔ شیطان نے کہا کہ میں نے جا کر یہ بات داروغہ جہنم سے کہی تو داروغہ جہنم مجھے جہنم کے سب سے نچلے ساتویں طبقے میں لے گیا۔ میں نے دیکھا کہ یہاں ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما زنجیروں پر لٹکے ہوئے تھے آگ کے گرزوں سے انہیں پیٹا جا رہا تھا حق الیقین۔ (صفحہ ۵۰۹ و صفحہ ۵۱۰) یہ چند ایک عبارت نقل کی ہیں تاکہ آپ کی غلط فہمی دور ہو سکے اور بھی صرف ایک نمونہ کے طور پر ہے ورنہ اگر صرف اسی بحث میں پڑ جائیں تو شائد سینکڑوں صفحات سیاہ ہو جائیں اور یہ شیعہ کا بنیادی اور قدیم لٹریچر ہے جو مسٹر خمینی کے اقتدار میں آنے کے بعد ایران کے سرکاری پریس پر طبع ہو کر ہندوستان و پاکستان اور دیگر کئی اسلامی ممالک میں پہنچایا گیا یا پھر یہیں سے طبع کرایا گیا اور اعلیٰ پیمانے پر اس کی خرید و فروخت ہوئی۔ مسٹر خمینی کے اقتدار میں آنے کے بعد یہاں اس قسم کی نظریات کو فروغ دیا گیا اور انقلاب ایران کے بعد یہاں وطن عزیز میں شیعہ علماء ذاکرین اور مصنفین کی ایک بڑی تعداد سرگرم عمل ہوئی اور اس نے یہاں جو تقریری و تحریری کام کیا وہ ایک علیحدہ تکلیف دہ اور رونگٹے کھڑے کر دینے والی داستان ہے جس کا تذکرہ یہاں بحث کو طول دیگا اور آپ کی معروفیات میں بھی پریشانی کا باعث بنے گا۔

اور اس دوڑ میں تمام شیعہ ذاکرین و مصنفین سے سر فہرست لاہور میں موجودہ شیعہ کے بڑے ادارے الجامعۃ المنتظر کے مدرس غلام حسین نجفی ہیں جس کی تصانیف میں رسول ﷺ کی احادیث پر ۔۔ کرنا حضور ﷺ کے اعمال کا مذاق' احکامات اسلام کا مذاق اور اسلامی و دینی اصولوں کی تضحیک تو ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے مگر اصحاب رسول پر تبرا بازی اور انہیں ننگی گالیاں کتب میں تحریر کرنا ان کا پسندیدہ ترین مشغلہ ہے پھر ان تمام کتب کی سر عام اشاعت اور ان کی خرید فروخت ایک ایسے ملک میں ہو رہی ہے جو اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا اور جسے اسلامی قلعہ بنانے کی باتیں ہمارے حکمرانوں کی طرف سے دن رات ہوتی رہتی ہیں اور یہ سب کچھ ان حالات میں ہو رہا ہے جبکہ اس ملک میں واضح طور پر ۹۸ فیصد سنی آبادی ہے تو کیا ان کے کوئی جزبات نہیں ہیں جو نہیں بھڑکیں گے۔ جب ان کی مقتدر شخصیات کی توہین و تنقیص کی جا رہی ہو تو آخر سوچنے کہ کیا وہ اپنے سینے میں دل نہیں رکھتے۔ پتھر یا اینٹ رکھتے ہیں جس پر کوئی اثر نہ ہو گا۔ کیا ان کتب پر کوئی قدغن اور پابندی نہیں لگنی چاہئے جو صرف اس لئے نہیں لگائی جا سکتی کہ ایران کی دوستی کا بھرم بھی تو رکھنا ہے۔ حالانکہ ان کتب میں وہ گند ہے جو سلمان رشدی کی کتاب میں بھی نہیں ہے۔

صحابہ کرام ؓ کی عزتوں پر حملے انہیں ماؤں' بہنوں' بیٹیوں کی ننگی اور گندی گالیاں ان کی نانیوں اور دادیوں تک کو معاذ اللہ زناکار اور فاحشہ عورتیں لکھنا۔ جناب والا اگر یہ سب کچھ اسلام ہے تو کیا میں یہ پوچھنے کی جسارت کر سکتا ہوں کہ اس دنیا میں کفر نام کی کسی چیز کا وجود ہے یا نہیں اگر آپ ان کی یہ خرافات دیکھنا چاہتے ہیں تو علامہ ضیاالرحمان فاروقی شہید کی تالیف " تاریخی دستاویز" میں دیکھ سکتے ہیں جو انہوں نے میاں نواز شریف کو پیش کی تھی۔

مسٹر ساجد نقوی نے اپنے مضمون میں لکھا ہے کہ خمینی نے ستم دیدہ اور مستضعف افراد کو اپنے حقوق کے حصول اور ظلمت کے خلاف قیام پر آمادہ کیا کتنی عجیب بات ہے کہ ایک طرف تو مسٹر خمینی مظلوموں کی داد رسی کر کے انہیں اپنے حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کرنے پر آمادہ کرتے ہیں اور ظالموں کے خلاف صف آراء ہونے کی تلقین کرتے ہیں اور دوسری طرف خود مظلوموں کا گلا گھونٹتے چلے جاتے ہیں اور ان کے ساتھ انسانیت سوز

Scanned with CamScanner

سلوک کرتے ہیں۔

مسٹر خمینی نے انقلاب کی پہلی سالگرہ
تک جن ہزاروں افراد کو مشق ستم بنایا ان میں اکثریت اہلسنت ہی کی تھی ہر مخالف کو شاہ کے وفادار کا نام دیکر خصوصی فائرنگ اسکواڈ کے ذریعے گولیوں سے بھون دیا گیا سنی مدارس کے جید ترین علماء کو بغیر مقدمہ چلائے جیلوں میں ٹھونسا گیا علماء کو باغی قرار دے کر شہید کیا گیا انقلاب کی پہلی سالگرہ تک جن مسلمانوں پر تیغ چلائی گئی ان کی تعداد بیس ہزار ہے ورلڈ اسلامک مشن جو کہ ۲۸ دسمبر ۱۹۸۲ کو تہران کی عالمی کانفرنس میں مدعو کیا گیا۔ تھا اس نے اپنی رپورٹ میں لکھا کہ تہران میں پانچ لاکھ سنی آباد ہیں مگر انہیں یہاں مسجد کی تعمیر کی ابھی اجازت نہیں ملی جب کہ یہودیوں کی ۲ عبادت گاہیں ۱۲ گرجے' ہندوں کے ۲ مندر اور مجوسیوں کے دو آتشکدے ہیں مگر سنیوں کی ایک بھی مسجد نہیں ہے شاہ کے زمانے میں عیدین کی نماز سنی ایک گھر میں پڑھتے تھے مگر اب عید کے دن مسلح افواج کا پہرہ بٹھا کر انہیں نماز عید سے بھی روک دیا گیا اہلسنت مسلمان اپنی مذہبی کتب نہیں چھاپ سکتے۔ ۳۵ فیصد سنی مسلمان آباد ہیں مگر ۵۰۰ سرکاری اسکولوں میں صرف ۳۴ سنی ہیں باقی سب شیعہ تاکہ سنی بچوں کو شیعہ مزہب کی دعوت دیکر شیعہ بنایا جا سکے سابق نصاب تعلیم بدل کر شیعہ کے عقائد پر نصاب مقرر کیا گیا ہے۔(منقول از ندائے اہلسنت بحوالہ ہفت روزہ نئی دنیا ۴ اپریل ۱۹۸۳ بعنوان ایران میں کیا دیکھا؟)

آتش کدہ ایران نامی ایک کتاب
محترم اختر کاشمیری صاحب نے لکھی ہے صفحہ ۹۸' ۹۹ پر انہوں نے اسرائیل تعلقات اور ان کے اندرونی معاہدے کے بارے مین انکشافات کئے ہیں اس میں کہا گیا ہے۔

اسرائیلی وزیراعظم نے انکشاف کیا
ہے کہ اسرائیل نے عرب دشمنی کی بناء پر ایران کو اسلحہ فراہم کرنے کا سمجھوتا کیا ہے مگر اسرائیلی قانون انہیں اس معاہدے کی یا سمجھوتے کی تفصیلات ظاہر کرنے کی اجازت نہیں دیتا اس لئے وہ کسی خبر کی تردید یا تائید کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔

۲۱۔ اکتوبر ۱۹۸۰ کو پیرس کے ایک جریدے نے اپنے نمائندہ خصوصی مقیم تہران کا جو مکتوب شائع کیا ہے اس میں یہ انکشاف کیا گیا تھا کہ اسرائیل کے سول اور فوجی ماہرین کا ایک وفد تہران کے دورے پر آیا اس وفد کا مقصد ایران کی دفاعی ضروریات کا جائزہ لینا تھا تاکہ ایران کو اس کی ضرورت کے مطابق امریکی اور اسرائیلی ساخت کے پرزے اور دیگر سامان جنگ فراہم کیا جا سکے۔ ۲ نومبر کو برطانیہ کے اخبار آبزرور میں تہران کے مکتوب نگار نے لکھا ہے کہ عراق سے جنگ کیلئے اسرائیل نے ایران کو بندر عباس چاہ بہار اور بوشہر کی بندرگاہوں کے ذریعے بھاری مقدار میں اسلحہ فراہم کیا ہے۔ ۳ نومبر کو مغربی جرمنی کے اخبار ڈای ویٹر میں تفصیلی خبر شائع کی جس کے آخر میں یہ ذکر ہے کہ اسرائیل نے یہ سامان بحری راستے سے ایران کو پہنچایا نیز اسرائیل ایران کو سامان جنگ فراہم کرنے کا یہ سلسلہ جاری رکھے گا ایران اسرائیل معاہدے کی خبر جب دنیا بھر میں پھیل گئی تو ۲۱ جولائی ۱۹۸۱ء کو اسرائیل کے رسالے "معارف" نے لکھا ہے کہ ایرانی حکومت نے اسرائیل سے براہ راست پرزے اور مختلف ایجنسیوں کی وساطت سے مختلف قسم کا اسلحہ فراہم کرنے کی درخواست کی ہے۔ اور بڑی مقدار میں فاضل پرزے بھی منگوائے ہیں۔ آتش کدہ ایران

جناب والا یہی اسرائیل ہے جس پر
آپ کے روزنامے میں شامل مضمون میں مسٹر نقوی عالم اسلام پر ہونے والے مظالم کی داستان سنا کر آخر میں لکھتے ہیں کہ ان تمام کاروائیوں اور سازشوں کی پشت پر اسرائیل کا ہاتھ ہے تاکہ مسلمانوں کے وسائل سے وہ یہودی لابی کو پروان چڑھائیں ایران اور یہاں پاکستان میں مسٹر خمینی گے مداحوں کے جلوسوں اور جلسوں مظاہرون میں آئے روز مرگ بر امریکہ بر اسرائیل کے نعرے لگائے جاتے ہیں اور یوم القدس کے موقع پر بڑے بڑے پوسٹر چھپوا کر دیواروں پر آویزاں کیے جاتے ہیں اس پر ہم اس کے سوا اور کیا کہہ سکتے ہیں۔

ہیں کواکب کچھ اور نظر آتے ہیں کچھ
روس نے انقلاب برپا کرنے میں جس
طرح مسٹر خمینی کا ساتھ دیا وہ بھی کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں جب مسٹر خمینی شاہ کے فرار کے بعد ایران میں داخل ہوئے تو استقبالیہ ہجوم میں لینن اور ٹراٹسکی کی کتابیں کارکی تعلیمات کی گائیڈ بکس اور کیمونسٹ لیڈروں کی رنگا رنگ تصاویر پر تقسیم ہوئیں اور جب خمینی نے ایران کا انتظام سنبھالا تو ۱۹ نومبر ۱۹۷۹ء کو جناب بزژنیف کا یہ انتباہ نشر ہوا کہ اگر امریکہ نے ایران میں کوئی مداخلت کی تو روس اس کاروائی کو اپنی سلامتی سمجھے گا۔

مسٹر نقوی نے اپنے مضمون میں یہ
بھی لکھا ہے کہ "مسٹر خمینی نے ہمیشہ اتحاد کی ضرورت پر زور دیا ہے اس پر عرض یہ ہے کہ غالبا۔ اسی لئے اتحاد و اتفاق پر اک رسالہ بھی تحریر کیا ہے جس کا نام ہے اتحاد و یک جہتی" جس کے صفحہ ۸ پر تحریر کیا ہے دنیا میں جتنے بھی نبی آئے وہ سب عدل و مساوات کے قیام کے لئے آئے مگر وہ کامیاب نہ ہو سکے۔ اس میں جو شخصیت کامیاب ہو گی وہ ہمارے بارہویں امام کی ہے۔

جناب اعلی یہ کونسا اسلام ہے جس
میں تمان انبیاء کرام کو ناکام بتایا جا رہا ہے۔

مسٹر خمینی اور ان کے لٹریچر کے یہاں
پاکستان آنے اور صحابہ کے خلاف چھپنے والی غلیظ اور بیہودہ کتب اور خمینی کے شیعہ انقلاب کو ملک کے ۹۸ فیصد سنی عوام پر مسلط کرنے کی کوشش کے سدباب کیلئے مولانا حق نواز جھنگوی شہید نے سپاہ صحابہ قائم کی جو آج تک اسی جذبے اور ولولے کے ساتھ اپنے مشن پر کاربند ہے۔ آج جبکہ سپاہ صحابہ اور اس کے قائدین و کارکنوں پر حکمرانوں نے ظلم کی انتہا کر دی ہے اس کے کارکنوں اور قائدین کو بیگناہ گرفتار کر کے چوہنگ سنٹروں میں تشدد کے اذیت ناک مراحل سے گزارا جا چکا ہے۔ کارکنوں کو اس بات کے عوض رہائی کی پیش کشیں کیں گئیں کہ تم بیان دے دو کہ فلاں شخص کو ہم نے قتل کیا ہے اور ہمیں مولانا اعظم طارق نے اس بات کا حکم دیا تھا مگر آج ان تمام تر مظالم کے باوجود حکومت سپاہ صحابہ کے کاکنوں پر کوئی الزام ثابت نہیں کر سکی ہے۔

میں آخر میں آپ کو پھر یہ یقین دلاتا
ہوں کہ سپاہ صحابہ دہشت گرد تنظیم نہیں ہے۔ یہ

Scanned with Cam

سختی اور یہ شدت صرف دین کی وجہ سے ہے بھلا جو صحابہ سے اس قدر سختی سے پیش آتا ہے تو سپاہ صحابہ اس سے کیونکر نرمی کر سکتی ہے جبکہ حضور ﷺ کی حدیث میں تو صحابہ کے گستاخ کیلئے لعنت تک کے الفاظ منقول ہیں۔

جناب والا اگر ہم دہشت گرد ہوئے تو مولانا اعظم طارق کو اسمبلی میں کبھی نہ بھیجتے مولانا اعظم طارق صاحب صحابہ کی توہین پر مبنی لٹریچر اسمبلی میں پیش کر کے حکمرانوں اور عوامی منتخب نمائندوں کو دکھلا چکے ہیں مولانا ضیاء الرحمان فاروقی شہید میاں نواز شریف کے پہلے دور حکومت میں یہ لٹریچر انہیں دکھلا چکے ہیں۔ مولانا عبدالستار نیازی کی سربراہی میں فرقہ واریت کے خاتمہ کیلئے کی گئی سفارشات آج بھی وزیراعظم کی ٹیبل پر موجود ہیں۔

سپاہ صحابہ کے موجودہ قائد علامہ علی شیر حیدری صاحب سابق جسٹس سجاد علی شاہ کے سامنے چار گھنٹے تک گفتگو کر کے سپاہ صحابہ کا مؤقف پیش کر چکے ہیں۔ مولانا اعظم طارق اس مسئلے پر گفتگو کرنے کیلئے شدید زخمی حالت میں کرسی پر بیٹھ کر میزان پروگرام میں شرکت کیلئے پی ٹی وی اسٹیشن پہنچ گئے مگر شیعہ راہنما افتخار نقوی نے جب مولانا کے پہنچنے کی اطلاع سنی تو نہ آیا اور یہ کہا کہ مولانا اعظم طارق نے ہمارے بارہویں امام کی شان میں گستاخی کی ہے لہٰذا میں اس سے بات نہیں کرنا چاہتا۔ مولانا اعظم طارق نے کہا کہ آپ آکر اس مسئلے پر گفتگو کر لیں مگر اسے نہ آنا تھا نہ آیا۔ علامہ علی شیر حیدری صاحب موجودہ حکمرانوں کے سامنے شیعہ کو لاجواب کر چکے ہیں شیعہ نے پہلے تو کہا کہ ہم اس کمیٹی کا بائیکاٹ کرتے ہیں کیونکہ اس کے سربراہ ڈاکٹر اسرار احمد نے آج سے ۱۸ سال قبل اپنے بیٹے کی شادی محرم کے پہلے عشرے میں کی تھی۔ جب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب بھی مستعفی ہو گئے۔ تو ایک اجلاس میں شریک ہوئے مگر دلائل کا جواب نہ دے سکے تو اگلے روز بیان دیدیا کہ علماء کمیٹی کے اجلاس میں ہمیں گالیاں دی گئی ہیں۔ ان تمام ترہانوں کے باوجود آپ خود بتائیں کہ ہماری جماعت کیطرف سے امن و امان کے سلسلے میں اس سے بڑھ کر اور کیا کر سکتے ہیں جو نہیں کر رہے۔ آخر وہ کونسا جائز مسئلہ ہے جس میں ہم نے حکومت سے تعاون نہیں کیا پھر اس کے بدلے میں ہمیں کیا صلہ دیا گیا۔ آخر وہ کونسا ظلم ہے جو سپاہ صحابہ کے کارکنوں اور اس کے رہنماؤں پر ڈھا کر نہیں دیکھ لیا گیا۔ ٹارچر سیلون اور چوہنگ سینٹروں میں تشدد کے خوفناک مراحل اور قید وبند کا زلف محبوب کی طرح دراز ہوتا ہوا سلسلہ آئے روز ہمارے علماء کارکنوں کا قتل عام ایک ہزار کے لگ بھگ کارکنوں کی شہادتیں اور ان کے قاتلوں کی عدم گرفتاری یہ ہے صلہ ہماری وفاداری کا.....

اس صورتحال کے بعد اگر کچھ جذباتی کارکن ہمارے کنٹرول سے باہر ہو کر اپنا راستہ بدل لیں تو آخر اس میں سپاہ صحابہ کا یا اس کے قائدین کا کیا قصور ہے آخر میں میں آپ کو ایک مرتبہ پھر اس بات کی دعوت دیتا ہوں کہ اپنے ضمیر سے پوچھئے کہ کیا سپاہ صحابہ کی جدوجہد غلط نظریات پر مبنی ہے۔ کیا قرآن کو نامکمل کہنے والے لوگ صحابہ کرامؓ کو ماں بہن بیٹی کی گندی اور ننگی گالیاں دینے والا اور ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو معاذ اللہ انتہائی درجے کا جہنمی سمجھنے اور لکھنے والا طبقہ کیا مسلمان ہے؟

سپاہ صحابہ کے کارکنان رہائی کے حقدار ہونے کی وجہ سے آج تک کیوں جیلوں میں ہیں مولانا اعظم طارق دو سال سے زائد عرصہ جیل میں رہے۔ حالانکہ وہ ایم پی ہیں مگر دوسری طرف قائدین ۱۸'۱۸ قتل کے مقدمات ہونے کے باوجود آزاد ہیں۔ ۴ جون ۹۹ء کی اشاعت میں یہ خبر بھی آئی ہے کہ سپاہ محمد کراچی کا صدر حیدر رضا عرف حیدر سائیں ۵۶ افراد کا قاتل رہا ہو کر دوبئی فرار ہو گیا ہے جس نے کراچی میں سپاہ صحابہ کے ۲۰ افراد کو رمضان میں حالت اعتکاف میں شہید کیا طارق روڈ پر مسجد میں فائرنگ کر کے حرکتہ الانصار کے کیمپ پر فائرنگ کر کے ۱۳ نیو کراچی میں مسجد باب الاسلام پر فائرنگ کر کے ۱۱ افراد کو شہید کیا۔ ایسے لوگ ایران کی پشت پناہی کی وجہ سے نہ صرف رہا ہو جاتے ہیں بلکہ فرار بھی کرا دئیے جاتے ہیں۔ آخر جیلوں کے حقدار ہم ہیں آخر ظلم کی یہ سیاہ رات کب ختم ہو گی صحابہ کی عزت کی جنگ لڑنے والوں پر یہ تشدد آخر کب تک جاری رہے گا آپ جیسے صحافی آخر کب اپنے قلم کے تقدس کو بروئے کار لائیں گے۔ جس قلم کے تقدس کی قسمیں خود آپ نے کھائیں ہیں۔ خدارا ہم سے انصاف کریں اگر حکومت انصاف نہیں کرتی تو آپ اہل قلم ہی انصاف کریں خدا کیلئے ظلم تو نہ ڈھائیں۔ ظالم کو ظالم اور مظلوم کو مظلوم کہیں ورنہ یاد رکھیں اس دنیا کے آگے ایک دنیا اور بھی ہے اس عدالت کے علاوہ ایک عدالت اور بھی ہے ایک اور حساب لینے والا بھی ہے وہاں تمہارے قلم کے ایک ایک لفظ کا حساب لیا جائے گا۔ بے شک وہ ذات عزیز ذو انتقام ہے۔ اللہ حق کا ساتھ دینے والوں کا حامی ناصر ہو۔

والسلام

سپاہ صحابہ کا ایک ادنیٰ رضاکار حافظ ثناء اللہ صدیقی' ٹنڈو جان محمد تحصیل ڈگری ضلع میرپور خاص سندھ

بقیہ 10

○ چنیوٹ موڑ سے محلہ حق نواز شہید کا پندرہ منٹ کا سفر چار گھنٹوں میں طے ہوا۔

○ جب یہ قافلہ تالاب کمیٹی کی طرف سے ہوتا ہوا مسجد حق نواز شہید پہنچا تو مغرب کی اذان شروع ہو چکی تھی۔

○ مسجد حق نواز شہید پہنچ کر قائد محترم نے گاڑی کی چھت پر چڑھ کر تمام لوگوں کو ہاتھ ہلا کر سلام کیا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔

○ تمام گلیاں اور بازار لوگوں سے بھرے ہوئے تھے اور چھتوں پر خواتین اپنے قائد کی جھلک دیکھنے کو موجود تھیں۔ کئی بوڑھی عورتوں نے قائد محترم کی کمر پر ہاتھ پھیرا اور حفاظت کی دعا مانگی۔

○ مغرب کی نماز کے بعد یہ استقبالی جلوس جلسہ کی شکل اختیار کر گیا جس سے مرکزی قائدین مولانا عبدالغفور جھنگوی' مولانا عبدالخالق رحمانی' ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں نے خطاب کیا۔

○ شاعر انقلاب جناب اللہ نواز سرگانی نے اپنی مشہور نظم کب تک اے حکمرانو ظلم ہم پہ ڈھاؤ گے سنا کر لوگوں کو محظوظ کیا۔

○ آخر میں قائد محترم مولانا اعظم طارق نے تقریباً ایک گھنٹہ خطاب فرمایا۔

Scanned with Car

بنگلہ دیش میں علماء حق کی رہائی

مرسل۔ عبدالحمید عباسی

الحمدللہ آپ کو یہ سن کر یقیناً مسرت ہوگی کہ خدام القرآن ٹرسٹ کے سرپرست اعلیٰ حضرت مولانا احمد صادق ڈیسائی اور خدام القرآن کے چیئرمین مولانا محمد ساجد عثمان صاحب جیل سے رہا ہوگئے ہیں۔ ٹرسٹ کے مذکورہ مرکزی رہنماؤں کو دیگر تین ساتھیوں کے ہمراہ بنگلا دیش پولیس نے 24 جنوری 1999 کو رات اڑھائی بجے اس وقت گرفتار کرلیا تھا جب آپ ڈھاکہ میں موجود خدام القرآن کے آفس میں آرام فرمارہے تھے۔ پچاس سے زائد گاڑیوں پر مشتمل اڑھائی سے لگ بھگ پولیس نفری نے دفتر کا محاصرہ کرکے گرفتار کیا اور دونوں مرکزی افراد کو ایک ہی ہتھکڑی لگاکر نامعلوم مقام پر منتقل کردیا گیا۔ ریاستی دہشت گردی کا مظاہر کرتے ہوئے پولیس نے گرفتاری کے سلسلہ میں وارنٹ دکھائے اور نہ ہی اس اچانک شب خون کی وجوہات بیان کرنے کی ضرورت محسوس کی۔ سی آئی ڈی پولیس نے ایک ہفتہ تک غیرقانونی حراست میں رکھا اور اس دوران مسلسل ذہنی ٹارچر کیا جاتا رہا۔ ملکی و غیر ملکی مختلف ایجنسیاں آپ سے تحقیقات کرتی رہیں۔ اسی دوران خدام القرآن کے دفتر سے تمام سامان بھی پولیس اٹھاکر لے گئی۔ جس میں خدام القرآن ٹرسٹ کے زیر اہتمام بنگلا دیش میں چلنے والے 500 کے قریب دینی مدارس کا مکمل ریکارڈ تھا۔ اسی سامان میں ٹرسٹ کے قائدین کے پاسپورٹ، ٹکٹس اور دوسری سرٹی دستاویزات بھی تھیں۔ ایک ہفتہ کی غیر قانونی حراست کے بعد پولیس نے آپ کو عدالت میں پیش کرکے باقاعدہ ریمانڈ حاصل کیا جو 21 دن تک جاری رہا۔ اس دوران بھی مختلف طریقوں سے تفتیش جاری رہی۔ (دوران ریمانڈ آپ پر جو الزامات لگائے گئے وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ اسامہ بن لادن کے ساتھی ہیں۔
2۔ خدام القرآن کے تحت چلنے والے 500 کے قریب دینی مدارس اسامہ کی امداد سے چل رہے ہیں۔
3۔ 500 کے قریب دینی مدارس حقیقت میں ٹریننگ سنٹر ہیں۔ ان میں باقاعدہ عسکری تربیت دی جاتی ہے۔
4۔ خدام القرآن کا مقصد ایسٹ انڈیا کمپنی کی طرز پر انقلاب برپاکرکے بنگلہ دیش کو دوبارہ پاکستان کا حصہ بنانا ہے۔
5۔ حرکت الجہاد الاسلامی سے تعلق ہے اور یہاں مذکورہ جماعت کو مالی سپورٹ کررہے ہیں۔
6۔ طالبان سے تعلق ہے اور یہاں جو کام ہورہا ہے یہ طالبان کا راستہ ہموار کرنے کے لئے ہے۔
7۔ آزاد خیال شاعر شمس الرحمان پر قاتلانہ حملہ میں ملوث ہیں۔
8۔ اسامہ بن لادن سے متعلقہ لکھی گئی ایک کتاب کو مالی سپورٹ کی ہے۔
9۔ دیگر مقامی بنگالیوں کے ساتھ مل کر 12 افراد نے بغاوت کی کوشش کی ہے۔

پولیس نے آپ حضرات کو خطرناک مجرم قرار دیا ہے اور دوران ریمانڈ آپ کو کسی قسم کے رابطہ کی اجازت نہ دی گئی۔ اگرچہ ریمانڈ کے بعد سی آئی ڈی پولیس کی تفتیشی ٹیم جس کا سربراہ نام زمانہ پولیس افسر عبدالقہار خوند تھا' جس نے مجیب الرحمان کو قتل کیس کی بھی تحقیقات کیں۔ ریمانڈ ختم ہونے کے بعد عدالت سے جیل بھیج دیا چونکہ پولیس عدالت میں کوئی مضبوط کیس پیش نہ کر سکی اسے خطرہ تھا کہ ضمانت منظور ہو جائے گی۔ اس لئے حکومت نے 16 یم پی او کے تحت آپ کو جیل میں ہی نظر بند کردیا۔ اسی دوران آپ کی ضمانت بھی منظور ہوگئی لیکن نظر بندی کی وجہ سے وہ غیر مئوثر ہو کر رہ گئی۔ خدام القرآن نے نظربند کو بھی' ہائی کورٹ میں چیلنج کیا اور ہائی کورٹ نے اسے غیر قانونی قرار دیتے ہوئے نظربندی کے فوری خاتمہ کا حکم دیا۔ لیکن حکومت جس کی طرف سے اٹارنی جنرل 11 وکلاء اس کیس کی پیروی کررہے تھے نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کردی۔ اور 15 دن کا سٹے لے لیا۔ لیکن حکومت سپریم کورٹ میں بھی کوئی جواز پیش نہ کرسکی اور سپریم کورٹ کے فیصلہ کی توثیق کردی۔ لیکن اسی دوران حکومت نے آپ کے خلاف بغاوت کا ایک اور مقدمہ قائم کردیا۔ چنانچہ نظربندی ختم ہونے کے باوجود آپ پھر جیل سے باہر نہ آسکے۔ نظربندی کے دوران آپ کو کسی سے ملنے کی اجازت دی گئی اور نہ کوئی رابطہ کرنے دیا۔ حتیٰ کہ آپ کو اپنے وکیل سے ملنے کی اجازت بھی نہیں دی گئی لیکن اس دوران بنگلا دیش حکومت کے اس اقدام کی مسلسل مذمت کی جاتی رہی۔ بڑے بڑے احتجاجی جلوس اور ریلیاں نکالی گئیں' جلسے اور کانفرنسیں منعقد ہوئیں اور زندگی کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے مختلف ذرائع سے حکومت پر دباؤ ڈالا۔ اسی دوران وہاں کے وزیر قانون نے ساؤتھ افریقہ کا دورہ کیا اس دروان وہاں کے علماء نے بھی حکومت کی شدید مزمت کی اور علماء کرام کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا۔ ساؤتھ افریقہ آف گورنمنٹ نے بھی اپنے شہری ہونے کے حوالہ سے سرپرست اعلیٰ کا بھرپور ساتھ دیا۔ چنانچہ 4 جون کو مولانا صادق ڈیسائی اور 14 جون کو مولانا محمد ساجد عثمان اور دیگر ساتھیوں کو ضمانت پر رہاکردیا گیا۔ ان حضرات کو باقی تمام کیسوں میں بری کردیا گیا اور صرف دو کیسوں میں آپ کی ضمانت ہوئی۔ تاہم ان حضرات کے پاسپورٹ وغیرہ ابھی تک ضبط ہیں اور جب تک کیس ختم نہ ہو جائے بظاہر ان کے لئے سفر کرنا مشکل ہے۔ تاہم خدام القرآن کے چیئرمین مولانا ساجد عثمان نے رہائی کے فوراً بعد بنگلہ دیش کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے ادارہ کے تحت چلنے والے تمام مدارس کے اساتذہ اور متعلقین کا بھرپور اجلاس بلایا اور اپنے اس عزم کا اعادہ کیا کہ خدام القرآن نے دینی مدارس قائم کرنے کا جو سلسلہ شروع کررکھا ہے یہ نہ صرف قائم

بقیہ صفحہ 40 نمبر 12

سپاہ صحابہ و سپاہ صحابہ سٹوڈنٹس کے کارکنان وعہدیداران کے نام

کھلا خط

تحریر۔ ملک آفتاب احمد معاویہ لاہور

